روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینۂ روحانیات

ماھنامہ

خزینۂ روحانیات

لاھور

June'2020
جلد نمبر 11
Rs.60
شمارہ نمبر 2

دعوت سورۂ مزمل

اعداد متحابہ کا جفری عمل

فتوحات کے حصول کیلئے

تسخیرات عملیات کی روحانی دنیا

سورج اور چاند گرہن کے عملیات

تسخیر مہربان کرنے کے قرآنی اعمال

بغیر زکوٰۃ والے حاضرات کے اعمال

کینسر کے خطرات کم کرنے والی غذائیں

حزب حضرۃ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ فی ابطال السحر

مولانا رشید احمد گنگوہی قدس سرہ العزیز کے عملیات

darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyat khazina.ruhaniyaat khazinaruhanyat

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے 10 سال مکمل ہونے کی خوشی میں العارفی عطورات کی جانب سے خصوصی سیل آفر

بزردست آفر

عربی، انڈین اور فرینچ عطریات پر 50% تک رعایت حاصل کریں۔

عطر	ML	قیمت	عطر	ML	قیمت	عطر	ML	قیمت	عطر	ML	قیمت
تحفۃ العروس	3	220	عطر ہساسی	12	190	موتیا انڈین	12	1000	اٹرنٹی (مین)	12	430
گلشن	3	165	دھن العود عجمی	12	800	غلاف کعبہ	12	510	ڈیزائر بلو	12	310
مخلط رئیسی	3	300	باس باٹل	12	320	گوچی فلورا	12	190	صندل روز	12	320
دربار	3	190	حجر اسود	12	570	اگروڈ	12	490	سگار	12	180
احلام العرب	3	300	عود	12	520	چنبیلی	12	250	موتیا	12	300
الروضہ	8	90	روز طائفی	12	350	دھن العود ملکی	12	1400	بسمہ	20	300
مسک مکہ	8	90	عود	12	1050	امیل سوپر	12	155	احسان عود	30	375
وینیٹاس ورساچے	12	155	ریڈ روز	12	600	ٹامی ہلفگر	12	140	المہلب	35	150

بزردست آفر

عربی، انڈین اور فرینچ عطریات پر 60% تک رعایت حاصل کریں۔

بنڈل آفرز 1

عطر (6ml) پر
40% رعایت

1. عمبر سوپر
2. انشراح
3. عطر توک
4. باب عبدالعزیز
5. الخلیج
6. الہدیٰ

قیمت: 800 روپے
رعائتی قیمت: 480 روپے

بنڈل آفرز 2

عطر (سوئس عربین کمپنی، 6ml) پر
60% رعایت

1. احلام
2. گولڈی
3. بخور العرائس

قیمت: 750 روپے
رعائتی قیمت: 300 روپے

بنڈل آفرز 3

عطر (الخلیج کمپنی، 6ml) پر
60% رعایت

1. درھم
2. سلور 24
3. رشیکا
4. روح العود
5. روز عربیا

قیمت: 1250 روپے
رعائتی قیمت: 500 روپے

بنڈل آفرز 4

عطر (سوئس عربین کمپنی، 9ml) پر
60% رعایت

1. جنت النعیم
2. یاسمین اصلی
3. جنت الفردوس

قیمت: 1755 روپے
رعائتی قیمت: 700 روپے

روحانی دکان دارالعمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0346-4312272
042-35410586
0320 0334 4312272
ruhanishop
ruhani.shop
ruhani-shop

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور

جلد 11 شوال المکرم ۱۴۴۱ھ / جون 2020ء شمارہ 2
ذیقعد

مدیر اعلیٰ
خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر مولانا حافظ علی آفاق

معاون مدیر حکیم سلیم اللہ ظفر

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazina.ruhaniyaat
khazinaruhanyat
khazinaeruhaniyaat

سرکولیشن 0322-4773786, 042-35410586

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (جویلی لکھا)
- قیصر احمد صاحب (بی اے) (کراچی)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- ابو انس (لاہور)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)
- محمد علیم صاحب (لاہور)

قیمت 60 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 800 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1200 روپے
سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1250 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1500 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2000 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Email/Whatsapp: 700 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 30/31 تاریخ کو رسالہ Email/Whatsapp کیا جائے گا

مشیر قانونی چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1. **منی آرڈر:** 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔
2. **شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی:** easypaisa JazzCash (موبی لنک)۔ (ٹیلی نار) کے ذریعہ شناختی کارڈ نمبر 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں۔
3. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

easypaisa 0343-7772772

JazzCash 0302-8401977

4. **بینک اکاؤنٹس:** میزان بینک میں خزینہ روحانیات کی رقم جمع کروانے کیلئے اکاؤنٹ نمبر 1 میں اور دارالعمل کے باقی تمام شعبوں کیلئے اکاؤنٹ نمبر 2 میں رقم جمع کروائیں۔

1. بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736۔
2. بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد 0343-7772772 پر SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ مزید تفصیلات darulamal.org/Payment

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)
پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

جون 2020ء
شوال المکرّم ذیقعد ۱۴۴۱ھ

علامہ ارشد حسن ثاقبؒ۔ایک عہد ساز شخصیت (مولانا محمود الحسن)	5
درسِ قرآن (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر مدظلہٗ)	6
اپنی اولاد کو اہل بیت کا ادب سکھاؤ (مولانا سلیم اللہ ظفر)	7
خدا جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے (مرسلہ: ذیبی رانا)	8
جنت میں لے جانے والے بعض اعمال صالحہ (شیخ ارشد بشیر)	9
اسمائے حسنیٰ سے روحانی وجسمانی علاج (عزیر احمد مفتاحی قاسمی)	11
تسخیر ومہربان کرنے کے قرآنی اعمال (اراکین روحانی درس گاہ)	12
حرف الف سے ختم ہونے والے درود شریف (خالد مقبول)	13
مولانا الحاج حافظ رشید احمد گنگوہی قدس سرہ العزیز کے عملیات	15
حزب حضرۃ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ فی ابطال السحر (عمران اعظم)	16
ردِّ سحر کے لئے عظیم عمل (عبدالرؤف بلوچ، کوئٹہ)	16
ہانڈی کا خاص عمل (مولانا علی آفاق)	17
سات سلام چہل کاف سے فیض یافتہ افراد کے واقعات	18
حفاظت کی دُعائیں (مرتب: محمد حنیف بن عبدالمجید)	19
دعوت سورۂ مزمل (حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ)	21
بغیر زکوٰۃ والے حاضرات کے اعمال (قیصر احمد، کراچی)	22
کینسر کا روحانی علاج (مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ)	23
اولادِ نرینہ کے حصول کے مجرب اعمال (اراکین روحانی درس گاہ)	24
فتوحات کے حصول کیلئے (مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ)	25
سورج اور چاند گرہن کے عملیات (سید انور فراز، کراچی)	26
سورج گرہن میں بندش کے توڑ کا عمل (حافظ مسعود الرحمن مجددی)	28
خواب کی شرعی حیثیت (مفتی محمد صاحب مدظلہٗ)	29
مشکلات سے نجات کے روحانی اعمال (مرتب: محمد علیم)	31
نظراتِ سیارگان کے اعمال (ادارہ)	36
سورج گرہن کے مجربات (ابوضیاء الرحمن حنفی غفرلہٗ)	37
سورج گرھن کے عملیات (سعد الرحمن)	38
سورج گرھن کے خاص اعمال (اراکین روحانی درس گاہ)	41
شرفِ قمر کے اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	42
اعداد متحابہ کا جفری عمل (پیر غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ)	43
یارحمٰن (پروفیسر حکیم عبدالرؤف نظامی)	47
تسخیرات عملیات کی روحانی دنیا (حکیم محمد نعیم الحسن، مانگا منڈی)	48
زندگی میں مثبت تبدیلی لائیں (سید عرفان احمد، کراچی)	49
خوشگوار زندگی کے بارہ اصول	51
اعصابی کمزوری کی وجوہات اور اس کا علاج (مولانا حکیم سلیم اللہ)	53
علاج المریض (حضرت مولانا حکیم امان اللہ صاحبؒ)	54
گھریلو علاج/آسان گھریلو علاج	55
تربوز کے بے مثال اور بے شمار فوائد (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	57
توری کے بے مثال اور بے شمار فوائد (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	57
کینسر کے خطرات کم کرنے والی غذائیں	58
آپ کی بیماریوں کا ہومیو علاج (ہومیو ڈاکٹر مولانا علی آفاق)	59
آدابِ زندگی.....بچوں کے لیے (علی مرتضیٰ طاہر)	60
عورت (مولانا مفتی شکیل احمد نقشبندی، ظفروال)	61

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبرشپ جولائی 2020 سے اپریل 2021 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم عام ڈاک سے 680 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 1020 روپے اور بذریعہ TCS بھی کی جاتی ہے۔جس کی تفصیل صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں۔

جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر یا واٹس ایپ کی فیس جمع کروائیں۔

رابطہ 0322-4773786

darulamal.org/aboutus.htm

حمد

اے خداوند جہاں! خالق لیل و نہار
ہو نہیں سکتی تری حمد و ثناء ہے بے شمار

تو دو عالم کا حقیقی مالک و مختار ہے
ذرے ذرے پر ہے چلتا تیرا حکم و اقتدار

تو نے بخشی ہے فلک کے چاند تاروں کو چمک
تیری قدرت سے گل و غنچہ پہ آتا ہے نکھار

رحمت عالم کے دامانِ کرم کا واسطہ
بخش دے میرے گناہوں کو بہت ہوں شرمسار

کھول دے میری دعاؤں کیلئے بابِ قبول
التجا کرتا ہوں اے مالک بچشمِ اشکبار

(قیصر احمد بی اے، کراچی)

نہ آسمان کو یوں سرکشیدہ ہونا تھا

نہ آسمان کو یوں سرکشیدہ ہونا تھا
حضورِ خاکِ مدینہ خمیدہ ہونا تھا

اگر گلوں کو خزاں رسیدہ ہونا تھا
کنارِ خارِ مدینہ دمیدہ ہونا تھا

حضور ان کے خلاف ادب تھی بیتابی
مری امید تجھے آرمیدہ ہونا تھا

نظارہ خاکِ مدینہ کا اور تیری آنکھ
نہ اس قدر بھی قمر شوخ دیدہ ہونا تھا

کنارِ خاک مدینہ میں راحتیں ملتیں
دلِ حزیں تجھے اشک چیدہ ہونا تھا

پناہ دامنِ دشتِ حرم میں چین آتا
نہ صبر دل کو غزال رمیدہ ہونا تھا

یہ کیسے کھلتا کہ ان کے سوا شفیع نہیں
عبث نہ اوروں کے آگے تپیدہ ہونا تھا

ہلال کیسے نہ بنتا کہ ماہِ کامل کو
سلام ابروئے شہ میں خمیدہ ہونا تھا

نسیم کیوں نہ شمیم ان کی طیبہ سے لاتی
کہ صبح گل کو گریباں دریدہ ہونا تھا

ٹپکتا رنگِ جنوں عشق شہ میں ہر گل سے
رگ بہار کو نشتر رسیدہ ہونا تھا

بجا تھا عرش پہ خاکِ مزارِ پاک کو ناز
کہ تجھ سا عرش نشیں آفریدہ ہونا تھا

مرے کریم گنہ زہر ہے مگر آخر
کوئی تو شہد شفاعت چشیدہ ہونا تھا

تری قبا کے نہ کیوں نیچے نیچے دامن ہوں
کہ خاکساروں سے یاں کب کشیدہ ہونا تھا

رضا جو دل کو بنانا ہے جلوہ گاہِ حبیب
تو پیارے قید خودی سے رہیدہ ہونا تھا

(رضا احمد رضا خان)

بقیہ (ص 7): اپنی اولاد کو اہل بیت کا ادب سکھاؤ

ابن قیمؒ اہل بیت عظام کے بارے میں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد فقط اہل بیت عظام کا ہی یہ حق ہے کہ ان پر درود بھیجا جائے اور اس بات پر ساری امت متفق ہے۔ کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔ ایک مقام پر جناب رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو مخاطب کر کے 3 بار یہ ارشاد فرمایا میرے اہل بیت کے بارے میں تمہیں میں اللہ سے ڈراتا ہوں، یعنی اپنے قول و فعل سے ان کو تکلیف نہ پہنچانا، ان کے بارے میں کوئی غلط بات نہ کرنا، اللہ پاک ہم سب کو اہل بیت عظام کی سچی محبت، سچی عقیدت، سچا ادب، سچا احترام نصیب فرمائے۔ اللہ پاک ان پر اپنی اربوں کھربوں رحمتوں کا نزول فرمائے۔ اللہ پاک ان کے صدقے سے ہماری دنیا و آخرت کی تمام مشکلات آسان فرمائے۔ آمین ثم آمین بحرمت نبی الکریم ﷺ

Darulamal Chishtia, Lahore Pakistan
ماہنامہ خزینۂ روحانیات
darulamal.org/magazines/rahi
Whatsapp +92-322-4778786
facebook.com/darulamalchishtia

ایک عہد ساز شخصیت

علامہ ارشد حسن ثاقب رحمۃ اللہ علیہ

مولانا محمود الحسن نقشبندی اویسی (راولپنڈی)

لو کانت الدنیا تدوم لواحد لکان مُحَمَّدٌ ﷺ فیہا مخلدا

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ۔ عالم باعمل فخر العلماء محبوب العلماء فخر القراء حضرت اقدس علامہ مولانا محمد ارشد حسن ثاقب صاحبؒ ایک عہد ساز شخصیت تھے، جنہوں نے زندگی کے ہر دور میں اپنی شخصیت وقابلیت کا لوہا منوایا۔ بچپن کا دور جو عموماً قابل ذکر ہی نہیں ہوتا۔ علامہ صاحبؒ نے اُس دور میں حفظ قرآن کے ساتھ ساتھ سرزمینِ شیخ القرآن ضلع راولپنڈی میں اپنی خوش آوازی ولحنِ داودی سے ایک دھاک بٹھالی تھی۔ میٹرک کے بعد جب تعلیم کا آغاز کیا تو چند ماہ کے اندر آپ علیہ الرحمہ نے صرف ونحو اور لغۃ العربیہ میں وہ مقام حاصل کرلیا تھا کہ درجہ ثالثہ میں اپنے اساتذہ کے درمیان عرب وفود کی ترجمانی کا اعزاز حاصل کیا۔ جامعہ ازہر کا مدرس ہو یا امام کعبہ یا پھر عرب کا سفیر ہو ہر ایک کو سرزمین پاکستان پر اگر کسی سے سروکار ہوتا تو وہ شخصیت بھی علامہ صاحبؒ کی تھی کہ عرب عجم میں آکر بھی عرب جیسا محسوس کرتے تھے۔ جامعہ اشرفیہ لاہور میں ساٹھ سالہ فضلاء کی تقریب میں حضرت علامہ صاحبؒ نے تو عربی فصاحت و بلاغت کے جب پھول برسائے اور موتی پروئے تو مہمانانِ عرب بشمول امام کعبہ اور سفیر مکہ نے تین بار بُلا کر اس بات کا اعتراف کیا کہ اتنی فصیح وبلیغ۔ روان۔ شستہ اور فی البدیہہ عربی کی ہم کسی پاکستانی سے توقع نہیں رکھتے تھے۔ جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے۔ علامہؒ کی تلاوت اور عربی ذوق کے مداحوں میں جہاں جامعہ کے تمام اساتذہ تھے وہاں ایک عظیم نام شیخ البلاد شیخ محمد موسیٰ روحانی البازیؒ کا ہے۔ ایک موقع پر حضرت شیخ روحانی البازیؒ نے ڈیرہ اسماعیل خان سے آئے مہمانوں کے سامنے علامہؒ کا تعارف کرایا کہ بھائی یہ ہمارے بڑے چہیتے شاگرد ہیں۔ ہمیں ان کی تلاوت بہت پسند ہے، جب یہ نماز پڑھاتے ہیں تو ہم ان کے پیچھے کھڑے روتے ہیں پھر حضرت شیخ نے اس کا تذکرہ کئی سال تک دورہ حدیث کی کلاس میں بھی کیا۔ حضرت علامہ صاحبؒ نے اپنی اعلیٰ صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے جامعہ حسن الاسلامیہ۔ ثاقب ٹرانسلیشن سنٹر۔ اقراء دار اطفال جیسے اداروں کی بنیادیں رکھیں جنہوں نے ملک بھر میں اپنے نام اور کام کا لوہا منوایا، علاوہ ازیں عاملین کرام کی جماعت ہو یا عربی ادب کی جماعت، صرف ونحو کی جماعت ہو یا تراجم و تصانیف کا کام، ہر ایک جماعت اور کام میں حضرت علامہ صاحبؒ اپنی ایک منفرد حیثیت وشخصیت کے مالک تھے۔

جماعت العاملین میں آپ کے خدمات کی ایک مکمل داستان ہے جس میں کتاب الوظائف اور اس جیسی کئی اور کتب ہیں۔ حضرتؒ کو اللہ رب العلمین نے بے بہا خوبیوں سے نوازا تھا۔ اگر کسی شخص نے زندگی میں ایک ہی ملاقات کی اور حضرت والا کو الشفاء چینل پر سنا تو وہ ضرور متاثر ہوا۔ حضرت والاؒ کی کن کن خصوصیات وکمالات کا ذکر کیا جائے۔۔ حضرت والاؒ کی بے شمار خوبیوں میں ایک ایسی خوبی جس سے بندہ فقیر بہت زیادہ متاثر ہوا، وہ اللہ رب العالمین کی ذات اقدس پر کامل اعتماد وتوکل تھا۔ آپؒ کا الشفاء چینل پر اپنی ویڈیوز ریکارڈ کروا دینا رہتی دنیا تک کیلئے عام دعوتِ دین ہے۔ آج بھی ویڈیوز سے حضرت علامہ صاحبؒ کی گفتگو سماعت کی جائے تو ایمان تازہ ہوجاتا ہے۔ بندۂ فقیر کو براہِ راست ایک ہی زیارت و ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ یہ تقریباً سال 2013 کے آخر کی بات ہے، اس کے بعد بالمشافہ ملاقات تو نہ ہوسکی لیکن حضرت والاؒ کی علمی اور پرنور شخصیت کا دل ودماغ پر ایسا اثر رہ گیا کہ جب بھی، جہاں بھی کسی حوالہ سے حضرت والاؒ کا تذکرہ ہوا دل ودماغ عقیدت واحترام سے جُھک گیا۔ بہرحال حضرت والاؒ کی علمی اور تحقیقی کاوش جو کتابی شکل میں ہمارے پاس موجود ہے جو کہ حضرت والاؒ کیلئے صدقہ جاریہ اور شائقینِ علم وادب کیلئے پیاس بجھانے کا بہترین ذریعہ بھی ہے۔ اللہ کریم اپنے کرم وفضل سے حضرت اقدس علامہ ارشد حسن ثاقبؒ کی کامل ومکمل بخشش ومغفرت فرمائے اور اپنی جوار رحمت و جنت الفردوس کے بالاخانوں میں جگہ عطا فرمائے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آہ پیکرِ علم وفضل مرکزِ عملیاتِ حسن ثاقب چل بسا اور جہاں رو رہا ہے۔

درسِ قرآن

حضرت مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر مدظلہ
(ناظم روحانی درس گاہ، نائب ناظم روحانی علاج گاہ، معاون مدیر خزینہ روحانیات)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾

(سورۃ الاعراف آیت نمبر ۱۰۹ تا ۱۱۲)

صدق اللہ العظیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

محترم قارئین خزینہ روحانیات! گزشتہ درس قرآن میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے دور میں جادو کا عروج، شیاطین کا انسانوں کو جادو سکھانے، جادو اور معجزات کو ایک ہی چیز بتلانے، نبی اور جادوگر کا امتیاز ختم کرنے، اللہ پاک کا آسمانوں سے 2 فرشتوں کو بھیجنے، فرشتوں کا آکر لوگوں کو جادو سے بچنے اور جادو کی تفصیلات بتلانے، نبی کی عظمت اور جادوگروں کی ذلت، معجزات کی فضیلت اور جادو کی مذمت بیان کرنے، لوگوں کا بجائے نصیحت پکڑنے کے اُلٹا پوچھ پوچھ کر زوجین میں تفریق وعداوت پیدا کرنے اور جادوگروں کی آخرت میں ذلت ورسوائی کو بیان کیا گیا تھا۔ آج کی ان آیات مبارکہ جن کا تعلق سورۃ الاعراف پارہ نمبر ۹ سے ہے۔ ان آیات میں حضرت موسیٰ علیہ السلام، فرعون ملعون، قوم فرعون کے چند سرداروں، ان سرداروں کی غلط بیانی، فرعون اور قوم فرعون کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خلاف ابھارنا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نعوذ باللہ جادوگر کہنا اور جادوگر سمجھنا اور ان کے مقابلے میں بڑے بڑے جادوگروں کو بلانا بیان کیا گیا ہے۔ دراصل جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کو اللہ پاک کی ذات پر ایمان لانے کی دعوت دی اور اس کو بتلایا کہ میں کائنات کے مالک کی طرف سے تیرے پاس اور بنی اسرائیل کی طرف کھلی نشانیاں لے کر آیا ہوں۔ تو اس کے جواب میں فرعون نے کہا کہ اگر تم سچے ہو تو اپنے سچے ہونے کی نشانیاں ہمیں دکھاؤ تو فرعون کے اس کہنے پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصاء مبارک فرعون کے سامنے زمین پر پھینکا تو اس عصاء نے ایک دم ایک بہت بڑے اژدھے کی شکل اختیار کر لی۔ دوسری نشانی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پیش فرمائی کہ جب انہوں نے اپنا ہاتھ مبارک ان کے سامنے کیا تو ہاتھ مبارک سے بہت زیادہ روشنی، چمک اور نورانیت نے ان کی آنکھوں کو چندھیا دیا۔ ان دونوں معجزات کو دیکھ کر چاہیے تو یہ تھا کہ وہ آپ کی بات مانتے۔ آپ کی دعوت پر لبیک کہتے۔ لیکن انہوں نے یعنی ان وزیروں، مشیروں اور سرداروں نے فرعون سے یہ کہا کہ نعوذ باللہ (موسیٰ علیہ السلام کے متعلق کہ) یہ تو بہت ماہر جادوگر معلوم ہوتا ہے۔ یعنی نبی کو جادوگر اور ان کے معجزات کو جادو کر دیا۔ اور ساتھ ساتھ یہ بھی کہہ دیا کہ یہ تو جادو کے زور سے تمہیں تمہارے علاقے اور تمہاری زمینوں سے نکالنا چاہتا ہے۔ یہ وہ الزام تھا جو ہر دور کے جابروں نے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر لگایا۔ اور لوگوں کو مخالف اکسایا کہ یہ ملک تمہارا، یہ علاقہ تمہارا، یہاں کی حکمرانی تمہاری، تم ان کی باتوں میں نہ آنا یہ تو بس اپنا تسلط چاہتے ہیں۔ مشرکین مکہ نے بھی حضور پاک ﷺ کو نعوذ باللہ ساحر کہا۔ شق القمر کا معجزہ دیکھا تو جادو اور جادوگر کا الزام لگایا۔

قارئین کرام! حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب اپنے دونوں معجزات دکھائے تو انہوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ اب کیا کرنا چاہیے تو انہوں نے کہا کہ موسیٰ علیہ السلام اور ان کے بھائی ہارون علیہ السلام کو کچھ مہلت دو۔ اس معاملے میں جلدی نہ کرو۔ ان کو مہلت دے کر تم مختلف شہروں سے بڑے بڑے جادوگر بلاؤ۔ اور پھر ان کے ساتھ کچھ کرتے ہیں۔ آج کل کے دور میں جیسے سائنس اور ٹیکنالوجی کو بڑا عروج حاصل ہے۔ پرانے زمانوں میں نجومیوں اور جادوگروں کی بڑی قدر ومنزلت تھی۔ جس طرح آج مختلف کاموں میں فنی ماہرین کے مشورے کے بغیر حکومت کوئی کام نہیں کرتی۔ اسی طرح پہلے دور کے بادشاہ اور حکمران جادوگروں اور نجومیوں کے مشورے اور رائے کے بغیر کوئی بھی کام نہیں کیا کرتے تھے۔ چنانچہ فرعون کے دربار میں موسیٰ علیہ السلام کا معاملہ زیر بحث آیا تو سب نے یہی مشورہ دیا کہ ہمارے ملک میں بڑے بڑے قابل جادوگر موجود ہیں۔ انہیں اکٹھا کر کے ان کی خدمت سے استفادہ کرنا چاہیے۔ چنانچہ حکومت کے کارندے مختلف شہروں میں بھیجے گئے اور جادوگروں کو شاہی دعوت نامہ پہنچایا گیا۔

darulamal.org/free_services

اپنی اولاد کو اہل بیت کا ادب سکھاؤ

مولانا سلیم اللہ ظفر (معاون مدیر خزینۂ روحانیات)

اہل بیت عظام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے سچی محبت کرنا ہر اہل ایمان پر فرض ہے۔ اور ان عظیم ہستیوں سے نفرت و بغض رکھنا حرام ہے۔ اہل بیت عظام کی تکریم و تعظیم حقیقت میں جناب رسول اللہ ﷺ کی تعظیم و تکریم ہے۔ اہل بیت عظام کا ادب و احترام جناب رسول اللہ ﷺ کا ادب و احترام ہے۔ اہل بیت عظام سے عقیدت دراصل جناب رسول اللہ ﷺ سے عقیدت ہے۔ اس لیے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ اپنی اولاد کو ہر حالت میں 3 چیزیں لازمی سکھاؤ۔ (۱) حب نبیکم اپنی اولاد کو اپنے نبی کی محبت سکھاؤ۔ (۲) حب اھل بیتہ اپنی اولاد کو اپنے نبی ﷺ کے اہل بیت کی محبت سکھاؤ۔ (۳) وقرأۃ القرآن اپنی اولاد کو قرآن کریم پڑھنا سکھائیں۔ ہر مسلمان کے ذمہ یہ تین باتیں لازمی ہیں۔ اپنی اولاد کو کچھ اور سکھائیں یا نہ سکھائیں، ان کو یہ تینوں باتیں ضرور سکھائیں۔ اس لیے کہ ان تین باتوں کے سکھانے اور تعلیم دینے کا حکم جناب رسول اللہ ﷺ نے دیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا ہر امتی عاشق ہے۔ آج یہ پکا عزم اور ارادہ کرلے کہ میں اپنے بچوں کے دلوں میں جناب رسول اللہ ﷺ کی محبت اور آپ ﷺ کے اہل بیت عظامؓ کی محبت کی محنت آج سے ہی شروع کروں گا۔ محبت پیدا کرنے کا سب سے اہم طریقہ ان کے سامنے بار بار اور کثرت سے ذکر رسول اللہ ﷺ و ذکر اہل بیت عظام کرنا۔ ان کے سامنے ان ہستیوں کی باتیں کرنا، ان ہستیوں کے واقعات سنانا، ان ہستیوں کے فضائل و مناقب بیان کرنا، ان ہستیوں کے واقعات پر مبنی کتاب لاکر دینا، ان ہستیوں کی یاد میں منعقدہ محافل و مجالس میں جانا اور محفل منعقد کرنا ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو اہل بیت عظام سے سچی محبت نصیب فرمائے۔ آمین۔ اہل بیت عظام کی محبت کے بارے میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ فرمایا کرتے تھے، واللہ! اہل بیت عظام کی محبت اور احترام ہمارے لیے اسی طرح لازم اور ضروری ہے کہ جس طرح جناب رسول اللہ ﷺ کا احترام اور آپ ﷺ سے محبت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کیا کرتے تھے۔ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اہل بیت عظام کی محبت میں فرماتے ہیں کہ اے اہل بیت عظام! آپ سے محبت رکھنا اللہ پاک کی طرف سے ہم پر فرض ہے۔ یہ حکم اللہ پاک نے قرآن کریم میں نازل فرمایا ہے۔ اے اہل بیت عظام! آپ کے عظیم المرتبت ہونے کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ جب تک کوئی نمازی آپ پر درود نہ پڑھے اس کی نماز مکمل نہیں ہوتی نیز یہ بھی فرماتے تھے کہ اگر آل محمد ﷺ سے محبت کرنا ہی میرا گناہ ہے۔ تو یہ میرا ایسا گناہ ہے کہ جس سے میں توبہ نہیں کرسکتا ہے۔ امام مالک رحمۃ اللہ اہل بیت عظام کی محبت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ جس کے دل میں اہل بیت عظام کی محبت نہیں ہے۔ اس کی کوئی بھی عبادت اللہ پاک کے ہاں مقبول نہیں ہے۔ حضرت امام احمد بن حنبلؒ اہل بیت عظام کی محبت میں فرماتے تھے کہ آج ہم سب کچھ اہل بیت عظام کی نسبت سے ہی ہیں۔ ہم اہل بیت کی تعریف کرکے ان کو زینت نہیں بخشتے بلکہ ان کا ذکر خیر ہمیں اور ہماری زندگی اور ہماری مجالس کو زینت بخشتا ہے۔ اہل بیت عظام کے متعلق رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جس نے میرے اہل بیت سے محبت کی اس نے میں محمد ﷺ سے محبت کی اور جس نے میرے اہل بیت عظام سے بغض رکھا تو اس نے میں محمد ﷺ سے بغض رکھا۔ ایک دوسرے مقام پر جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر کوئی شخص حالت روزہ میں حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان کھڑا ہو کر نماز پڑھے لیکن اس کے دل میں میرے اہل بیت عظام کا بغض ہو تو وہ جہنم میں داخل ہوگا یعنی اہل بیت عظام سے نفرت، اہل بیت عظام سے عداوت، اہل بیت عظام کی مخالفت اتنا بڑا جرم، اتنا بڑا گناہ ہے کہ ایسے گناہ گار کو روزہ، بیت اللہ شریف میں نمازیں پڑھنا، حجر اسود اور مقام ابراہیم کی نسبت، تعلق اور قرب بھی جہنم جانے سے نہیں بچا سکتے۔

(بقیہ ص 4)

عوام کیلئے مفت خدمات goo.gl/6XblYT

مرسلہ: ذیبی رانا

خدا جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے

ایک دفعہ ایک بادشاہ اپنے سمجھ دار وزیر کے ساتھ سفر کر رہا تھا۔ جو ہر معاملے میں بادشاہ کو اچھا مشورہ دیتا۔ اس کے علاوہ وہ ہر بات پر یہ ضرور کہتا کہ خدا جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے۔ بادشاہ اس کی ہر بات سن لیتا مگر کبھی کبھی اسے یہ بات ناگوار بھی محسوس ہوتی۔ ایک دن بادشاہ، اس کے محافظ اور وزیر شکار کی غرض سے سفر پر روانہ ہوئے۔ اچانک چند خونخوار جانوروں نے جنگل میں ان پر حملہ کر دیا۔ جس کے نتیجے میں محافظ تو سارے مارے گئے لیکن بادشاہ شدید زخمی ہو گیا۔ جبکہ وزیر کو کہیں بھی چوٹ نہ آئی۔ وزیر نے بادشاہ کی یہ حالت دیکھی تو کہا خدا جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے۔

بادشاہ کو بڑا غصہ آیا کہ اسے میری حالت کا ذرا بھی خیال نہیں اور میرے زخمی ہونے میں بھلا خدا کی کیا بہتری ہو سکتی ہے؟ اس نے وزیر کو اسی وقت نزدیک ایک اندھے کنویں میں ڈال دیا۔ تو اس پر بھی وزیر نے کہا خدا جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے۔ بادشاہ اس کی باتوں پر پیچ و تاب کھاتا ہوا آگے چلا گیا۔ بادشاہ کچھ ہی دور گیا تھا کہ اس کو چند لوگوں نے گھیرے میں لے لیا۔ ان لوگوں نے کہا کہ ہمارے قبیلے کا رواج ہے کہ جو شخص سرِ شام ہماری حدود میں داخل ہو ہم اس کو اپنے دیوتا کی بھینٹ چڑھاتے ہیں۔ اس لیے اب تمہیں بھی دیوتا کی بھینٹ چڑھایا جائے گا۔ لیکن جب انہوں نے بادشاہ کے زخموں کو دیکھا تو اسے چھوڑ دیا کہ ہم قربانی میں صاف ستھرا انسان دیوتا کو بھینٹ کرتے ہیں۔ تم زخمی ہو، اس لئے جاؤ۔ بادشاہ کو فوراً ہی وزیر کی بات یاد آ گئی کہ خدا جو بھی کرتا ہے بہتر کرتا ہے۔ وہ فوراً واپس گیا اور وزیر کو اندھے کنویں سے نکالا۔ جب وزیر کنویں سے باہر آیا تو بادشاہ نے اسے پوری داستان سنائی، اس پر وزیر نے کہا کہ آپ کو مجھے یہاں پھینک کر جانا بہتری سے خالی نہیں تھا، اگر میں آپ کے ساتھ ہوتا تو قبیلے والے مجھے یقیناً بھینٹ چڑھا دیتے، کیونکہ مجھے تو کوئی زخم نہیں لگا۔

بادشاہ کو یقین ہو گیا کہ خدا جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے۔ خدا کا کوئی کام بھی حکمت سے خالی نہیں ہوتا۔ انسان بہت ناشکرا ہے، خدا کی نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتا اور بے صبرا ہو جاتا ہے۔ سچ ہے خدا جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے۔

ماں کے نافرمان کا عبرت آموز واقعہ

کتاب نزہۃ المجالس کے مصنفؒ لکھتے ہیں کہ میں نے کتاب ترغیب و ترہیب میں بروایت بعض تابعینؒ دیکھا ہے کہ ان کا کسی قبیلہ پر گزر ہوا۔ وہاں انہیں ایک قبرستان نظر آیا، عصر کے بعد اس میں سے ایک قبر شق ہو گئی اور اس کے اندر سے ایک آدمی نکل آیا، اس کا سر گدھے کی طرح تھا اور بدن آدمی کی طرح تھا، وہ تین مرتبہ گدھے کی بولی بولا، پھر اس قبر میں بند ہو گیا۔ پھر ان بزرگوں نے اس بستی میں اس قبر والے کا گھر تلاش کیا اور اس کی بیوی سے دریافت کیا کہ یہ کیا ماجرا ہے؟ اس کا پورا حال پوچھا تو اس نے بتایا کہ یہ آدمی شراب پیتا تھا اور اس کی ماں اسے کہتی تھی کہ بیٹا خدا سے ڈر اور اس حرام چیز کو استعمال نہ کر، تو جواب میں وہ ماں کو کہا کرتا تھا کہ تو گدھے کی طرح بولتی اور چلاتی رہتی ہے وغیرہ، پھر عصر کے بعد وہ مر گیا۔

اسی وجہ سے عصر کے بعد اس کی قبر پھٹ جاتی ہے اور وہ قبر سے نکل کر تین مرتبہ گدھے کی آواز نکالتا ہے اور پھر غائب ہو جاتا ہے۔ حضرت حسنؓ بن علیؓ اپنی والدہ ماجدہ سیدہ حضرت فاطمہؓ کے ساتھ اس خوف سے کھانا تناول نہیں فرماتے تھے کہ کہیں میں ایسی چیز نہ کھا جاؤں، جس کی طرف ماں کی نظر پہلے پڑ چکی ہو (کھانے کیلئے)۔ والدہ ماجدہ کے پوچھنے پر بھی حضرت حسنؓ نے یہی بتایا۔ تب وہ فرماتیں: بیٹا میرے ساتھ تم خوشی سے کھاؤ، سب حلال ہے، یعنی کھانے میں سے میرے ساتھ جو چیز بھی کھاؤ میں خوش ہوں۔ کیا مقام ہے والدین کے ادب و احترام کا حضرت حسنؓ کے نزدیک۔

(نزہۃ المجالس جلد 1 ص 399)

جنت میں لے جانے والے بعض اعمال صالحہ

شیخ ارشد بشیر عمری مدنی

پچھلے ماہ چار اعمال کا تذکرہ ہوا تھا۔ مزید اعمال ملاحظہ فرمائیں۔

5. اللہ تعالیٰ کے دین پر استقامت

فرمان باری تعالیٰ ہے: بیشک جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر جمے رہے تو ان پر نہ تو کوئی خوف ہوگا اور نہ غمگین ہوں گے، یہ تو اہل جنت ہیں جو سدا اسی میں رہیں گے، ان اعمال کے بدلے جو وہ کیا کرتے تھے۔ (الاحقاف:13،14)

سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ مجھے اسلام میں ایک ایسی بات بتا دیجئے کہ پھر میں اس کو آپ ﷺ کے بعد کسی سے نہ پوچھوں (ابو اسامہ کی حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ کے علاوہ کسی سے)، آپ ﷺ نے فرمایا: تو کہہ میں ایمان لایا اللہ پر پھر ڈٹا رہ (استقامت اختیار کر)۔

(صحیح مسلم:38)

6. علم دین کا حاصل کرنا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کسی نے علم دین کی طلب کا راستہ اپنایا اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت کا راستہ آسان بنا دیتا ہے۔ (صحیح مسلم:2699)

7. مسجد تعمیر کرنا

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے مسجد بنانے کا ارادہ کیا تو لوگوں نے اس بات کو برا سمجھا اور یہ چاہا کہ مسجد کو اپنے حال پر چھوڑ دیں (یعنی جیسے رسول اللہ ﷺ کے دور میں تھی) تو عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپ فرماتے تھے کہ جو شخص اللہ کے لئے مسجد بنائے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایک گھر ویسا ہی بنائے گا۔

(صحیح مسلم:533)

8. اچھے اخلاق

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ سے جنت میں سب سے زیادہ داخل کرنے والے اعمال کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تقویٰ (اللہ کا ڈر) اور اچھا اخلاق، پھر آپ ﷺ سے جہنم میں سب سے زیادہ داخل کرنے والی اشیاء کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: زبان اور شرمگاہ۔ (سنن ترمذی:2004)

9. مسجد کو جانا اور آنا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا: کہ جو شخص مسجد میں صبح شام بار بار حاضری دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جنت میں اس کی مہمانی کا سامان کرے گا۔ وہ صبح شام جب بھی مسجد میں جائے۔

(صحیح بخاری:662، صحیح مسلم:669)

10. حج مبرور (مقبول حج)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک عمرہ کے بعد دوسرا عمرہ دونوں کے درمیان کے گناہوں کا کفارہ ہے اور حج مبرور کی جزا جنت کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

(صحیح بخاری:1773، صحیح مسلم:1349)

11. نماز کے بعد آیۃ الکرسی کا پڑھنا

فرمان نبوی ﷺ ہے: جو شخص نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے اسے جنت میں داخل ہونے سے موت کے سوا کوئی چیز نہیں روکے گی۔

(سلسلہ صحیحہ:972)

(جاری ہے)

Qadiria Chishtia Lahore Pakistan
Whatsapp +92-322-4715186
www.rohanial.org/magazine/khazina-e-ruhaniat

عاملین و شائقین علوم روحانیہ کیلئے نئی آمدہ نایاب فوٹو سٹیٹ کتب پیش خدمت ہیں

1 مجموعہ دعوات واذکار

قیمت: 640 روپے

مصنف: ابوکاشف شفیق حسین قادری چشتی (صفحات 152 خوشخط کمپیوٹر کتابت)

چند اولیائے کاملین، شجرہ مشائخ سلسلہ قادریہ سروریہ، معمولات اولیاء سبعت عشر، نفلی نمازیں، ہفتہ بھر کے نوافل، صفائی قلب، مجموعہ اسمائے عظام، دعوات مقطعات، دعوت اسم اول باموکل، دعوت حرفی، دعوات اسم اعظم، دعوت لفظی، خلوت کے طریقے، کلیات وجزئیات کی دعوت، دعوت کبیرہ، اکتالیس دعوات اسم، دعوت صغیرہ، دعوت دعائے بشمع، مشرب شطار، ضربی مشقیں، ذکر لایتناہی، ذکر جبروتی، ذکر ملکوتی، ذکر ناسوتی، ذکر مکاشفہ، ذکر مشاہدہ، ذکر تلاشی گنبدی، ذکر ثلاثی مجرد، ذکر اره، ذکر سر، ذکر روح، ذکر امہات، ذکر آورد برد، ذکر ضرب راست، ذکر مدول مجلق، ذکر قربان، ذکر احداوی، ذکر مقدس، ذکر بودلہ، ذکر معلیٰ، ذکر حیران ذکر، قلندریہ، ذکر ضیاء، ذکر نور، ذکر تجلی، ذکر زجاج، ذکر خفی، چند پرندوں اور حیوانات کے ذکر کا بیان، منازل مردحق، ہدایات کی دس منزلیں، ابواب کی دس منزلیں، معاملات کی دس منزلیں، اخلاق کی دس منزلیں، اصول کی دس منزلیں، ادویہ کی دس منزلیں، اوال کی دس منزلیں، ولایت کی دس منزلیں، حقائق کی دس منزلیں، نہایات کی دس منزلیں، بیان مشاہدہ، انوار الٰہی، اعمال حاضری کی شرائط، دعائے مناجات

2 اورادو وظائف اولیاء کرام

قیمت: 610 روپے صفحات: 76

بزرگان دین کے معمولات اور اورادو وظائف اور روحانی اعمال کا نادر ونایاب مجموعہ حضرت مجدد کا ورد خاص، حضرت بدر الہند کا ورد، خاندان نقش بند کا معمول، خاندان چشت کی بارہ تسبیح، قصیدہ غوثیہ حضرت سلطان اولیاء کا معمول، حضرت خواجہ تونسویؒ کا معمول، دعائے بزرگ، وردآیت الکرسی، وردسورۃ فاتحہ، حضرت امام اعظمؒ کا معمول، خاندان قادریہ کے اکابر کا عمل، حضرت خواجہ حسن بصریؒ کا وظیفہ، فتنوں سے محفوظ، نماز سلطان اولیاء، خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کا ورد، وردبوعلی سینا، صابری متوالے، صلحائے امت کا شغل، حبس دم، مراقبہ، پنج آیات شاہ وارث لکھنوی، دعائے خضری، شاہ مجذوب کا معمول، اعمال بسم اللہ شاہ حافظ اللہ بخش، خواجگان چشتؒ، سلطان باہوؒ، حضرت غوث الاعظمؒ، شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ، داتا گنج بخشؒ، شاہ ابوالعلاؒ، حضرت اسماعیل ذبیح اللہ، حضرت موسیٰ کلیم اللہ، حضرت آدمؑ کی تسبیحات، بزرگان سلاسل کا معمول، نیز میاں خاموش حیدرآبادی، پیر مہر علی شاہؒ، میاں جہان پوریؒ، بابا فرید گنج شکرؒ، میاں رانجھؒ، میاں میرؒ کے وظائف، حضرت سلیمانؑ، حضرت زکریاؑ، حضرت ایوبؑ، حضرت شعیبؑ کی دعائیں، دشمن کی ہلاکت کا عمل، واپس بلانا، رزق میں برکت، دشمن مرعوب، حفاظت حمل، غیبی اشارہ، محبت، نظر بد، تنگدستی دور، دوکان کی بکری زیادہ، اولاد نرینہ، مرد کی بندش کھولنا، شادی کا عمل، دشمنوں سے حفاظت، اصحاب صفہ کے اسمائے گرامی وغیرہ

3 راز مخفی اعمال

قیمت: 1200 روپے

مصنف: مرزا عمر الطاف کرتار پوری (صفحات 105 قلمی کتاب)

چلہ سے پہلے کرنے والے حصار، دشمن بیمار، بابا جناں والا کا عمل حب، دشمن زیر کرنا، جادو ختم، دشمن کو ذلیل کرنا، ہلاکت دشمن، تباہی اور اجاڑ، پاگل کرنا، محبت اور شادی کی بندش کرنا، جادو کروانے والے کا توڑ، دشمن کی ہانڈی چڑھانا، بیمار کرنا، حروف طلسماتی، محبت کی آگ میں تڑپانا، بنگالی منتر محبت، گیدڑ سنگھی کا عمل حب، دشمن کا بیڑا غرق کرنا، طلاق عداوت جدائی، حصول رشتہ، حب سفلی شدید، مطلوب کے کپڑوں والا عمل، تعویذ نکالنا، تسخیر بنگالی، شہر بدر کرنا، عداوت عظیم، بندش کے اعمال، سفر بندی، سوئی باندھنا، جادو کا توڑنا، جگہ خالی کروانا وغیرہ۔

4 روحانی عجائبات مع مندرہ حضرت علیؓ

قیمت: 640 روپے

مصنف: عامل محمد یاسین قادری سندھی (صفحات 44 خوشخط کمپیوٹر کتابت)

روحانیت کو بڑھانے، رزق میں برکت، چور معلوم کرنے کے طلسم، کسی بات کا جواب معلوم کرنے کا استخارہ، آسانی ولادت، زوجین میں محبت، نظر کی کاٹ، سردرد، ڈر وسوسے، بُرے خیالات، لڑکی کیلئے رشتہ، بچوں کی پڑھائی، نظر سے بچاؤ، ہر کام میں کامیابی، تسخیر، پُتلے پر کیے جادو کی کاٹ، کشف کھولنا، غم اور وہم مٹانا، ہر قسم کا درد، روزگار، خون روکنا، ہر قسم کے جادو کی کاٹ، ہر مرض کا شافی مخمث، لاعلاج بیماری، خوش قسمتی، شیطانی سوچ اور وسوسوں کی کاٹ، نحوست ختم، نیند نہ آنا، گھر سے جادو کی کاٹ، سفلی جادو کا دم، درد کا علاج، رزق و دولت، مندرہ حضرت علیؓ مع زکوٰۃ افعال صدقہ پرہیز وغیرہ۔

مکتبۃ العارف دارالعمل الاشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0323-4487877
042-35410586
+maktabatulaarif
0332-4487877
+maktabatulaarif
goo.gl/xJ9AKu علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کیلئے مفت خدمات

اسمائے حسنیٰ سے روحانی و جسمانی علاج

عزیز احمد مفتاحی قاسمی

دعا قبول ہونے کے لئے

السمیع (سننے والا)

خاصیت: جمعرات کے روز چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ پڑھ کر جو دعا کرے قبول ہو۔

المجیب (قبول کرنے والا)

رقت قلب کے لئے

الرحیم (نہایت رحم والے)

خاصیت: جو شخص روزانہ سو بار پڑھے اس کے دل میں رقت اور شفقت پیدا ہو۔

دل سے غفلت، بھول اور سختی دور کرنے کے لئے

الرحمن الرحیم (بخشنے والا مہربان)

خاصیت: نماز کے بعد پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دل سے غفلت، بھول اور سختی کو دور کر دیتے ہیں۔

باطن کشادہ ہونے اور کشف ہونے کے لئے

اللہ

خاصیت: نماز کے بعد سو بار پڑھے تو اس کا باطن کشادہ ہوگا اور کشف ہونے لگے گا۔

اپنی مغفرت کے لئے

العلیم (ہر ڈھکی چھپی چیز کا جاننے والا)

خاصیت: کثرت سے پڑھنے پر اللہ اپنی مغفرت عطا کرے۔

کشف والوں میں شامل ہونے کے لئے

یا عالم الغیب (اے غیب کے جاننے والے)

خاصیت: ذکر کے بعد سو بار "یا عالم الغیب" پڑھے تو کشف والوں میں شامل ہو جائے۔

قبر کے عذاب سے حفاظت کے لئے

القابض (قبض کرنے والا)

خاصیت: جو کوئی اس اسم کو چالیس روز چار لقموں پر لکھ کر کھائے تو قبر کے عذاب سے محفوظ رہے۔

تقویت قلب کے لئے

الماجد (بزرگوار)

خاصیت: لقمے پر پڑھ کر کھائے تو تقویت قلب حاصل ہو اور اگر اس اسم کو دوا ما پڑھے تو قلب منور ہو۔

الواحد الأحد (اپنی ذات وصفات میں یکتا)

خاصیت: اگر ہزار بار پڑھے تو مخلوق سے بے فائدہ تعلق اس کے قلب سے زائل ہو جائے۔

دل صاف ہونے کے لئے

القدوس (نہایت پاک وصاف)

خاصیت: زوال کے وقت پڑھے تو دل صاف ہوگا۔

عمل قبول ہونے کے لئے اور رنج و سختی سے حفاظت کے لئے

الباقی (ہمیشہ رہنے والا)

خاصیت: جمعہ کی رات میں سو بار پڑھے تو تمام اعمال قبول ہوں اور رنج و سختی نہ پہنچے۔

Darulamal Qurshia Lahore, Pakistan
ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور
whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazines/rahani

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

تسخیر و مہربان کرنے کے قرآنی اعمال

مطلوب مسخر و مہربان ہو

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے مطلوب کا جلال و غرور ٹوٹے اور عاجز آوے، مسخر و مہربان ہو کر تابعداری کرے تو اس کو چاہئے کہ سورۂ ہمزہ مکمل نان پر لکھے۔ یعنی جو کا آٹا لاوے اور گوندھ کر نان بناوے اور زعفران سے لکھے۔ پھر تنور میں لگا کر پکاوے اور لال رنگ کی گھوڑی کو کھلائے۔ یہ کام عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ کرے۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔ مجرب ہے۔

عام لوگوں کو مسخر کرنا

تسخیر خلائق (عام لوگوں کو مسخر کرنے) اور اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات کو گیارہ (۱۱) مرتبہ بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ مغرب پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔ مجرب ہے۔

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

(البقرۃ:۱۶۵)

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۚ﴿۱۳۴﴾ (اٰل عمران:۱۳۴)

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ (الانعام:۱۲۲)

فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۫ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾ (یوسف:۳۱)

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾

(بنی اسرآئیل:۱۱۱)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿۶۹﴾ (الاحزاب:۶۹)

تسخیر کا خاص تعویذ

حضرت ابوالعباس البونی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ جمعرات کو روزہ رکھ کر کھجور اور روغن زیتون سے افطار کرے۔ اور مغرب کی نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ شمار کر کے بسم اللہ پڑھے۔ پھر بے گنتی پڑھتا رہے یہاں تک کہ اس کو نیند آجائے۔ پر جمعہ کو بعد نماز فجر ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے۔ اور مشک و زعفران و گلاب سے ایک کاغذ پر ایک سو اکیس بار لکھے اور عود و عنبر روشن کرے۔ قسم ہے اللہ تعالیٰ کی جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا۔ وہ لوگوں کی نگاہوں میں چودھویں رات کا چاند ہوگا۔ ہر ایک اس کی عزت و خدمت کرے گا۔ اور اس کے رعب میں رہے گا۔ اور جس کی اس پر نگاہ پڑھے گی وہی اس سے محبت کرے گا۔ اس کے لکھنے کی صورت یہ ہے۔ ب س م ال ل اہ ال رح م ان ال رح ی م۔

تسخیر کا انمول عمل

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو اور اپنی کوئی حاجت اس سے پوری کرنی ہو تو اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھے اور اس کے بعد تسبیح و تہلیل اور درود شریف پڑھے کر اپنی ضرورت کے لئے دعا مانگے اور پھر ان آیات کو بلا تعداد پڑھتا ہوا اس کے پاس جائے اور وہاں جانے کے بعد بھی بیٹھے بیٹھے پڑھتا رہے۔ جب وہ ہم کلام ہو تو اس وقت پڑھنا چھوڑ دے اور بیچ میں وقفہ ملتا رہے تو اس اثناء میں ان آیات کو پڑھتا ہی رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مسخر ہوگا اور آپ کا کام پورا کرے گا۔ نہایت مجرب ہے۔ آیات یہ ہیں:

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ

(یوسف:۶۸)

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ﴿۱﴾ (المنافقون:۱)

Darbar Chishtia, Lahore Pakistan
Whatsapp +92-322-4778786
darbarchishtia.org/magazines/khazina

حرف "الف" پر ختم ہونے والے درود شریف

انتخاب: خالد مقبول حفظہ اللہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ بِھَا لِکُلِّ خِزْیٍ وَ وَبَالٍ وَ ضَلَالٍ وَنَکَالٍ عَنَّا مِرْقَا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَصَلَّحُنَا بِھَا ظَاھِرًا وَبَاطِنًا وَقَلْبًا وَ مُعْتَقِدًا وَمِرْثَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ لَنَا بِھَا عِنْدَکَ قَدْرًا وَخَطَرًا وَقُرْبًا وَحُبًّا وَشَرَفًا وَمَعْبًا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ لَنَا بِھَا عَنْ کُلِّ مَا لَا یَرْضِیْکَ عَنَّا نُفُوْرًا وَمَھَدًا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ لَنَا بِھَا عَنْ مَسَاخِطِکَ اَنَفَۃً وَتِلْکَاءً وَ مَرْجًا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ لَنَا بِھَا الْجَنَّۃَ مَقِیْلًا وَمُبَوَّاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَمْنَعُنَا بِھَا اَنْ نُخَالِفَ عَنْ اَجَابَۃِ دَعْوَتِہٖ تَرْثَنَا وَمُبَطَّاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَکْفِیْنِیْ بِھَا لِسَانِیْ فَحْشًا وَمَبْذَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ لَنَا بِھَا مِنْ کُلِّ سَقَمٍ خَفِیٍّ وَجَلِیٍّ شِفَاءً وَمُبَرَّاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ بِھَا قَلْبِیْ مِنْ اَنْوَارِ مَعْرَفَتِکَ وَمَحَبَّتِکَ مَمْلَا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ لَنَا بِھَا عَنْ کُلِّ رَذِیْلَۃٍ تَجَافِیًا وَمَنْتَا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ لَنَا بِھَا عَنِ الْکُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالْعِصْیَانِ مراغماً واسعاً ومنتاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُبَاعِدُ بِھَا بَیْنَنَا وَبَیْنَ الرِّیَاءِ وَالسُّمْعَۃِ وَالْکِبْرِ وَالْعُجْبِ وَالْمَنَّا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُنِیْ بِھَا عَنْ کُلِّ مَا یَسْخَطُکَ مَحْجُوْبًا وَمَنَّا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُنِیْ بِھَا مِمَّنْ تَابَ وَاَنَابَ فَرُتِقَ مَا فُتِقَ وَلَابَ مَا اثَای۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُنِیْ بِھَا مِمَّنْ فَکَّرَ فَاسْتَبْصَرَ وَاعْتَبَرَ بِکُلِّ مَا سَمِعَ وَلَأَیَ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُنِیْ بِھَا مِمَّنْ فَازَ بِمَرْضَاتِکَ فَقَرَّبَ کُلَّ الْقُرْبِ وَمَانَأَیَ۔

Darul Ishaat Chishtia, Lahore, Pakistan
ماھنامہ
Whatsapp
+92-322-4776786
darulamal.org/magazines/Khazina

مخفی اعمال پر ایسی لاجواب فوٹو کاپی نئی کتب جو آپ کو دیگر کتب سے بے نیاز کر دیں گی

1 سچا علم الحاضرات قیمت 1225 روپے

مصنف: سلیم قادری (صفحات 174 قلمی کتاب)

ڈنکا مولا علیؓ، جن اور موکل کی حاضری، رجعت ختم، مریض کا حساب لگانا، بھوتنی کی تسخیر، حب کے چند مجرب اعمال، سمانی پری کی حاضری، بندش ختم کرنا، ڈھایا کا علم، ضیغم پری کا عمل، نیلوفر پری کی حاضری، خون کی پیاسی چڑیل کی حاضری، برائے ہلاکت دشمن، حاضرات بدرو جمال پری، گلابی پری، گل بانو پری، سفید جن، کالا جن، کالی چرن داس، جمیلہ پری، بچہ جن، شہناز پری، عناب پری، ہاروت ماروت، حسینہ پری، موکل، جھلی، چور جن، حسن بانو پری، سندونی، جلال بزرگ، ہنومان، نرگس پری، ذافر جن، ارو چڑیل، عینی لڑکی، کیرن پری، موہنی، لونا چمانی، گرو جن، طاقتور جن، بختاور چڑیل، جعفر جن، صخر المار و جن، چندری چڑیل، دیو، ڈھولی شہزادی، سیکس کا عمل، بھیرو جنات سے دوستی کرنا، درد و شفاء، حب کا عمل، تسخیر نظر، ہر مقصد، نادعلی، من پسند شادی، برہنہ دیکھنا، تشخیص مریض، دوکان داری تیز کرنا، بسم اللہ پاور فل حاضرات، جادو کا توڑ نا۔

2 اسرار صابری (ولی کامل بنانے والی نایاب کتاب)

مولف: پیر میاں محمد دین چشتی فریدی فاروقی قیمت 850 روپے صفحات (68)

☆اسمائے مبارک اصحاب کہف مع فوائد ☆نقش حضرت خواجہ غریب نوازؒ ☆فتوح غیب ☆نقش معظم چشتیہ خاندان ☆ضروری خرچ از خزانۂ غیب ☆فالنامہ حضرت محی الدین جیلانیؒ ☆ختم صابریہ شریف ☆صلوۃ العاشقین ☆دعائے دولہ شریف ☆اسم اعظم ☆قل شریف حبس دم ☆درود شریف اویسیہ ☆نادعلی شریف صابری ☆دعائے سخت مہم ☆استخارہ یومیہ ☆دعائے شفاء ☆☆دعائے موسیٰؑ ☆دعائے معروف کرخیؒ ☆فوائد چہل کاف ☆دعائے سیف قاطع ☆بخار کا نقش ☆خلاصی قید ☆کھانے میں برکت ☆خوف از جابر و حاکم ☆تعویذ برکت غلبہ ☆نقش وباء ہر قسم ☆دشمنوں سے حفاظت ☆دفع جنات مشکلات بلیات و آسیب ☆جدائی ڈالنا ☆ہلاکت دشمن ☆عمل الم ترکیف برائے دشمن ☆چوری سے حفاظت

3 اعمال روحانی تشخیص و استخارہ قیمت 640 روپے

مصنف: عامل محمد یاسین قادری سندھی (کمپیوٹر کتابت خوشخط، صفحات 58)

ہر قسم کے جادو، بندش، آسیب، جنات اور سایہ کی مریض پر تشخیص بذریعہ طلسمات، مریض کے استعمال شدہ کپڑوں، برتن، تعویذات اور دیگر ذرائع سے بتلائی گئی ہے نیز جادو آسیب نظر بد بیماریوں کا علاج مع استخارہ جات درج ہیں۔

4 تحفۃ الاعمال قیمت 640 روپے

مصنف: عامل محمد یاسین قادری سندھی

عشق و محبت اور بغض عداوت اور بندش کے پلانے والے، دبانے والے اور بہانے والے طلسمات، نقوش اور تعویذات۔

(صفحات 54، کمپیوٹر کتابت خوشخط)

5 خزینہ اسم اعظم قیمت 450 روپے

مصنف: خواجہ محمد اسحاق ملک چشتی فخری

رموز و اسرار ربانی، اعمال اسم اعظم از بزرگان دین، تذکرہ مشائخ چشتؒ

(صفحات 136۔ اشاعت، لاہور)

6 ربر ہمزاد قیمت 520 روپے

مصنف: عمران احمد (صفحات 173 اشاعت لاہور)

تسخیر ہمزاد کے اعمال اور ہر مشکل کے حل کے لئے بزرگان دین کے دیگر اعمال بھی درج ہیں۔

7 کنز الحسین (اصلی قدیم) (فارسی)

مصنف: سید غلام حسین رمال رضوی شاہ جہاں آبادیؒ

(صفحات: 288۔ اشاعت اصفہان ایران)

قیمت 840 روپے

8 کنز الحسین (اصلی قدیم) (اردو) قیمت 840 روپے

مصنف: سید غلام حسین رمال رضوی شاہ جہاں آبادی

عملیات کی مشہور ترین کتاب، دولت کونین، خزانۂ دارین، سعادت دارین، قدیم ترین کتاب۔ (صفحات: 286۔ اشاعت لکھنو انڈیا، قدیم ترین کتاب)

0323-4487877
042-35410586
+maktabatulaarif
0332-4487877
+maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دار العمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

مولانا الحاج حافظ رشید احمد گنگوہی قدس سرہ العزیز کے عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

برائے آسیب زدہ

اسماء اصحاب کہف بعبارت ذیل کاغذ پر لکھ کر جس مکان میں مریض یا مریضہ ہو اس کی دیواروں پر جگہ جگہ چسپاں کر دیئے جائیں اور بیس کا مندرجہ ذیل نقش ایک کاغذ پر لکھ کر مریض کو دکھایا جائے۔ وہ دیکھنے سے گھبرائے اور انکار کرے گا مگر زبردستی اس کی نظر اس پر ڈلوائی جائے اور جبراً نقش کو تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

اسماء اصحاب کہف یہ ہیں:

اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا. مَکْسَلْمِیْنَا. کَشْفُوْطَط. طَبْیُوْنُش. کَشَافَطْیُوْنُس. اَذْرَفْطْیُوْنُس. یُوَانِسْ بُوْسُ وَکَلْبُهُمْ قِطْمِیْرٍ. وَعَلَی اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ. وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىکُمْ اَجْمَعِیْنَ. وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ.

ہر مرض کے ازالہ کے لئے تعویذ

یہ مستقل تعویز سریانی حروف میں ہے۔ اور یہ سریانی زبان میں اسم اعظم ہے۔ وہ تعویذ یہ ہے:

صفر و سہ الف سائبانے بر سر

جیم کج و کونر دبانے بدو دو

چہار الف مساوی ھا واؤ معکوس

اینست زاسماء اللہ اکبر

جس کی صورت یہ ہے:



یاجامع

وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

وظیفہ برائے رد سحر و ترقی رزق

اول آخر ''درود شریف'' سات سات (۷، ۷) مرتبہ اور تین مرتبہ بہ نیت ردِ سحر یا ترقی رزق ''سورۃ الکافرون''، ''سورۃ الاخلاص''، ''سورۃ الفلق''، ''سورۃ الناس''، ''سورۃ الفاتحہ'' اور ''آیت الکرسی'' صبح شام اور رات سوتے وقت ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر پھیر لیا کریں۔ ان شاء اللہ چند دنوں میں جادو کا اثر ختم ہو جائے گا اور رزق میں ترقی ہوگی اور دن میں مختلف اوقات میں

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ (آل عمران: ۱۷۳)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کریں اور استغفار بھی پڑھتا رہے۔

سحر سے حفاظت

صبح اور مغرب کی نماز کے بعد درود شریف تین مرتبہ، سورۂ فاتحہ تین مرتبہ اور سورۃ الکافرون تین مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اپنے جسم کے اگلے حصہ پر پھیر لیا کریں۔ اسی طرح سورۃ الاخلاص تین مرتبہ، معوذتین تین مرتبہ اور درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اپنے جسم کے پچھلے حصہ پر پھیر لیا کریں۔ ان شاء اللہ العزیز کسی بھی قسم کا اثر نہ ہوگا۔

نوٹ: بھرپور فیض پانے کے لیے جس بزرگ کا عمل ہو، اس کو ایصال ثواب کریں اور مریضوں/سائلوں سے بھی کروائیں۔

Darul Ilam e Chishtia Khazina e Ruhaniyat Pakistan
Whatsapp +92-322-4773786
Darulilam e Chishtia Khazina e Ruhaniyat Pakistan
https://www.facebook.com/groups/magazineruhani

حزب حضرۃ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ فی ابطال السحر

محمد عمران اعظم ہمدانی

بِسْمِ اللهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ، مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ الصَّادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ، (شَهِدَ اللهُ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَائِكَةُ وَأُوْلُو الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ)، (إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللهِ الْإِسْلَامُ) اَللهُ صَاحِبُ نُوْرٌ وَحِكْمَةٌ وَحَوْلٌ وَقُوَّةٌ وَبُرْهَانٌ وَقُدْرَةٌ وَسُلْطَانٌ، وَيَامَنْ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ لَّهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ آدَمُ صَفِيُّ اللهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ نُوْحٌ نَجِيُّ اللهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ إِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ إِسْمَاعِيْلُ ذَبِيْحُ اللهِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ، بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ وَمِنَ اللهِ وَ إِلَى اللهِ وَ كَفٰى بِاللهِ حَسِيْبًا، (مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ)، إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ، وَإِذَا السِّحْرُ بَطَلَتْ، وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ، وَإِذَا السِّحْرُ بَطَلَتْ، وَإِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ، وَإِذَا السِّحْرُ بَطَلَتْ، وَإِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ، وَإِذَا السِّحْرُ بَطَلَتْ، وَإِذَا الْمَوْءُوْدَةُ سُئِلَتْ، وَإِذَا السِّحْرُ بَطَلَتْ، بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ، وَإِذَا السِّحْرُ بَطَلَتْ، وَإِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ، وَإِذَا السِّحْرُ بَطَلَتْ، وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ، وَإِذَا السِّحْرُ بَطَلَتْ، عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ، وَإِذَا السِّحْرُ بَطَلَتْ، وَيُحِقُّ اللهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ، (وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا) اَللّٰهُمَّ بَطِّلِ السِّحْرَ وَ كَرِّهْهُ وَحَرِّفْ عَنْ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ، وَاحْفَظْ حَامِلَ هٰذَا الدُّعَآءِ مِنْ كُلِّ الْآفَاتِ وَالْعَاهَاتِ وَالْبَلِيَّاتِ، وَمِنْ كُلِّ الْاَمْرَاضِ وَالْعِلَلِ، بِحَقِّ حَقِّكَ يَا كَرِيْمُ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

ردِّ سحر کے لئے عظیم عمل

عبدالرؤف بلوچ (کوئٹہ)

علامہ سنوسیؒ نے اپنے مجربات میں اس عمل کو لکھا ہے۔ آپؒ فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص کو یہ شک ہو کہ اس پر کسی نے سحر کیا ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی طبیعت میں ہمہ وقت اضمحلالی کیفیت رہتی ہے۔ تو اسے چاہیے کہ سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، سورۂ معوذتین اور مندرجہ ذیل عمل کو شب جمعہ یا بروز جمعہ لکھ کر مریض پہن لے اور دن میں دو مرتبہ صبح ورات (سونے سے قبل) سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، معوذتین اور مندرجہ ذیل عمل کو تین۔ تین پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے۔ ان شاء اللہ چند ہی دنوں میں سحر سے دائمی جان چھوٹ جائے گی۔ عمل یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ویحق اللہ الحق بکلمتہ ولو کرہ المجرمون من المفسدین والمفسدات والساحرین والساحرات ☆ رب الحکم بالحق وربنا الرحمن المستعان علی ماتصفون ☆ اذا الشمس کورت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ واذالنجوم النکدرت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ واذا الجبال سیرت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ واذا العشار عطلت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ واذا الوحوش حشرت ☆ واذا السحار بطلت ☆ واذا البحار سجرت ☆ واذا الاسحار بطلت · واذا النفوس زوجت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ واذا الموؤدۃ سئلت ☆ واذا الاسحار بطلت ☆ فلما القوقال موسی ماجئتم بہ السحر۔ ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین ☆ فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ☆ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم ☆ قولہ الحق ولہ الملک ☆ حسبنا اللہ و نعم الو کیل ☆ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ☆ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد والہ وصحبہ وبارک وسلم۔

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/qYfFzs

مولانا علی آفاق

ہانڈی کا خاص عمل

ہانڈی کے اعمال، روحانی علاج معالجے میں بڑے درجے کے علاج کے اعمال کے طور پر کیے جاتے ہیں۔ یہ اعمال اس وقت کیے جاتے ہیں جب عام علاج سے جادو اور جنات کے متاثرہ مریض کے مرض کا علاج نہ ہو رہا ہو۔ ہانڈی کا یہ عمل جادو اور جنات کو جلانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس لیے عامل اور اس کے گھر والوں، مریض اور اس کے گھر والوں کو کسی بھی طرح کا نقصان ہوسکتا ہے۔ جانی بھی اور مالی بھی۔ اس لیے بہت احتیاط سے ایسے اعمال کرنا چاہئیں۔

طریقہ عمل

ڈھائی مٹھی اڑد لے کر ان پر یہ عزیمت اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ایک مٹی کی ہانڈی میں یہ اڑد اور نقش حوا ڈالے اور مٹی کے ڈھکن سے بند کر کے آٹے کو گیلا کر کے اس کے سوراخوں کو بند کر دے۔ ڈھکن اور ہانڈی کے درمیان کوئی جگہ خالی نہ رہ جائے۔ ہانڈی کو بند کر کے چولہے پر رکھے اور آگ جلائے۔ ہانڈی کو جب دو تین جوش آجائیں تو نیچے اتار لیں۔ ٹھنڈی ہونے پر جنگل میں کسی جگہ زمین میں دفن کرا دیں۔ اگر گھر کا آدمی ہانڈی دفن کرے تو اسی وقت (جلد) گھر میں نہ آئے مگر دیر میں آئے۔

اگر جلدی دن کے دن یہ عمل کرنا چاہے تو اُڑد وغیرہ حسبِ ترکیب ہنڈیا میں ڈال کر سات بار مریض کے سر کے چاروں طرف گھمائے (پھیرے یعنی چکر دے) اور آٹے سے بند کر کے چولہے پر رکھ کر آگ جلائے اور تین جوش کے بعد ٹھنڈا ہونے پر زمین میں دفن کرا دے۔

اگر جلدی نہ ہو تو ہانڈی آدھی کھلی ہوئی رات کو مریض کے سرہانے رکھے اور اس رات میں فتیلہ بھی جلائے۔ صبح کو ہانڈی بند کر کے چولہے پر رکھے اور آگ جلا کر تین جوش دے اور ٹھنڈی ہونے پر دفن کرا دے۔ یہ عمل کم از کم تین دن یا پانچ دن یا سات دن یا گیارہ دن تک کرے۔

عزیمت یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم اونچہ قسم دیو بھوت قسم چڑیلاں ڈائن ڈائنی جن جوگنی حور پری دیو پری سبز پری زرد پری مرگھٹ مسان دیو مسان جھو دمسان پکا مسان کچا مسان نیلا مسان پیلا مسان سوکھا مسان مثانی بسانی جادو نادنگہ یا نرکہہ لاگا لگایا کیا کرایا پلٹا لپٹا یا ہوا اگر ندی نالا باغات وغیرہ سایہ انداختہ مذلت شدہ باشد بحکم رب الجلیل بحکم پیران پیر محی الدین در سبوچۂ گلے یعنی در ہانڈی داخل شدہ بسوزد اگر نہ گریزد وزینہار غیر حاضر حاضر باشد گرفتہ بیاریدو ہر قدر آزار ے وآزار بودہ باشد دفع شود بحق العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ علیقًا ملیقًا طلیقًا انت تعلم مافی قلوبھم بذنبھم واتوب الیہ۔ نقش حوا یہ ہے:


۸ ۱۱ ۱۴ ۱
۱۳ ۲ سوختم ۷ ۱۲
سوختم سوختم جن دیو پری چڑیل خبیث
گڈ مسان کچا مسان سوکھا مسان الکٹا مسان لاگا مسان برچہ
دروجو دفلاں بن فلاں مزاحمت پر بدسوختہ گرود
ومرد بحق خاتم سلیمان بن داؤد
علیہ السلام
۳ ۱۶ ۹ ۶
۱۰ ۵ ۴ ۱۵

بقیہ (ص 58): کینسر کے خطرات کم کرنے والی غذائیں

کرتی ہیں، مشروم، لہسن، پیاز اور شیلٹ وغیرہ معدے کے کینسر کا خطرہ کم کر دیتے ہیں، لہسن میں موجود متحرک جز ایلیسن ایک زبردست اینٹی آکسائیڈنٹ ہوتا ہے جو اس کینسر سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔

اس طرح پیاز میں موجود پولی فینول نامی جز آنتوں کے کینسر کے خلیات کو بڑھنے سے روکتا ہے، جو خواتین باقاعدگی سے ان اشیاء کا استعمال کرتی ہیں ان میں مادر رحم کے کینسر کا خطرہ بھی کم ہوتا ہے۔

مشروم زوٹامن ڈی سے بھرپور ہوتے ہیں جو مادر رحم کے کینسر سے بچاتے ہیں، ہفتے میں اپنی خوراک میں کم از کم دو بار ان اشیاء کو شامل کرنا فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

darulamal.org/bookshop

سات سلام چہل کاف سے فیض یافتہ افراد کے واقعات

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

کالے جادو کے جان لیوا حملے میں بال بال بچ گئی

میرے پاس ایک گرلز کالج کی پروفیسر صاحبہ تشریف لائیں۔ ان کے ملازمت سے متعلقہ کچھ مسائل تھے، مسائل سن کر ان کی تشخیص کے بعد ان کو بتلایا کہ آپ کے کالج کے کچھ احباب آپ کے متعلق یہ چاہتے ہیں کہ آپ اس کالج سے چلی جائیں۔ آپ کا تبادلہ ہو جائے یا آپ ریٹائرمنٹ لے لیں۔ یا پھر آپ کو کوئی ایسی بیماری لگ جائے یا آپ کا اللہ نہ کرے کہ ایکسیڈنٹ ہو جائے۔ اس سلسلے میں وہ آپ پر جادوگروں کی مدد سے عمل بھی کروا چکی ہیں۔ تو انہوں نے تسلیم کیا اور پھر بہت سارے واقعات سنائے گرنے کے، چوٹیں لگنے کے، جسم میں دردوں کے، اچانک غصہ آجانے کے، لیکچر کے وقت سر چکرانے کے، گر پڑنے کے، سر میں شدید درد ہو جانے کے، اچانک بلڈ پریشر ہائی ہو جانے کے، ان کے یہ سارے واقعات سننے کے بعد ان کو سات سلام چہل کاف کا عمل لینے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے لیا تو ان کو بہتری نہیں بہت بہتری آئی۔ کہنے لگیں کہ میں تو پیروں فقیروں کا انکار کرتی تھی لیکن نہیں سب جھوٹے اور فراڈیے نہیں ہوتے بلکہ چند جھوٹوں نے اصل اللہ والوں کو، اصل پیروں کو، اصل فقیروں کو بدنام کیا ہوا ہے۔ ایک مرتبہ وہ کافی عرصہ غائب رہنے کے بعد تشریف لائیں۔ تو میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ بڑے عرصے بعد تشریف لائیں ہیں تو کہنے لگیں کہ جب میرے سارے معاملات حل ہو گئے تو میں نے آپ کے کہنے کے باوجود عمل پڑھنے یعنی سات سلام چہل کاف پڑھنے میں سستی اور لاپرواہی شروع کر دی۔ پڑھ لیا تو پڑھ لیا، نہ پڑھا تو کئی کئی دن تک نہ پڑھا۔ آج جو میں آپ کے پاس حاضر ہوئی ہوں اور آپ مجھے دیکھ رہے ہیں تو یہ صرف اور صرف سات سلام چہل کاف کی برکت ہے اور اس کی برکت اور صدقے سے اللہ کا خاص کرم مجھ پر ہوا ہے کہ میری جان جانے سے بچ گئی ہے، میں نے پوچھا وہ کیسے؟ تو بتلانے لگیں کہ سات سلام چہل کاف پڑھے مجھے کئی دن ہو گئے تھے، میں ایک دن جب کالج سے واپس آرہی تھی، گاڑی کی ڈرائیونگ میں خود ہی کر رہی تھی۔ ڈرائیونگ رفتار بہت ہی کم اور آہستہ تھی۔ اچانک سامنے سے ایک تیز رفتار گاڑی آتی مجھے دکھائی دی اور میرے دل میں یہ خیال بھی آرہا تھا کہ اللہ خیر کرے، اسی دم میری زبان پر چہل کاف جاری ہو گیا، مجھے اتنا یاد ہے کہ میں نے ایک بار چہل کاف پڑھ لیا تھا اور دوسری بار شروع ہی کیا تھا پھر مجھے کچھ معلوم نہیں کہ کیا ہوا؟ بس جب مجھے ہوش آیا تو میں بیڈ پر ہسپتال میں تھی۔ اور پورا جسم زخموں سے چور تھا۔ گاڑی بالکل تباہ ہو گئی تھی۔ اور میری اللہ کے فضل و کرم اور سات سلام چہل کاف کی برکت سے جان جانے سے بچ گئی، ہڈیوں کے ٹوٹنے سے حفاظت ہو گئی۔ بار بار کہنے لگیں کہ یہ سات سلام چہل کاف کی برکت تھی، یہ کہتی رہی اور مجھے اور ہمارے ادارے کو دعائیں دیتی رہی اور یہ کہہ رہی تھیں کہ اگر میرے پاس یہ عمل نہ ہوتا تو آج میں اس حالت میں آپ کے سامنے نہ بیٹھی ہوتی۔

لڑائی ختم..... دکان مجھے مل گئی

میرے پاس ایک نوجوان تشریف لائے۔ انہوں نے آکر بتلایا کہ ہم 2 بھائی ہیں، والد صاحب کا انتقال ہو گیا ہے، ہم دونوں بھائی شادی شدہ ہیں۔ دونوں کی رہائشیں علیحدہ علیحدہ ہیں۔ والد صاحب کی وفات کے بعد زمین اور پلاٹ تو ہم دونوں نے برابر تقسیم کر لیے ہیں لیکن دکان کی وجہ سے شدید لڑائی کا خطرہ ہے۔ میرا بھائی چاہتا ہے کہ دکان میرے پاس آجائے اور میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس آجائے۔ اکٹھا ہم چل نہیں سکتے چونکہ نوبت یہاں تک پہنچ گئی ہے، بہت تعویذات لیے، بہت وظائف پڑھے کہ آپس میں صلح رہے، محبت رہے، اتفاق و اتحاد رہے، لڑائی نہ ہو، جدائی نہ ہو، لوگوں کو تماشا دیکھنے کو نہ ملے لیکن بھائی کسی طرح بھی ماننے میں نہیں آرہا۔ تو ظاہر ہے کہ اب ایک ہی رہے گا وہ رہیں یا میں رہوں لیکن ہر حال میں میری خواہش ہے، ہم اکٹھے ہی رہیں۔ میں نے اس کو سات سلام چہل کاف کا عمل لینے کو کہا اور کہا کہ اس نیت سے پڑھیں کہ ہم اکٹھے چلیں اور اکٹھے نہیں چل سکتے تو کوئی آسانی اور بہتری والا معاملہ بن جائے، انہوں نے بتلایا کہ جب میں نے یہ عمل شروع کیا تو بھائی نے خود آکر کہہ دیا کہ یہ دکان آپ ہی رکھ لیں، میں اس پر راضی اور خوش ہوں۔

darulamal.org/library

مرتب: محمد حنیف بن عبدالمجید

حفاظت کی دعائیں

گھر سے نکلتے وقت یہ دعائیں مانگیے

دعائیں مانگنے کے لیے ہوتی ہیں، لہٰذا دعا کا ترجمہ، مفہوم سمجھ کر دعا مانگی جائے۔ یہ دعا گھر سے نکلتے وقت مانگی جائے تو ایکسیڈنٹ، چوٹ، دھوکہ اور اپنی طرف سے کسی پر ظلم یا اپنے اوپر ممکنہ ظلم سے بچاؤ کا ذریعہ ہوگی۔

۱).....بسم اللہ توکلت علی اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ

(سنن ابی داؤد، الادب، رقم: ۵۰۹۵)

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ (میں نکلا) میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، گناہوں سے بچنے اور نیکیوں پر چلنے کی طاقت صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

۲).....اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْھَلَ اَوْ یُجْھَلَ عَلَیَّ

(سنن ابی داؤد، الادب، رقم: ۵۰۹۴)

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں کہ میں کسی کو بہکاؤں یا مجھے کوئی بہکائے یا میں خود لغزش کھاؤں یا کسی دوسرے کو لغزش دوں، خود کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر کوئی ظلم کرے اور خود کسی کے ساتھ نادانی کی بات کروں یا کوئی دوسرا میرے ساتھ کرے۔ (ص 19-20)

گھر سے نکلتے ہوئے چار رکعت پڑھ کر یہ دعا مانگیے

یہ بہت آزمودہ عمل ہے۔ روایت میں ہے جو نماز پڑھ کر یہ دعا مانگے گا، مکروہ باکان او غیر مکروب وہ پریشان حال ہو یا نہ ہو، اللہ تعالیٰ سامنے والے کے شر سے حفاظت فرمائے گا۔

یَاوَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا مُبْدِءُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالاً لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَ بِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِھَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَبِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ (اَغِثْنِیْ۔ تین بار)

ترجمہ: اے محبت کرنے والے! (اللہ) اے بابرکت عرش والے اللہ! اے وہ ذات جس چیز کا ارادہ کرتا ہے کر گزرتا ہے۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس عزت کے واسطے سے جسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا اور تیری اس بادشاہت کے واسطے سے جسے کبھی زوال نہیں ہے اور تیرے اس نور کے واسطے سے جس نے تیرے عرش کے ستونوں کو نور سے بھر دیا، تو مجھے اس (یہاں دشمن کی نیت کریں) سے کافی ہو جا، اے فریاد سننے والے! میری فریاد سن۔

ہر بلا سے حفاظت کا نبوی نسخہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص آیت الکرسی:

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

ترجمہ: اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جو سدا زندہ ہے، جو پوری کائنات سنبھالے ہوئے ہے، جس کو نہ کبھی اونگھ لگتی ہے نہ نیند۔ آسمانوں میں جو کچھ ہے (وہ بھی) اور زمین میں جو کچھ ہے (وہ بھی)، سب اسی کا ہے۔ کون ہے جو اس کے حضور اس کی اجازت کے بغیر کسی کی سفارش کر سکے؟ وہ سارے بندوں کے تمام آگے پیچھے کے حالات کو خوب جانتا ہے اور وہ لوگ اس کے علم کی کوئی بات اپنے علم کے دائرے میں نہیں لا سکتے ہیں، سوائے اس بات کے جسے وہ خود چاہے۔ اس کی کرسی نے سارے آسمانوں اور زمین کو گھیرا ہوا ہے اور ان دونوں کی نگہبانی سے اسے ذرا بھی بوجھ نہیں ہوتا اور وہ بڑا عالی مقام، صاحب عظمت ہے۔

اور سورۃ المؤمن کی ابتدائی آیتیں:

(بقیہ ص 42)

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

برائے جون ۲۰۲۰ سنہ

جنون و پاگل پن کا علاج

اگر کسی کا دماغی توازن کسی بھی وجہ سے بگڑ گیا ہو اور جنونی و پاگل ہو گیا ہو تو جنون و پاگل پن سے شفاء حاصل کرنے کے لیے تعویذ حاصل کریں۔

جادو کے ذریعے مسلط جنات کو بھگانے کے لیے

دو ہفتے پر مشتمل چراغ دیکھنے والا خاص علاج جس کو کرنے سے مریض پر جادو کے ذریعے مسلط جنات بھاگنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

جناتی و آسیبی اثرات سے نجات

جناتی و آسیبی اثرات سے نجات حاصل کرنے کا خاص روحانی علاج۔ اس علاج میں مریض کے لیے پانی پر عمل پڑھ کر دم کر کے دیا جاتا ہے۔ اس دم میں کافی وقت لگتا ہے۔ اس لیے یہ علاج وہی منگوائیں، جو روحانی علاج گاہ آ کر پانی دم کروا سکیں۔

ناراض افسر کو راضی کرنے کا عمل

اگر کسی کا افسر ناراض ہو اور کسی بھی طرح راضی نہ ہو رہا ہو تو یہ ایک خاص وظیفہ ہے، جس کو پڑھنے سے سخت سے سخت ناراض افسر راضی ہو جاتا ہے۔

دعا قبول ہونے کا خاص عمل

حدیث سے منقول ایک خاص وظیفہ جس کو پڑھ کر دعا کرنے سے اللہ تعالیٰ اس دعا کو ضرور قبول فرماتے ہیں۔

ضدی اور شدید سر درد کا علاج

اگر کسی کے سر میں درد کی شکایت ہو، وجہ کوئی بھی ہو، کتنا ہی شدید اور ضدی درد ہو، اس تعویذ کو باندھنے سے افاقہ ہوگا، ان شاء اللہ۔

تابعدار بنانے کے لیے

شوہر کا بیوی کو، بیوی کا شوہر کو، والدین کا اولاد کو، استاد کا طالب علم کو، مالک کا ملازم کو..... الغرض کسی کو بھی تابعدار بنانا ہو تو خاص وظیفہ حاصل کریں۔ یہ وظیفہ وہی منگوائیں، جو پانی پر دم کر کے پلا سکتے ہوں۔

گھر سے بیماریاں دور ہوں

اگر کسی گھر میں بیماریوں کا راج ہو، کبھی کوئی بیمار اور کبھی کوئی بیمار، ایک بیماری ختم ہوتی ہے تو دوسری بیماری آ جاتی ہے..... ایسی حالت میں گھر کو بیماریوں سے پاک کرنے کے لیے اس خاص تعویذ سے فائدہ اٹھائیں۔

قلب کی طمانیت و تسکین

اگر کسی کا دل کسی بھی غم کی وجہ سے پریشان ہو تو قلب کی طمانیت اور سکون حاصل کرنے کے لیے وظیفہ حاصل کریں۔

نوٹ یہ تمام روحانی خدمات صرف جون ۲۰۲۰ سنہ کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

شرائط کے لیے www.darulamal.org/ruhaniilajgah

ruhaniilajgah 0342-7772772 042-35410586

روحانی علاج گاہ دار العمل اشرفیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

0324-7772772 ruhaniilajgah96

دعوت سورۂ مزمل

حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم العالی

یہ طریقہ حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہے۔ حضرت نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ سلسلہ قادریہ چشتیہ کے مستجاب الدعوات ولی تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس عمل کا فیض بھی پوری طرح اٹھایا تھا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس عمل کا پابند رہے گا، بڑے بڑے حکماء اور افسران اس کے سامنے گردن جھکانے پر مجبور ہوں گے۔ مہمات وفتوحات میں اس کو کامیابی ملے گی اور جس کے لیے بھی دعا کرے گا، قبول ہوگی۔ اس عمل کی پابندی سے انسان درجۂ ولایت کو پہنچتا ہے اور اس پر روحانی دولتوں کی موسلا دھار بارش برستی ہیں۔

دعوت سورۂ مزمل کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی گیارہ تاریخ کو، بشرطیکہ چاند عقرب میں نہ ہو، نصف شب میں غسل کر کے نیا لباس پہن کر پاک صاف لباس پہن کر کپڑوں کو عطر سے معطر کر کے اس عمل کی شروعات کریں اور یہ لباس جو پہلی رات پہنیں گے، اسی عمل کے لیے مخصوص کر دیں۔ عشاء کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد تنہائی میں اس عمل کی شروعات کریں۔ اوّل گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَ الْحِلْمِ وَ الْحِکَمِ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ۔ اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کریں۔ جب آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ تک پہنچیں تو اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ یَارَبُّ یَاوَ کِیْلُ پڑھیں اور گیارہ مرتبہ یہ پڑھیں یَارَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ بِھَا فِیْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ وَ کِیْلًا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ بِھَا بِقَضَآءِ وَ حَوَائِجِنَا کَفِیْلًا۔

اس کے بعد گیارہ مرتبہ یَارَبُّ یَاوَ کِیْلُ یَارَبُّ یَا کَفِیْلُ۔ باقی سورۃ کی تلاوت مکمل کریں۔ اس کے بعد پھر اسی طرح سورۂ مزمل کو دوبارہ پڑھیں اور اس طرح گیارہ مرتبہ اس عمل کو دہرائیں۔ گیارہ مرتبہ پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ پہلے والا درود شریف پڑھیں۔ عمل کے اختتام پر اللہ سے دعا کریں اور اسی جگہ سو جائیں۔ لیکن عمل والا لباس اتار دیں۔ اس لباس کو صرف عمل کے وقت پہنیں۔ اگر اس عمل کو مسجد میں کریں تو ٹوپی یا پگڑی ضرور سر پر رکھیں۔ اگر اس عمل کو گھر میں کریں تو ننگے سر کریں۔ جس دن یہ عمل کریں، اس دن کھڑے ہو کر عمل کریں۔ اگلے دن سے بیٹھ کر عمل کریں لیکن چلّے کے دوران جب بھی وہ دن آئے، جس دن عمل شروع کیا تھا، اس دن کھڑے ہو کر ہی عمل کریں۔

مثلاً جمعہ کی شب میں عمل شروع کیا تھا تو ہر جمعہ کی شب میں عمل کھڑے ہو کر کرنا ہے۔ باقی راتوں میں بیٹھ کر کرنا ہے۔ آخری دن جو بھی دن ہو، اس دن بھی کھڑے ہو کر یہ عمل کرنا ہے۔

چالیس (۴۰) دن گزرنے کے بعد روزانہ اس عمل کو صرف تین (۳) مرتبہ کریں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے تمام دعائیں قبول ہوں گی اور عامل جس کے لیے بھی اور جس مقصد سے بھی دعا کرے گا، قبول ہوگی۔ دوران چلّہ اگر پرہیز جلالی کر لیں تو ایسے مشاہدات عامل کو ہوں گے کہ عقل حیران ہوگی۔ مبشرات کے ذریعہ بشارتیں ہوں گی اور بزرگان دین کی روحانی توجہ سے عامل مسلسل بہرہ ور ہوگا۔

دعوت سورۂ مزمل کا یہ عمل اکثر اولیاء کے معمولات میں شامل رہا ہے اور اس عمل کے ذریعہ انہوں نے اللہ کے بندوں کی زبردست روحانی خدمت کی ہے۔ اس عمل کے بعد اگر عامل کسی مریض کے سر پر اپنا ہاتھ رکھ کر دعا کرے گا تو مریض شفایاب ہو جائے گا۔ مریض کیسا بھی ہو، عامل کی دعا کی برکت سے مریض کو شفاء اور صحت نصیب ہوگی۔

اس عمل کے بعد عامل جس مقصد کے لیے بھی اپنے ہاتھ اٹھائے گا، پروردگار عالم اس کی دعا کو قبول کریں گے اور اس کو مستجاب الدعوات ہونے کا شرف حاصل ہو جائے گا۔

عامل کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ رزقِ حلال کا خود کو پابند بنائے اور اپنی زبان کو جھوٹ، غیبت، تہمت اور فضول باتوں سے محفوظ رکھے تاکہ عمل کی تاثیر میں رخنہ پیدا نہ ہو۔ دعوت سورۂ مزمل ایک عظیم دولت ہے۔ اور اس دولت سے ہر صاحبِ ایمان کو مستفیض ہونا چاہیے۔

Darulamal Online Library, Lahore, Pakistan
ماہنامہ
Whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazines/

بغیر زکوٰۃ والے حاضرات کے اعمال

بابائے حاضرات قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

یافتاح کی حاضرات.....جو عامل خود دیکھ سکتا ہے

بچی کے انگوٹھے پر ''یافتاح'' لکھو اور عامل سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے اور انگلی سے بچی کے انگوٹھے کو پکڑ رکھے۔اب ''یافتاح'' لکھے ہوئے پر سیاہی پھیرتا رہے اور لاتعداد، مندرجہ ذیل عزیمت پڑھتا رہے۔چند لمحوں بعد ناخن میں چمک پیدا ہوگی اور حاضرات شروع ہوگی۔عامل جب تک انگوٹھے اور انگلی سے بچی کا انگوٹھا پکڑے رہے گا، حاضرات رہے گی۔جب چھوڑ دے گا، بند ہوجائے گی۔عامل کو بھی نظر آئے گی۔

عمل: احضرو احضرو احضرو یاصاحب الجن والانس بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر شو حاضر شو حاضر شو العجل العجل العجل الساعتہ الساعتہ الساعتہ الوحا الوحا الوحا۔

لڑکے کے ناخن پر کرنے والی حاضرات

وَھُوَ الْحَیَآءُ سَلِیْسَلُ الْحَقّ یَارَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ

لڑکے کے ناخن پر سات (۷) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔حاضرات ہوگی اور ضرور ہوگی۔

معمول کہیں بھی ہو حاضرات ہوجائے

گیارہ (۱۱) دفعہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ پڑھیں۔اس کے بعد اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بِنْ دَاؤد علیہ السلام حاضر شد گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر تین (۳) پھونک ماریں۔جھاڑو والے سے حاضری شروع ہوگی۔نہ دن کی قید، نہ وقت کی اور نہ روزانہ زیر آسمان بیٹھنے کی۔معمول جتنا دور بھی بیٹھا ہو، صرف پھونک کا اشارہ کافی ہے۔رات کو بھی کر سکتے ہیں۔توے کی سیاہی میں تیل کی دو بوندیں ملا کر سیاہی تیار کریں۔

فلیتے یا ناخن والی حاضرات

وَوَاللّٰہُ مَاوَاللّٰہُ تَحْتَ شَیْطَان تَا فُرْقَان حاضر شود حاضر شود حاضر شود۔

فتیلہ میں لکھیں اور اوپر روئی لپیٹیں۔جلائیں یا ناخن پر حاضرات کریں۔دیگر اوّل آخر درود شریف ۳ بار الحمد شریف، ۳ بار قل شریف، ۳ بار ''یاحی یا قیوم برحتمك استغیث حاضر شود حاضر شود حاضر شود'' پڑھ کر پہلے تیل پر، پھر لڑکے پر پھونک ماریں۔جھاڑو وغیرہ ترتیب کے مطابق حضرت سلیمان کو بلائیں اور حالات دریافت کریں۔

حاضرات خاص

عمل: لُنْ لُنْ تِبْ تِبْ دِھِیْر دِھِیْر۔

اول آیت الکرسی پڑھ کر 9 سال یا 8 سال کے بچہ پر دم کریں اور بچہ کے ہاتھ پر سیاہی لگا کر اس کے اندر دیکھنے کا حکم دیں۔اور پھر مذکورہ کلمات اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔اور بچہ کو اپنے ساتھ درج ذیل کلمات دھروائیں: میدان صاف ہوجائے (تین مرتبہ)۔جھاڑو والا جھاڑو دے (دو مرتبہ)۔چھڑکاؤ والا چھڑکاؤ کرے (دو مرتبہ)۔تخت بچھانے والا تخت بچھائے (دو مرتبہ)۔اور تخت پر بیٹھنے والا تشریف لائے اور بیٹھ جائے (دو مرتبہ)۔جب بچہ کہے کہ بزرگ آگئے ہیں تو کہے ''سلام سلام بحکم سلام'' (دو مرتبہ)۔اور بچہ سے پوچھے کہ سلام کا جواب ملا۔بچہ اقرار کرے تو کہے کہ ''بابا جی! فلاں سائل فلاں مسئلہ کیلئے حاضر ہے۔اپنی پولیس کو بلاؤ، تختہ سیاہ اور چاک منگواؤ اور سائل کا مسئلہ حل کرو۔'' پھر حسبِ مسئلہ سوالات کرتا جائے اور جواب بچہ دیکھ کر پڑھ کر بتاتا جائے۔

یاد رہے کہ سورج کی طرف بچہ کی بیٹھ ہو اور عامل کا رخ منہ اس طرف ہو۔اور طلوع آفتاب کے بعد عصر تک حاضرات ہوں گے۔عامل اور معمول دونوں باوضو ہوں۔جب کام ہوجائے، حسبِ سابق سلام کر کے حاضرات کو اجازت دیں اور بچہ کو حصار سے باہر لے آئیں۔

Whatsapp +92-322-4773786

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

کینسر کا روحانی علاج

پھنسی یا ناسور

جو پھنسی یا ناسور اچھی نہ ہوتی ہو اور طبیب اس کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں اس آیت شریف کو ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) مرتبہ پڑھ کر دوا یا مرہم پر دم کیا جائے اور وہ زخم پر لگائی جائے، ان شاء اللہ دس روز کے عرصہ میں داغ تک باقی نہ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا

(البقرۃ:۷۱)

ناسور کا علاج

اگر کسی شخص کے ناسور (کینسر) ہو گیا ہو اور وہ کسی طرح ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو سات دن تک ایک سو (۱۰۰) مرتبہ ''یَارَقِیْبُ'' پڑھ کر اس پر دم کیا جائے۔ بفضلہٖ تعالیٰ اس عرصہ میں زخم بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔

پانچ ہفتوں میں کینسر کا علاج

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص کو کینسر ہو جائے تو اللہ پر اور اس کے کلام پر کامل بھروسہ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل طریقوں سے مریض کا علاج کریں۔ ایک بوتل لال رنگ کی لیں۔ اگر لال رنگ کی بوتل دستیاب نہ ہو تو کسی بھی کانچ کی بوتل پر لال کاغذ چپکا لیں اور اس میں پانی بھر کر دھوپ میں ۸ گھنٹے تک اس بوتل کو ترچھی کر کے رکھیں۔ ۸ گھنٹے گزرنے کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دورد پڑھیں۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ اس کے بعد سات (۷) مرتبہ منزل پڑھیں پھر سورہ یٰسین شروع کریں اور ہر مبین پر سات (۷) مرتبہ پڑھیں ''رحیما رحم کن، کریما کرمن کن'' اس طرح ساتوں مبین پر یہ کلمات سات سات مرتبہ پڑھیں۔ سورۃ یٰسین ختم کر کے پھر منزل سات (۷) مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ مذکورہ دورد پڑھیں۔ اس دوران کسی سے بات چیت نہ کریں۔ دوران عمل سرخ رنگ کے کپڑے کا تکیہ کا غلاف اپنے سامنے رکھیں۔ یہ غلاف پہلے سے تیار کرالیں۔ عمل کے ختم ہونے پر اس غلاف پر بھی دم کر دیں۔ یہ غلاف مریض کے تکیہ پر چڑھا دیں اور پڑھا ہوا پانی ایک دن میں پانچ (۵) مرتبہ (نمازِ پنجگانہ کے اوقات میں) مریض کو پلائیں اور اس بوتل میں پانی بڑھاتے رہیں۔ جمعرات کے دن بوتل کا پانی پلانا شروع کریں اور بدھ کے دن بوتل کا پانی تیار کریں۔ اس پانی کو سات (۷) روز تک پلا کر اگلے ہفتے پھر اس طرح بوتل تیار کریں۔ اور اس کو بدھ کے دن آٹھ (۸) گھنٹے دھوپ میں رکھ کر پھر عمل کریں اور اگلے ہفتے اس عمل کے وقت تکیہ سامنے رکھیں اور عمل ختم ہونے پر تکیہ پر بھی دم کریں۔

اسی طرح لگاتار پانچ (۵) ہفتوں تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، مریض کو کینسر سے نجات ملے گی۔ اور وہ اللہ کے فضل سے روبہ صحت ہو جائے گا۔

کینسر کے مریض کا علاج

کینسر کے مریض کیلئے گیہوں کے دانے پر روزانہ ستر (۷۰) بار آیاتِ شفاء پڑھ کر دم کریں اور اس گیہوں کے دانے کو کوٹ کر پانی میں بھگو دیں۔ دوسرے دن اس کا دلیہ (میٹھا یا نمکین یا تیکھا، مریض کے حسب ذائقہ) بنا کر مریض کو تقریباً تین ماہ تک اسی طرح کھلاتے رہیں۔ ان شاء اللہ کینسر جیسے خبیث مرض سے نجات ملے گی۔

نوٹ: آیاتِ شفاء سے مراد مشہور چھ آیات ہیں۔

آیاتِ شفاء کے 40 تعویذات کا مکمل سیٹ

آیاتِ شفاء ہر طرح کی جسمانی بیماری کے علاج کے لیے مجرب ہیں۔ روحانی معالجین کی آسانی کے لیے زعفرانی سیاہی سے لکھے ہوئے 40 تعویذات پر مشتمل 40 یوم کے علاج کا مکمل سیٹ دستیاب ہے۔

ہدیہ: 1500 روپے شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

0346-4312272, 042-35410586

روحانی دکان دارالعمل حشتیہ ruhanishop

اولادِ نرینہ کے حصول کے مجرب اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

سورۂ مزمل کا گیارہ دن کا عمل

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ حمل ٹھہرنے کے تیسرے ماہ گیارہ دن تک سورۂ مزمل روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے حاملہ کو پلائیں۔ ان شاء اللہ فرزند پیدا ہوگا۔ بہت مجرب عمل ہے۔ ضرورت مندوں کے لئے تیر بہدف نسخہ ہے۔ ایمان ویقین کے ساتھ کریں، ان شاء اللہ مرادیں بر آئیں گی۔

حصولِ اولادِ نرینہ کا ایک روزہ عمل

شب زفاف میں بی بی کے پاس جا کر قبل مباشرت دس (۱۰) بار ''اَلْمُتَکَبِّرُ'' پڑھیں تو اولادِ نرینہ نیک بخت پیدا ہو۔

اولادِ نرینہ کے لئے

حضرت مولانا اعجاز خان صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اولادِ نرینہ سے محروم ہو اور چاہتا ہو کہ اس کے یہاں بھی لڑکا پیدا ہو جو اس کی جائیداد کا وارث بنے تو اس کے لئے بعد نماز عشاء پابندی کے ساتھ باوضو قبلہ رخ پاک مصلے پر بیٹھ کر پانچ سو (۵۰۰) بار اسم الٰہی ''یَا اَوَّلُ'' بلا ناغہ پڑھا کرے۔ جب حمل ٹھہر جائے تو روزانہ ایک مرتبہ سورۂ یٰسین شریف باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی بیوی کو پلایا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہوگا اور نیک سیرت اور اچھی صورت کا ہوگا۔

اولادِ نرینہ کے لیے

وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾ (نوح: ۱۲)

اگر کسی کے ہاں صرف لڑکیاں ہوں، لڑکا نہ ہو تو استقرارِ حمل کے وقت سے نو ماہ تک اس آیت کو روزانہ ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھیں، ان شاء اللہ اولادِ نرینہ ہوگی۔

برائے بے اولاد و طلب فرزند

ڈاکٹر سید قمر رضا مشہدی تحریر فرماتے ہیں کہ نوروز 21 مارچ سے تئیس دن کے بعد نیساں کا مہینہ شروع ہو جاتا ہے۔ جو تیس روز کا شمار ہوگا۔ اس ماہ میں جو پانی برسے گا وہ آب نیساں کہلائے گا۔ جو شخص اس پانی کو جمع کر کے اس پر سورۃ فاتحہ، آیۃ الکرسی، چاروں قل اور سورۃ قدر ہر ایک ستر بار پڑھے۔ پھر ستر مرتبہ اللہ اکبر، ستر مرتبہ لا الہ الا اللہ اور ستر مرتبہ اللھم صل علی محمد و آل محمد ﷺ پڑھے۔ اور اس نیت سے پیئے کہ فرزند ہو تو اللہ تعالیٰ اسے فرزند دے اور اگر بانجھ عورت پیئے تو اولادِ نرینہ پائے۔

بیٹا پیدا ہونے کے لیے

جو شخص چاہے کہ اس کے لڑکا پیدا ہو تو سورۂ فجر کو باوضو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے، ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

نرینہ اولاد کا حصول

وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾ (نوح: ۱۲)۔ اگر آپ کے یہاں اولادِ نرینہ نہیں ہے تو حمل ٹھہرتے ہی نو مہینے تک گیارہ (۱۱) مرتبہ روزانہ یہ آیت پڑھے۔

نرینہ اولاد کے لیے

جب حمل اڑھائی ماہ کے قریب ہو اور تین ماہ کامل نہ گزرے ہوں تو صبح کی نماز کے بعد باوضو حالت میں پہلے درود شریف پڑھیں اور پھر سورۂ فاتحہ، اور پھر سورۂ بقرۃ کی پہلی دو آیات پڑھیں اور نئے مٹی کے آبخورہ میں پانی لے کر اس پر دم کر کے حاملہ عورت کو پلا دیں۔ سات دن تک یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔ مجرب ہے۔

Darulamal Chishtia Lajpat Pakistan
darulamal.org/magazines/rahani
Whatsapp +92 322-4773786

فتوحات کے حصول کیلئے

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

فتوحات کے دروازے کھلتے چلے جائیں

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ حصولِ فتوحات کے لیے بعد نمازِ عشاء ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ ''یَافَتَّاحُ'' کو پڑھے۔ اور عمر بھر پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ، ہر طرف سے فتوحات کے دروازے کھلتے چلے جائیں گے۔

رجوعات اور فتوحات کے لیے

رجوعات اور فتوحات کا ایک نایاب عمل ہے۔ یہ عمل اسم ''بدوح'' کا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ بدوح کسی جن کا نام ہے، یہ بات غلط ہے۔ یہ نامِ خدا ہے مگر یہ لفظ توریتی ہے۔ اس کی معنی ہے کہ اللہ بہت تعریف والا ہے اور جلالیت اس میں بہت ہے۔

جو کوئی اس عمل کو روزانہ ایک ہزار ایک سو اکتالیس (۱۱۴۱) بار آگے پیچھے گیارہ گیارہ درود شریف، چالیس (۴۰) دن تک پرہیز ہر قسم کا گوشت، کچا پیاز، لہسن اور ھینگ کا کرے، باقی جو چاہے کھا سکتا ہے۔ ان شاءاللہ بے انتہاء رجوعات اور فتوحات سے نوازا جائے گا۔ بعد چلہ عمل کو قابو میں رکھنے کہ لیے اکتالیس (۴۱) مرتبہ ہمیشہ پڑھ لیا کرے۔ اجازت عمل لازم ہے ورنہ رجعت کا خطرہ ہے عزیمت یہ ہے: یَابُدُّوْحُ تَبَدَّحتَ بِالْبُدُّوْحِ وَالْبُدُّوْحُ فِیْ بُدُّوْحِ بُدُّوْحِكَ یَابُدُّوْحَ

فتوحات کے دروازے کھل جائیں

سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾

(الرعد ۱۳:۲۴)

اگر کسی شخص کو حوادث روزگار نے ستا رکھا ہو یا کسی شخص سے دکھ پہنچا ہو تو اس آیت کو پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے لیے دین و دنیا میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

فتوحِ رزق کا حصول

جو شخص عشاء کی نماز کے بعد ننگا سر کر کے

''یَارَزَّاقُ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ یَارَزَّاقُ''

گیارہ بار اول و آخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس (۴۱) بار روز پڑھے گا، فتوحِ رزق پائے گا۔

غیبی رزق و فتوحات کا عمل

فتوحات کے دروازہ کھولنے اور فقر و فاقہ کو دُور کرنے کے لئے ایک دُعا حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ کی تصنیف شدہ تحریر کرتا ہوں، جو کہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِیَتِكَ وَ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

امام صاحب امام غزالی رحمہ اللہ اور علماء دین فرماتے ہیں کہ جو شخص اس دُعا کو بعد جمعہ سے پڑھنا شروع کرے گا اور روزانہ ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے گا تو خدا تعالیٰ اس دُعا کے پڑھنے والوں کو مخلوق سے غنی کر دے گا اور ایسی جگہ سے رزق دے گا، جہاں سے اس کو گمان بھی نہ ہوگا اور تمام مخلوق سے بے پرواہ ہو جائے گا۔ مجرب المجرب عمل ہے۔

(اس دعا کو کم از کم چالیس یوم پڑھا جائے اور اس دوران اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے والے اعمال سے بھی بچا جائے۔)

سبز بتی

قیمت 6 روپے فی عدد

عاملین کی مجرب المجرب بتی، بداثرات کا بہترین توڑ

- رہائشی اور کاروباری جگہ سے ہر قسم کے جناتی، آسیبی جادو اور شیطانی اثرات کو ختم کرتی ہے۔
- رہائشی اور کاروباری جگہ سے ہر قسم کے نحس، غلط اور منفی اثرات کو ختم کرتی ہے۔
- رہائشی اور کاروباری جگہ سے ہر قسم کی بندشیں اور رکاوٹیں ختم کرتی ہے۔
- رہائشی اور کاروباری جگہ سے ہر قسم کی بوجہ اثرات پیدا ہونے والی بدبو کو ختم کرتی ہے۔

0334-4312272, 042-35410586

روحانی دکان دارالعمل حشتیہ ruhanishop

سورج اور چاند گرہن کے عملیات

سید انور فرازؔ (کراچی)

سورۂ کوثر کا تالے والا عمل

اس عمل کے لئے گہن کے وقت سے پہلے ایک نیا غیر استعمال شدہ تالا لا کر رکھ لیں۔ تالا لوہے یا اسٹیل کا ہو۔ بہترین بات یہ ہوگی کہ ایسا تالا ہو جو چابی سے کھلتا اور بند ہوتا ہو لیکن اگر ایسا تالا نہ ملے تو کوئی حرج بھی نہیں ہے۔ آپ وہی تالا لے لیں جو بغیر چابی کے کھٹکے سے بند ہوتا ہو۔

مکمل گرہن کے وقت باوضو ہو کر علیحدہ کمرے میں بیٹھیں، رجال الغیب کی سمت کا خیال رکھیں اور بسم اللہ پوری پڑھنے کے بعد سات مرتبہ سورہ کوثر پوری پڑھیں اور پھر زبان سے اپنے مقصد کا اظہار کریں۔ اس کے بعد تالے کے سوراخ میں پھونک مار کر تالا بند کر دیں۔

خیال رہے کہ اس سارے کام کے دوران اپنی ذہنی اور روحانی قوت کو اپنے مقصد پر مرتکز کریں۔ یعنی دل میں یہ یقین پیدا کریں کہ آپ جو کچھ کر رہے ہیں اور جس مقصد سے کر رہے ہیں وہ یقیناً انجام پائے گا۔ اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہ رکھیں۔ مقصد کے حوالے سے سورۂ کوثر پڑھنے کے بعد آپ کا جملہ اس طرح ہونا چاہئے۔

مثلاً کسی کے دل میں جگہ اور محبت پیدا کرنا مقصود ہے تو یوں کہیں۔ ”میں نے باندھا خواب وخیال کو فلاں بن فلاں کے جب تک مجھے نہ دیکھے، چین نہ پائے۔“

اگر مقصد کسی بری عادت یا حرکت سے روکنا ہے تو اس طرح کہیں ”میں نے باندھا عادت بدگوئی اور جھوٹ کو فلاں بن فلاں کہ کبھی جھوٹ نہ بولے اور خراب کلمات منہ سے نہ نکالے۔“

اگر نشے یا جوئے کی عادت سے روکنا ہو تو جملہ اس طرح کہیں۔ ”میں نے باندھا عادت نشہ یا جوا فلاں بن فلاں کا، کبھی نشہ نہ کرے یا کبھی جوا نہ کھیلے۔“

الغرض کسی بھی برے کام یا بری عادت سے روکنے کے لئے اپنے مقصد کا اظہار ایک مختصر سے جملے میں اس طرح کریں کہ آپ کی کوشش کا اثبات ظاہر ہو اور اس کام کی نفی کی جائے جسے روکنا مقصود ہے۔

میاں بیوی میں محبت کے لیے عمل خاص

زن وشوہر میں اختلافات، مزاجی ناہمواری، باہمی لڑائی جھگڑا، محبت کی کمی وغیرہ کے لیے یہ ایک مجرب طریقہ ہے اور صرف شادی شدہ خواتین و حضرات ہی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ نہایت آسان بھی ہے۔ گرہن کے درمیانی وقت میں ایک سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے پوری بسم اللہ لکھ کر سورۂ الم نشرح پوری لکھیں پھر یہ آیت لکھیں۔

والقیت علیك محبة فلاں بن فلاں (یہاں مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں) علیٰ محبة فلاں بنت فلاں (یہاں طالب کا نام مع والدہ لکھیں) کما الفت بین آدم و حوا و بین یوسف و زلیخا و بین موسیٰ و صفورا و بین محمد و خدیجة الکبریٰ و اصلح بین هما اصلاحاً فیه ابداً

اب تمام تحریر کے اردگرد حاشیہ (چاروں طرف لکیر) لگا کر کاغذ کو تہہ کر کے تعویز بنا لیں اور موم جامہ کر کے بازو پر باندھ لیں یا پھر اپنے تکیے میں رکھ لیں۔

خیال رہے کہ مندرجہ بالا نقوش لکھتے ہوئے باوضو رہیں، پاک صاف کپڑے پہنیں، علیحدہ کمرے کا انتخاب کریں، لکھنے کے دوران مکمل خاموشی اختیار کریں اور اپنے مقصد کو ذہن میں واضح رکھیں کہ آپ کیا چاہتے ہیں، رجال الغیب کا خیال رکھیں کہ آپ جس طرف رخ کر کے بیٹھے ہوں وہ آپ کے سامنے نہ ہوں، رجال الغیب کا نقشہ ہماری ویب سائٹ پر آثار جفر کے لنک میں موجود ہے، اس سے مدد لیں۔

ناجائز و ناپسندیدہ تعلق کا خاتمہ

اکثر والدین اپنے بیٹے یا بیٹی کی ایسی محبت یا وابستگی سے پریشان رہتے

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتیں آپ سے دور رہیں؟ goo.gl/CP1njK

ہیں جوان کے نزدیک ناپسندیدہ ہوتی ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ ان کا لڑکا یا لڑکی ایک غلط راستے پر چل رہے ہیں۔

ایسی صورت میں طریقہ یہ ہے کہ گہن کے وقت کسی علیحدہ کمرے میں باوضو بیٹھ کر مندرجہ ذیل سطور کسی سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے لکھیں اور کاغذ کو تہہ کر کے تعویذ کی شکل بنالیں اور پھر اس کاغذ کو کسی بھاری وزنی چیز کے نیچے دبا دیں یا قبرستان میں دفن کر دیں، اگر ایسے دو نقش تیار کیے جائیں اور دونوں کو لڑکا اور لڑکی کے راستے میں دفن کر دیا جائے تو ان شاء اللہ دونوں کے درمیان علیحدگی ہو جائے گی۔

"احد رسص طعك لموه لاديا يا غفور يا غفور بستم تعلق فلاں بن فلاں و بين فلاں بن فلاں عَقدَت قُلوبهم ابداً يا حراكيل بحق يا قابض يا مانع العجل العجل الساعة الساعة"

بھاگنے والے کو روکنا یا مفرور کی واپسی

اگر کوئی بچہ یا بڑا گھر سے بھاگتا ہو یا گھر چھوڑ کر چلا گیا ہو تو اس کے لیے سورج یا چاند گہن کے وقت نقش بنانے کا طریقہ یہ ہے۔

حسب دستور علیحدہ کمرے میں بیٹھ کر سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے اس طرح نقش لکھیں۔ حروف صوامت کی چار سطریں دائیں بائیں اور اوپر نیچے اس طرح لکھیں کہ درمیان کی جگہ خالی رہے اور حروف کی سطروں سے ایک چوکور خانہ بن جائے۔ پھر اس خانے کے درمیان بیچ میں بھاگنے والے کا نام مع والدہ لکھیں۔ اس کے بعد حروف صوامت کی سطور کے اوپر سات سات مرتبہ یہ چار آیات لکھ دیں۔

صُم بُكم عُمی فَهُم لا يَرجعُون ۔ صُم بُكم عُمی فَهُم لا يَعقِلُون۔ صُم بُكم عُمی فَهُم لا يُبصِرُون۔ صُم بُكم عُمی فَهُم لا يُتكَلِمُون۔

اب اگر بھاگنے والے کو روکنا مقصود ہے تو بیچ کے خانے میں اس کے نام کے ساتھ اس جملے کا اضافہ کر دیں "بستم قدم درون خانہ"۔ اس تعویذ کو اس کے تکیے میں یا سرہانے کسی جگہ رکھ دیں۔ ان شاء اللہ گھر سے بھاگنے سے باز آجائے گا اور زیادہ وقت گھر میں ہی گزارے گا۔ اگر بھاگے ہوئے کو واپس بلانا مقصود ہے تو اس نقش کو کسی لکڑی کے تختے یا موٹے گتے پر چپکا دیں اور پھر اسے گھر کی جنوبی دیوار پر ایک کیل ٹھونک کر لٹکا دیں۔ بھاگنے والے کا نام جو درمیان میں لکھا ہے، اس کے پہلے حرف پر کوئی سوئی یا آل پن چبھو دیں۔ ان شاء اللہ 13 دن میں واپس آئے گا یا اس کی کوئی خبر ملے گی۔ عمل کے بعد مٹھائی پر فاتحہ ضرور دیں اور 300 روپے خیرات کر دیں۔

مخالف کی زبان بندی

عین گہن کے وقت مندرجہ ذیل سطور کالی یا نیلی روشنائی سے لکھیں یا سیسے کی تختی پر کسی نوکدار چیز سے کندہ کریں اور پھر کسی بھاری چیز کے نیچے دبا دیں یا کسی نم دار جگہ دفن کر دیں۔ ان شاء اللہ وہ شخص آپ کی مخالفت سے باز آجائے گا۔

ا ح د ر س ص ط ع ك ل م و ه لا د ي ا يا غفور يا غفور عقد اللسان فلاں بن فلاں فی الحق فلاں بن فلاں يا حراكيل۔

دو افراد کے درمیان عداوت و دشمنی

اکثر دو افراد کے درمیان عداوت یا دشمنی اس قدر بڑھ جاتی ہے اور پورے خاندان کے لیے عذاب بن جاتی ہے، اس کا خاتمہ ضروری ہے، اکثر تو اس بنیاد پر باہمی قریبی رشتوں میں دراڑیں پڑ جاتی ہیں، ایسی صورت حال کے لیے درج ذیل عمل مفید ثابت ہوگا، دیکھنا یہ ہوگا کہ دونوں میں سے حق پر کون ہے اور ناحق کون کر رہا ہے؟ لہٰذا نقش لکھتے ہوئے پہلے اُس فریق کا نام مع والدہ لکھیں جو ظلم و زیادتی کر رہا ہو اور بعد میں اس کا نام لکھیں جو حق پر ہو اور اس ساری دشمنی میں اپنا دفاع کر رہا ہو۔

احدرسص طعك لموه لاديايا غفور يا غفور بستم اختلاف و عداوت فلاں بن فلاں و بين فلاں بن فلاں بحق

Darul Ilm Ghausia Chishtia Lahore Pakistan
ماهنامه روحانی ڈائجسٹ لاہور
Whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazine/ruhani

صم بکم عمی فھم لایعقلون یا حراکیل العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

کسی صاف کاغذ پر نیلی یا کالی روشنائی سے دو نقش گہن کے وقت لکھیں اور موم جامہ یا اسکاچ ٹیپ لپیٹ کر اُس راستے میں دائیں بائیں کسی سائیڈ دفن کر دیں، جہاں سے اُن کا گزر ہوتا ہو، زمین میں دفن کرنے سے پہلے نقش پر کوئی وزنی پتھر بھی رکھ دیں، بعد ازاں کچھ مٹھائی پر فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کریں اور حسب توفیق صدقہ وخیرات کریں۔

برائے خواب بندی

خواب بندی سے مراد یہی ہے کہ کسی کی توجہ حاصل کی جائے یعنی وہ ہمیشہ آپ کے لیے بے چین اور بے قرار رہے، اس مقصد کے لیے درج ذیل نقش لکھ کر کسی وزنی چیز کے نیچے دبائیں، یہ نقش قمر در عقرب یا سورج یا چاند گہن میں لکھا جائے گا۔

ا ح د ر س ص ط ع ك ل م و ہ لا د یا یا غفور یا غفور بستم خواب و خود فلاں بن فلاں (یہاں اس کا نام مع والدہ لکھیں جس کے دل میں محبت پیدا کرنا ہے) علے حب فلاں بن فلاں (اپنا نام مع والدہ) یا حراکیل۔

بندشِ طلاق

اکثر ایسی صورت حال پیدا ہو جاتی ہے کہ شوہر یا شوہر کے گھر والے طلاق دینے پر آمادہ ہو جاتے ہیں، بعض شوہر ذرا ذرا سی بات پر بیوی کو طلاق کی دھمکی دیتے رہتے ہیں، ایسی صورت حال میں طلاق کو روکنے کے لیے درج ذیل نقش لکھ کر وزنی چیز کے نیچے دبائیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ك ل م و ہ لا د یا یا غفور یا غفور بستم ارادئہ طلاق فلاں بن فلاں (یہاں اس کا نام مع والدہ لکھیں جس سے طلاق کا خطرہ ہو) فی حق فلاں بن فلاں (اپنا نام مع والدہ) یا حراکیل العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ۔

سورج گرہن میں بندش کے توڑ کا عمل

حافظ مسعود الرحمن مجددی نقشبندی

امسال کا پہلا سورج گرہن 21 جون 2020 بروز اتوار صبح 9 بج کر 47 منٹ پر لگنا شروع ہوگا اور صبح 11 بج کر 40 منٹ پر مکمل لگ جائے گا۔ اس کے بعد اترنا شروع ہوگا اور دوپہر 1 بج کر 32 منٹ پر یہ گرہن مکمل اتر جائے گا۔ مکمل گرہن کا وقت 3 گھنٹے اور 45 منٹ کا ہوگا۔ بروز اتوار نحس اکبر ساعت ہوگی۔ طلاق کرانا، طلاق روکنا، بندش کرانا، بندش کھولنا، حب وبغض، زبان بندی..... الغرض سب اعمال کئے جاسکتے ہیں۔

سورج گرہن میں سورت اخلاص سے بندش توڑنے کا نایاب عمل

ہر قسم بندش و رکاوٹیں کھولنے کے لیے مقررہ وقت سے پہلے حسبِ توفیق مندرجہ ذیل صدقہ ادا کریں اور نمازِ کسوف ادا کریں۔ گرہن کے وقت دو رکعت نفل پڑھیں اور ہر رکعت میں سورت فاتحہ کے بعد آپ کو جو بھی سورت سب سے لمبی یاد ہو، وہ پڑھیں۔ بعد سلام کے یہ عمل کریں۔ گرہن کے وقت چار چیزیں لیں۔ آٹا۔ چینی۔ نمک۔ پانی۔ ان پر تین سو تیرہ (313) مرتبہ سورت اخلاص پڑھیں۔ اول آخر 11 مرتبہ درود شریف اور ان پر دم کریں اور استعمال میں لائیں۔ ان شاء اللہ، اس عمل کی برکت سے جو بندش ہو، گی ختم ہو جائے گی۔ یہ عمل کرنے سے پہلے ہم سے اجازت ضرور لے لیں تا کہ ہمارے علم میں ہو کہ آپ عمل کر رہے ہیں۔

گرہن کے صدقات: گندم۔ جو۔ چاول۔ باجرہ۔ دال چنا۔ مکئی۔ شکر..... صدقہ کریں۔

اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک ہم سب مسلمانوں کو زمین اور آسمانی آفات سے محفوظ رکھیں اور اپنے دین اسلام اور نبی کریم ﷺ کی سنت کر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں اور میدان محشر میں ہماری بخشش ومغفرت فرمائیں اور ہم سب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائیں۔ آمین

روحانی درسگاہ کا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں goo.gl/VwtgFS

خواب کی شرعی حیثیت

از: مفتی محمد صاحب دامت برکاتہم

سوال مجھے اکثر خواب آتے ہیں، کوئی رات مجھ پر ایسی نہیں گزرتی جس میں خواب نہ آئیں، بلکہ رات دن میں کسی بھی وقت اگر پانچ منٹ کیلئے بھی آنکھ بند ہوجائے جب بھی خواب آتے رہتے ہیں، یہ سلسلہ بچپن میں بھی رہا لیکن چار پانچ سال سے تو بلاتوقف خواب دیکھ رہا ہوں اور ہر رات درجنوں مختلف اقسام کے خواب دیکھتا ہوں، کبھی جنگیں، کبھی قیامت، کبھی زلزلے، کبھی نمازیں پڑھنا اور پڑھانا، کبھی تلاوت، کبھی جہاد، کبھی ندی نالوں میں طغیانی، کبھی درندے، کبھی مردے، دومرتبہ نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی، ایک مرتبہ بچپن میں ایک قاری صاحب کی شکل میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی جھرمٹ نصیب ہوئی، جبکہ دوسری مرتبہ غالباً 2006ء میں حضرت مولانا سید غلام نبی شاہ صاحب مانسہرہ والے کی صورت میں ہوئی۔

بعض اوقات آئندہ پیش آنے والے حالات پہلے ہی خواب میں دیکھ لیتا ہوں اور وقت آنے پر وہی کچھ رونما ہوتا ہے، کئی دفعہ رات کو خواب میں اخبار میں جو خبریں پڑھتا ہوں صبح وہی سرخیاں اخبار میں لگی ہوتی ہیں۔

برائے کرم خوابوں کی شرعی حیثیت اور تعبیر کے بارے میں آگاہ فرمائیں۔

(شاہ عبدالعزیز، مانسہرہ)

جواب انبیاء علیہم السلام کے علاوہ اور لوگوں کے خواب شرعی حجت نہیں لہٰذا اس سے کسی مسئلہ کا اثبات تو نہیں ہوسکتا، البتہ اچھے خواب جن میں قرآن وسنت اور اجماع امت کے خلاف کوئی بات نہ ہو، مومن کیلئے مبشرات ضرور ہیں، خواہ کوئی خود دیکھے یا اس کے بارے میں کوئی اور دیکھے اور حدیث میں ایسے خوابوں کو نبوت کا چھیالیسواں حصہ کہا گیا ہے جس کا مطلب بعض شارحین حدیث نے یہ بیان کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو وحی آتی تھی جو غیب کی باتوں کو جاننے کا ذریعہ تھی وہ آپ ﷺ کے بعد ختم ہوگئی، اب صرف اچھے خواب ہی ایسے رہ گئے ہیں جو بعض غیب کی باتوں کو جاننے کا ذریعہ ہیں، اچھے خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتے ہیں اور برے خواب عام طور پر شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں۔

اچھے خواب دیکھنے کے بعد تین کام کرنے چاہئیں:

1. اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء
2. خوش ہونا اور اپنے حق میں اس کو خوشخبری سمجھنا۔
3. جس سے محبت ہو اس کے سامنے بیان کرنا۔

برے خواب دیکھنے کے بعد چار کام کرنے چاہئیں:

1. خواب کے شر سے اللہ کی پناہ مانگنا۔
2. شیطان کے شر سے پناہ مانگنا۔
3. نیند سے بیدار ہوکر بائیں طرف تھتکارنا۔
4. کسی سے بیان نہ کرنا۔ (فتح الباری)

جنات کے بارے میں مختلف سوالوں کے جوابات:

سوال:1 حقیقی جنات لگ جانے کی علامت کیا ہے؟ یہ اس لیے پوچھ رہا ہوں تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ متاثرہ شخص مکر کررہا ہے یا حقیقت میں وہ جکڑا ہوا ہے۔

2. جب عامل متاثرہ شخص کے واسطے سے جنات کو مخاطب کرکے مختلف باتیں پوچھتے ہیں تو جواب میں جنات کی بجائے وہ آدمی بولتا ہے تو کیا جنات انسان کی آواز اور زبان پر غلبہ پاسکتے ہیں؟
3. جنات پر قابو پانے کے لیے کیا کرنا چاہیے اور ان کو کیسے تابع بنایا جائے؟
4. کیا جنات اپنی اصل شکل میں کسی انسان کے سامنے آسکتے ہیں؟ کیونکہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ جو آدمی جنات کو اصل شکل میں دیکھنے کا دعویٰ کرے تو اس کی گواہی کسی معاملے میں قبول نہ کی جائے۔

(کمالہ حیات الحیوان)

5. انسان کے ساتھ لگنے والے جنات چلنے والے ہوتے ہیں یا اڑنے والے؟
6. جنیہ سے یا پری سے شادی کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ کیونکہ بعض کتابوں میں

''دوسری جنس کی بناء پر'' ناجائز لکھا ہے اور بعض کتابوں میں جائز لکھا ہے اور بطور دلیل بعض بزرگوں کی جنات سے شادی کے حوالے دیے ہیں، فتویٰ کس پر ہے؟ جنات کے موضوع پر کوئی کتاب بتادیں، شکریہ (شاہ عبدالعزیز۔ لاہور)

جواب:۱ یہ کسی متبع سنت ماہر عامل سے پوچھ لیں۔

❷ جنات کا انسان پر غلبہ پانا اور اس کی زبان اور آواز پر حاوی ہونا حقیقت ہے جیسا کہ تجربہ سے بھی یہ بات ثابت ہے اور قرآن کریم میں بھی اس کا ذکر ملتا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ سورۂ بقرۃ پارہ نمبر ۳ میں ارشاد فرماتے ہیں:

اَلَّذِیْنَ یَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا یَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا یَقُوْمُ الَّذِیْ یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ

''جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ قیامت کے دن قبروں سے نہیں کھڑے ہوں گے مگر جس طرح کھڑا ہوتا ہے ایسا شخص جس کو شیطان خبطی بنادے لپٹ کر۔'' (یعنی حیران اور مدحوش ہوگا)

اس آیت کے ذیل میں قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ تعالیٰ ''تفسیر مظہری'' میں ارشاد فرماتے ہیں:

''ان حدوث المرض لمس الشیطان ثابت بالکتاب والسنۃ قال اللہ تعالیٰ فی قصۃ ایوب علیہ السلام (نَادٰی رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّیْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ) وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی المستحاضۃ رکضۃ من رکضات الشیطان الخ۔'' (۱/۳۹۴)

''مس شیطان سے مرض کا لاحق ہونا کتاب اور سنت سے ثابت ہے، اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کے قصے میں فرمایا ہے:

''اس نے پکارا اپنے رب کو کہ مجھ کو شیطان نے ایذاء اور تکلیف پہنچائی۔''

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مستحاضہ کے بارے میں فرمایا کہ وہ شیطان کی حرکتوں میں سے ایک حرکت ہے۔''

❸ جنات کو قابو کرنے اور ان کو تابع بنانے کا گر تو اس فن کے ماہر ہی بتا سکتے ہیں، یہ ہمارا فن نہیں۔ البتہ یہ یاد رہے کہ شرعاً جنات کو تابع بنانا جائز نہیں، یہ بغیر رضامندی کے دوسری مخلوق کو غلام بنانے کے مترادف ہے جو جائز نہیں۔ جنات کو قابو میں لینے کی فکر کی بجائے آخرت کی فکر کی جائے اور دین کی طرف اپنی توجہ مرکوز رکھی جائے، تجربہ یہ ہے کہ جو لوگ اس میں پڑ جاتے ہیں ان میں سے اکثر لوگ نہ دین کے رہتے ہیں اور نہ دنیا کے اور یہ کام خطرناک بھی بہت ہے، کسی بھی وقت موقع پا کر جن تکلیف پہنچا سکتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو ہر وقت بہت محتاط رہنا پڑتا ہے جس سے آزادی سلب ہو کر زندگی اجیرن بن جاتی ہے۔

❹ علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے ''آکام المرجان'' میں لکھا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے زمانے میں تو جن کو اپنی اصلی شکل میں دیکھنا ممکن تھا جیسے کہ سلیمان علیہ السلام ان جنات کو دیکھتے تھے جو ان کے لیے کام کرتے تھے، لیکن انبیاء کرام علیہم السلام کے زمانے کے بعد ان کو دیکھنا ممکن نہیں۔ اس لیے امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جو یہ دعویٰ کرے کہ اس نے جن اصلی شکل میں دیکھا ہے اس کی گواہی قبول نہیں، اس لیے کہ وہ جھوٹا ہے اور جھوٹے کی گواہی قبول نہ کی جائے۔

❺ یہ جان کر آپ کو کیا فائدہ ہوگا؟

❻ کسی انسان کا جنات کے ساتھ شادی کرنا خلاف جنس ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے، چنانچہ فقہ حنفی کے مشہور فقیہ علامہ شامی رحمہ اللہ ''رد المحتار'' میں فرماتے ہیں:

''لا تجوز المناکحۃ بین بنی آدم والجن'' (۳/۵)

''بنی آدم اور جن کے درمیان شادی کرنا جائز نہیں۔'' اس کی دلیل علامہ شامی نے یہ دی ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتے ہیں:

واللہ جعل لکم من انفسکم ازوجا

کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے نفسوں سے تمہارے لیے بیویاں بنائی ہیں، یعنی انسانوں سے، ایک دوسری جگہ ارشاد ہے:

فانکحوا ماطاب لکم من النساء

''یعنی انسانوں میں سے جو عورتیں تمہیں پسند ہوں ان سے شادی کرو۔''

❼ ''آکام المرجان فی احکام الجان'' از علامہ جلال الدین السیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ جس کا اردو ترجمہ ''تاریخ جن وشیاطین'' کے نام سے مشہور ہے۔

مفتیان اور علماء کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/ss9ezx

مشکلات سے نجات کے روحانی اعمال

مرتب: محمد علیم (رکن روحانی علاج گاہ)

ہر طرح کی مشکل سے نجات

عامل کامل ماسٹر شفیع الدین نظامی مرحوم تحریر فرماتے ہیں کہ ہر طرح کی مشکل سے نجات کے لیے علیحدہ اور صاف پاکیزہ کمرے میں رات بارہ بجے کے بعد دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھیں۔ نماز ختم کر کے گیارہ گیارہ بار اول و آخر درود شریف اور درمیان میں کم از کم تین سو تیرہ (۳۱۳) بار ورنہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار توجہ کاملہ کے ساتھ مندرجہ ذیل شعر پڑھ کر دایاں گھٹنا کھڑا کر کے اس پر دایاں گال رکھ لیں اور اپنی حاجت با آواز دل بارگاہ الٰہی میں پیش کریں۔ ان شاء اللہ گیارہ دن میں کامیاب ہوں گے۔

فَسَهِّلْ يَا اِلٰهِي هٰذَا صَعْبٍ
بِحُرْمَتِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

سخت ترین مشکل سے نجات کے لئے یا قیومُ کا تین روزہ عمل

سخت ترین مشکل میں ایک فرد یا تین افراد مل کر اکیس ہزار (۲۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ تین دن تک یَا قَیُّوْمُ کا ورد کریں۔ ان شاء اللہ جلد مشکل آسان ہوگی۔

اسماء الحسنیٰ سے مشکل کا حل

یَارَحْمٰنُ یَاسَلَامُ کو چار سو انتیس (۴۲۹) مرتبہ روزانہ صبح و شام پڑھنا ہر مشکل کے حل کے لئے مجرب ہے۔

اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پریشانی سے نجات

جو کوئی کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو کہ جس کے باعث شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہو تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ ''سَیِّدِنَا شَکُوْرٌ صلی اللہ علیہ وسلم'' پڑھ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، چند دنوں میں پریشانی ختم ہو جائے گی۔

مشکلات کے حل کا خاص عمل

طریقہ نماز تہجد کا چار رکعت سے بارہ رکعت ہے۔ اول چاند رات سے شروع کرے یعنی اس طریقہ سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں بعد الحمد کی سورت کے ایک مرتبہ قل ھو اللہ، دوسری رکعت میں دو مرتبہ، تیسری میں تین مرتبہ، چوتھی میں چار بار۔ غرض کہ اسی طرح ہر رکعت میں ایک ایک مرتبہ، یہاں تک کہ بارہویں رکعت میں بارہ مرتبہ قل ھو اللہ شریف کی سورت پڑھے۔ اور جب چاند کا زوال ہو یعنی چاند گھٹنے لگے تو سولہویں رات سے ایک مرتبہ قل ھو اللہ ہر ایک رات گھٹاتا جائے، جیسے ایک ایک سورۃ ہر رات۔ جیسے چاند کی راتیں بڑھتی ہیں ہر ایک رات سورۃ بڑھا کر پڑھا کرے، دلی مراد بر آئے۔ فکر و غم مبدل ہو جائے، تہجد کی نماز کا عادی ہو گیا ہے تو اسی طرح ہمیشہ پڑھا کرے۔ کچھ عرصہ بعد دیکھے گا کہ دینوی و دنیاوی حاجتیں پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں اور مدارج کی ترقی نظر آتی ہے۔ بعد نماز تہجد گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اول و آخر پڑھے اور ان کے درمیان پانچ سو مرتبہ یہ اسم پاک پڑھے، بہت جلد دلی مراد بر آئے گی معہ بسم اللہ۔ درود شریف یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم صلی علی سیدنا محمد وعلی سیدنا محمد وآل سیدنا محمد بعدد کل ذرہ بعدد کل ذرہ ما الف الف مرہ ۵۰۰ بار یہ اسم پاک پڑھو یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

روحانی اگربتی برائے دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات

اس اگربتی پر روحانی علاج گاہ کے عاملین نے کئی ایسے کلاموں کے دم کیے ہیں جو جادو اور جنات و شیاطین کے بد اثرات دور کرنے میں بہت مفید ہیں۔ تمام دم کرنے والے افراد ان اعمال کے خود بھی عامل ہیں۔

جادو، جنات، آسیب، شیاطین، نظر بد، حسد، لڑائی جھگڑے، گھر کا بھاری پن، گھر میں رہنے والوں میں بے چینی کی کیفیت، گھر سے بھاگنے کو دل کرنا، گھر میں یا جگہ پر تعویذات، انڈے، دال، مٹی، گوشت وغیرہ پڑے ملنا، ڈراؤنے خواب، معاملات میں رکاوٹیں، مسلسل ناکامیاں اور اس طرح کی دیگر کئی علامات کے لیے اس اگربتی کا استعمال بہت مفید ہے۔ ایک پیکٹ میں 30 اگربتیاں ہیں۔ قیمت: 150 روپے

0334-4312272, 042-35410586 روحانی دکان دار العمل چشتیہ ruhanishop

حصار قرآنی کبیر کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف یہ عمل ایک عظیم حصار ہے جو قرآنی آیات پر مشتمل ہے۔اس کے پڑھنے والے کی فرشتے حفاظت کرتے ہیں۔یہ حصار ہر قسم کے جنات، شیاطین، جادوگر، حاسدین، دشمن، بڑی بیماریاں، ارضی وسماوی آفات جیسے زلزلے، ایکسیڈنٹ، بم دھماکے، قتل وغارت، چوری، اغواء وغیرہ وغیرہ.....الغرض اپنی واہل وعیال کی ہر قسم کی جانی ومالی حفاظت کے لئے ایک بہترین ومضبوط عمل ہے۔عاملین کے لئے نہایت ضروری عمل ہے۔خاص کر جادو اور جنات کے متاثر مریضوں کا علاج کرنے والے اور کالے وسفلی عاملوں سے لڑنے والے عاملین کو لازمی یہ عمل کرنا چاہئے۔اور اپنے گھر والوں کو بھی کروانا چاہئے۔

اس عمل میں چھ (۶) درجوں کی چلہ کشی کروائے جاتی ہے۔پہلی اجازت کے ساتھ تین درجوں کی چلہ کشی کروائی جاتی ہے۔تین درجے مکمل کر کے عامل حصار کے عمل کو ماہرانہ طور پر حصار کر سکتا ہے۔دوسری اجازت میں چوتھے اور پانچویں درجوں کی چلہ کشی کروائی جاتی ہے۔تیسری اجازت میں چھٹے درجہ کی چلہ کشی کروائی جاتی ہے۔اجازت لینے کے بعد غائبانہ طور پر بڑے جنات کی معاونت بوقتِ عمل، عامل کو حاصل ہوگی۔

حصار قرآنی کبیر عمل کے فائدے جہاں آسمانی وزمینی آفتوں کا معاملہ ہے، وہیں نہ نظر آنے والی مخلوق ''جنات وشیاطین'' سے حفاظت بہت ضروری ہے۔قرآنی آیات پر مشتمل حصار کا عمل کرنے سے خاص روحانی دفاع حاصل ہوتا ہے۔عامل اپنی، اپنے اہل وعیال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ اپنے مریضوں کا روحانی دفاع کرنے کے بھی قابل ہوجاتا ہے۔اس عمل کا عامل دور بیٹھے کسی بھی جگہ/مریض کا حصار کر سکتا ہے، وہ جگہ/مریض چاہے جتنی دور ہو۔جتنی اس کی روحانی قوت ہوگی، اتنا دور کا اور مضبوط حصار کر سکتا ہے۔حصار قرآنی کبیر کے فوائد درج ذیل ہیں:

** اپنا اور مریض کا حصار کرنا ** جنات کی حاضری کے وقت کڑا لگانا ** بڑا اہم چلہ کرتے وقت حصار ** اپنی اور مریض کی جگہ کا حصار کرنا ** جگہ کے حصار کے لیے کیل پڑھ کر دینا ** کاروباری جگہوں کا حصار کرنا ** سامان کی حفاظت ** نئے بننے والے گھر کی حفاظت ** گاڑی کی حادثات سے حفاظت ** بچوں کی ہر قسم کی آفات وحادثات سے حفاظت ** نقدی وقیمتی سامان کی حفاظت.....الغرض ہر قسم کی حفاظت کے لیے اس عمل کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔عوام کے لئے **ھدیہ 2100** روپے اور روحانی درس گاہ اور خزینۂ روحانیات کے ممبران کے لئے **ھدیہ 1600** روپے ہے۔اس میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔چوتھے اور پانچویں درجوں کے عمل کرنے کا **ھدیہ 3100** روپے ہے۔چھٹے درجے کے عمل کرنے کا **ھدیہ 5100** روپے ہے۔

خاص اجازت (کم وقت میں کورس مکمل کرنا) جن لوگوں کے پاس وقت کم ہے، ان لوگوں کو خاص اجازت دی جاتی ہے اور مختصر وقت میں چلہ کشی کروا کر ابتدائی اور ماہر درجوں کی تکمیل کروائی جاتی ہے۔خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔پھر ''**آگے سکھانے کی خاص اجازت**'' حاصل کر کے سکھائیں۔بغیر اجازت، کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
روحانی درسگاہ دارالعمل الچشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/esllKa

بندش کے سرتاج عمل کے عامل بنیں

شاگردوں کیلئے 4100 روپے

یہ بندش کا سرتاج عمل ہے۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر، دونوں میں چلتا ہے۔ اس عمل سے کئی کام لیے جاسکتے ہیں اور مختصر تفصیل درج ذیل ہے۔ یاد رہے کہ بندش کا عمل صرف اور صرف اس جگہ کیا جائے، جہاں شریعت اجازت دے۔ کسی معتبر مفتی صاحب سے پوچھ کر عمل کیا جائے۔ جو لوگ ناجائز کریں گے، ان شاء اللہ، ان کا عمل بھی بے اثر ہوگا اور شدید رجعت بھی ہوگی۔ ادارہ ایسے تمام افراد سے بری الذمہ ہے۔

چاند گرہن آغاز 5 جون رات 22:45۔ اختتام 6 جون رات 02:04۔

سورج گرہن آغاز 21 جون صبح 08:45۔ اختتام 21 جون دوپہر 14:34۔

شادی، منگنی، رشتہ، محبت، طلاق وغیرہ

- محبت میں کسی کی عقل و خرد باندھنا تاکہ شدید محبت کرے۔
- محبت اور نیند باندھنا تاکہ مطلوبہ فرد رجوع کرے۔
- محبت کو ختم کرنا تاکہ مطلوبہ فرد سے جدائی ہو۔
- مخصوص جگہ منگنی باندھنا تاکہ وہیں ہو۔
- کسی خاص جگہ کے لئے نکاح باندھنا کہ وہیں ہو یا وہاں نہ ہو۔
- نکاح باندھنا تاکہ کسی جگہ نکاح نہ ہو۔
- طلاق باندھنا تاکہ شوہر طلاق نہ دے سکے یا بیوی خلع نہ لے۔
- بارات کی رخصتی باندھنا تاکہ رخصتی نہ ہو۔

بدکاری، ناجائز تعلقات، زنا، بدفعلی وغیرہ

- عورت کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد یا خاص مرد سے زنا نہ کرسکے۔
- مرد کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی عورت یا خاص عورت سے زنا نہ کرسکے۔
- مرد کو بدفعلی سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد یا خاص مرد سے بدفعلی نہ کرسکے۔

مرض، حمل، صحت وغیرہ

- حمل باندھنا تاکہ عورت کو حمل نہ ہو۔
- صحت باندھنا تاکہ صحت نہ ہو۔
- مرد کا نطفہ باندھنا تاکہ مرد کے نطفے سے حمل نہ ٹھہرے۔

معاش، نوکری، ترقی، عہدہ وغیرہ

- کسی کی معاش باندھنا۔
- عہدہ باندھنا تاکہ عہدہ قائم رہے۔
- ترقی باندھنا تاکہ ترقی نہ ہو۔
- دوکان باندھنا تاکہ دکان نہ چلے۔
- سفر باندھنا تاکہ اندرون و بیرون ملک سفر نہ کرسکے۔

بری عادات

- چوری کرنے کی عادت باندھنا تاکہ چوری نہ کرسکے۔
- شراب نوشی کی عادت باندھنا تاکہ شراب نہ پی سکے۔
- مارنے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو بھی نہ مار سکے۔
- قدم باندھنا تاکہ گھر سے باہر آوارہ نہ پھرے۔
- بے جا غصہ باندھنا تاکہ ناجائز غصہ نہ کرے۔
- مارنے و گالیاں دینے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو نہ مارے اور نہ گالی دے سکے۔

زبان بندی، دشمن وغیرہ

- زبان بندی تاکہ مخالف شخص کی سائل کے حق میں زبان بند ہوجائے۔
- مخلوق کی زبان بندی تاکہ کوئی بھی سائل کے خلاف نہ بولے۔
- دشمنی اور حسد باندھنا تاکہ دشمن دشمنی اور حسد چھوڑ دے۔
- نیند باندھنا، دشمن حد سے گذر جائے تو اس کی نیند سزا کے طور پر باندھنا۔

متفرق

- کسی خاص گھر جانے سے روکنا۔
- کسی کا عمل باندھنا تاکہ اس عامل کا عمل نہ چلے۔
- عقل و خرد باندھنا تاکہ سائل کے حق میں تسخیر ہوجائے۔
- نظر باندھنا تاکہ دیکھنے کی عادت ختم ہو۔ کچھ لوگوں میں یہ عادت ہوتی ہے کہ بلاوجہ کسی بھی چیز یا شخص کو گھور گھور کر دیکھتے ہیں۔

نوٹ اس طرح کے اور بہت سے کام ہیں جو کئے جاسکتے ہیں۔ ہمارا مقصد اس علم کو سکھانے سے ہرگز یہ نہیں کہ معاشرے میں فساد پھیلے۔ اس لئے ہر کسی کو نہیں سکھایا جاتا۔ ضرورت پڑنے پر حلف نامہ بھی لیا جاسکتا ہے۔

نوٹ حروف صوامت کے وہ عاملین، جنہوں نے یہ عمل کسی اور کی زیر نگرانی کیا ہو، وہ خصوصی اعمال کی کاپی **1500** روپے میں حاصل کریں۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
روحانی درسگاہ دارالعمل الاھور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

عوام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/sDzuVf

کوئی دعویٰ نہیں

عطر تسخیر

قیمت: 330 روپے 3ml

کوئی وعدہ نہیں

شائقین تسخیرات کیلئے یہ خبر یقیناً باعث مسرت ہوگی کہ ان کی آرزوئے دیرینہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں ہماری کوششیں بارآور ہوئیں اور روحانی دکان دارالعمل چشتیہ کی جانب سے "**عطر تسخیر**" تیار کرنے کا مرحلہ مکمل ہوا۔ ایسے افراد جو کسی بھی وجہ سے محفل کی جان بنتے ہوں اور بار بار تنزلی کا شکار ہو جاتے ہوں، وہ اس خاص دم شدہ عطر سے تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، تسخیر قلوب، قائم النکاح، دائمی دوستی ومحبت پیدا کرنا، حکمران کے دل میں اپنا رعب ڈالنا، گاہکوں میں اضافہ کرنا، لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرنا، من پسند رشتے کا حصول، زوجین میں الفت، محبت وکشش پیدا کرنا، رجوع خلقت وغیرہ باآسانی کر سکتے ہیں۔ ایسے تمام افراد جن کا تعلق پبلک سے ہے مثلاً ڈاکٹرز، وکلاء، دوکاندار یا سیاستدان اگر اس روحانی عطر کو استعمال کریں تو تسخیر خلق ہوگی اور دوست، احباب، عزیز واقارب سے اچھے تعلقات اور رشتوں میں استحکام پیدا کرنے کیلئے یہ "**عطر تسخیر**" سریع التاثیر ہے۔

عاملین حضرات
بول سیل ریٹ پر
عطر تسخیر منگوائیں

رعائتی پالیسی پرچون اور تھوک..... دونوں طرح دستیاب ہے۔ تھوک کے لیے کم از کم ایک درجن لینا لازمی ہے۔

پرچون خزینۂ روحانیات کے ممبران اور شاگرد (جو ممبر نہیں) کو 10٪ رعایت۔ خزینۂ روحانیات کے ممبر/شاگرد کو 15٪ رعایت۔

تھوک عوام کے لیے 10% رعایت۔ خزینۂ روحانیات کے ممبران اور شاگرد (جو ممبر نہیں) کو 15٪ رعایت۔ خزینۂ روحانیات کے ممبر/شاگرد کو 20٪ رعایت اور 3 درجن سے زائد عطر خریدنے پر اضافی 5٪ فیصد رعایت حاصل کریں۔ نیز 40ml,60ml,120ml یا اس سے زیادہ عطر کی قیمت کے لیے رابطہ فرمائیں۔

عاملین/روحانی معالجین کے لیے خوشخبری عاملین/روحانی معالجین کو یہ سہولت دی جارہی ہے کہ وہ اپنی مرضی کا لیبل لگوا کر منگوا سکتے ہیں۔ اپنا نام، پتہ ورابطہ نمبر دے سکتے ہیں۔ چاہیں تو بغیر لیبل کے منگوائیں اور خود لیبل لگائیں۔ اپنے مریضوں کو اعتماد سے استعمال کروائیں اور شہرت پائیں۔

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
السلام علیکم! اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو مٹی سے پیدا کیا ہے اور حضرت آدم علیہ السلام کو سب کا باپ بنایا ہے۔ اس لحاظ سے سب کی بنیاد تو ایک ہے لیکن کئی اعتبارات سے وہ ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔ چنانچہ شکل وصورت کے اعتبار سے وہ ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں اور کم ہی کوئی شخص دوسرے سے ملتا جلتا ہے۔ کوئی سفید گورے رنگ کا اور کوئی کالے سیاہ رنگ کا، کوئی چھوٹے قد والا اور کوئی بڑے قد والا۔ اسی طرح وہ سب اپنے معاشی حالات کے اعتبار سے بھی ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں، کوئی مالدار اور کوئی غریب، کوئی بخیل اور کوئی سخی، کوئی ہر حال میں شاکر اور کوئی ہر حال میں حریص ولالچی۔ اسی طرح ایمان وعمل کے اعتبار سے بھی وہ الگ الگ نظریات کے حامل ہوتے ہیں، کوئی مؤمن اور کوئی کافر، کوئی نیک وپارسا اور کوئی فاسق وفاجر، کوئی باکردار اور بااخلاق اور کوئی بد کردار اور بداخلاق۔ لیکن یہ سب کے سب اپنے احوال میں ایک دوسرے سے مختلف ہونے کے باوجود ایک بات پر متفق نظر آتے ہیں اور وہ ہے خوشحال زندگی کی تمنا اور آرزو۔ چنانچہ زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے تمام لوگ اس بات کے متمنی نظر آتے ہیں کہ انہیں دنیا میں ایک خوشگوار زندگی نصیب ہوجائے اور سب کے سب لوگ ایک باوقار اور پرسکون زندگی کے حصول کی خاطر دن رات جدوجہد کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ گویا سب کا ہدف تو ایک ہی ہے البتہ وسائل واسباب مختلف ہیں۔ ایک تاجر جو دن بھر اپنے کاروبار کو وسیع کرنے اور زیادہ سے زیادہ نفع کمانے کیلئے اپنی پوری صلاحیتیں اور توانائیاں کھپا دیتا ہے، وہ اور اسی طرح وہ مزدور جو صبح سے لے کر شام تک پسینے میں شرابور ہو کر محنت ومزدوری کرتا ہے، دونوں خوشحال اور خوشگوار زندگی کے حصول کیلئے کوشاں ہوتے ہیں! اور ایک عبادت گزار، جو اللہ تعالیٰ کے فرائض وواجبات کو پابندی سے ادا کرتا ہے اور نوافل میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا ہے، وہ اور اسی طرح وہ فاسق وفاجر انسان جو دن رات اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے، دونوں ہی ایسی زندگی کے متمنی ہوتے ہیں جس میں کوئی پریشانی اور کوئی دکھ نہ ہو! اسی طرح تمام لوگ سعادتمندی اور خوشحالی کو حاصل کرنے کی تمنا لئے تگ ودو میں مصروف رہتے ہیں، کوئی کسی طرح اور کوئی کسی طرح، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا یہ سعادتمندی ہر ایک کو مل جاتی ہے؟ اور کیا خوشحالی ہر ایک کو نصیب ہو جاتی ہے؟ اور آخر وہ کون سا راستہ ہے جس پر چل کر ہم سب خوشحال وخوشگوار زندگی تک پہنچ سکتے ہیں؟ ہم یہی سوال ایک دوسرے انداز سے بھی کر سکتے ہیں اور وہ اس طرح کہ اس دور میں تقریباً ہر انسان پریشان حال اور سرگرداں نظر آتا ہے، کسی کو روزگار کی پریشانی، کسی کو مالی وکاروباری مشکلات کا سامنا، کسی پر قرضوں کا بوجھ، کسی کو جسمانی بیماریاں چین اور سکھ سے سونے نہیں دیتیں۔ کسی کو خاندانی لڑائی جھگڑے بے قرار کئے ہوئے ہیں، کسی کو بیوی بچوں کی نافرمانی کا صدمہ، کسی کو دشمن کا خوف اور کسی کو احباء واقرباء کی جدائی کا دکھ، الغرض یہ کہ تقریباً ہر شخص کسی نہ کسی پریشانی میں مبتلا نظر آتا ہے اور ظاہر ہے کہ ہر شخص ان دکھوں، صدموں اور پریشانیوں سے نجات بھی حاصل کرنا چاہتا ہے۔ تو وہ حقیقی وسائل واسباب کون سے ہیں جنہیں اختیار کرنے سے دنیا کی مختلف آزمائشوں سے نجات مل سکتی ہے؟ آپ میں سے ہر شخص یقیناً یہ چاہتا ہوگا کہ اسے ان دونوں سوالوں کے جوابات معلوم ہو جائیں تاکہ وہ ایک خوشحال وباوقار زندگی حاصل کر سکے اور دنیا کی پریشانیوں سے چھٹکارا پا سکے۔ تو آیئے ہم سب قرآن وسنت کی روشنی میں ان سوالوں کے جوابات معلوم کرتے ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

پہلا اصول: ایمان وعمل

خوشگوار زندگی کا پہلا اصول 'ایمان وعمل' ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾

(النحل:۹۷)

''جو شخص نیک عمل کرے، مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ ایمان والا ہو تو اسے ہم یقیناً بہت ہی اچھی زندگی عطا کریں گے اور ان کے نیک اعمال کا بہتر بدلہ بھی انہیں ضرور دیں گے۔''

اور فرمایا: اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ (الرعد:۲۹)

''جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کیلئے خوشحالی بھی ہے اور عمدہ ٹھکانا بھی۔''

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے ہر ایسے شخص کو بہت ہی خوشگوار اور کامیاب زندگی اور خوشحالی عطا کرنے کا وعدہ فرمایا ہے، جس میں دو شرطیں پائی جاتی

ہوں۔ایک یہ کہ وہ مومن ہو اور دوسری یہ کہ وہ عمل صالح کرنے والا، باکردار اور بااخلاق ہو۔اور اگر ہم ان دونوں شرطوں کو پورا کردیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ہمیں خوشگوار زندگی نصیب نہ ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے وعدے میں سچا ہے اور وہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔فرمان الٰہی ہے:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ (آل عمران:۹)

''یقیناً اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔''

اور یہ بات ہمیں معلوم ہونی چاہیے کہ تمام انسانوں کی خیر و بھلائی ایمان اور عملِ صالح میں ہی ہے۔ اگر انسان سچا مومن ہو اور ایمان کے تقاضوں کو پورا کرنے والا ہو اور ساتھ ساتھ باعمل، باکردار اور بااخلاق ہو، اللہ کے فرائض کو پورا کرتا ہو، پانچ نمازوں کا پابند ہو، زکوٰۃ ادا کرتا ہو، رمضان کے فرض روزے بلاعذر شرعی نہ چھوڑتا ہو، والدین اور رشتہ داروں سے حسنِ سلوک کرتا ہو، لین دین میں سچا اور وعدوں کو پورا کرتا ہو، بددیانتی، دھوکہ اور فراڈ سے اجتناب کرتا ہو، حلال ذرائع سے کماتا ہو تو اللہ تعالیٰ دنیا میں اسے ہر قسم کی خیر و بھلائی عطا کرتا ہے اور آخرت میں جنت کی نعمتیں اور اجر و ثواب الگ ہے۔ اور اس کے برعکس اگر کوئی انسان فاسق و فاجر، بدکردار اور بداخلاق ہو، نہ نمازوں کی پرواہ کرتا ہو اور نہ زکوٰۃ دیتا ہو، رمضان کے روزے مرضی کے مطابق رکھتا ہو، طاقت ہونے کے باوجود حج بیت اللہ کا فریضہ ادا کرنے کیلئے تیار نہ ہو، والدین اور قرابت داروں سے بدسلوکی کرتا ہو، اللہ کے بندوں کے حقوق مارتا ہو، لین دین میں جھوٹ بولتا ہو اور دھوکہ دہی اور بددیانتی سے کام لیتا ہو اور حرام ذرائع سے کماتا ہو تو ایسے انسان کے متعلق ہمیں یقین کرلینا چاہیے کہ اسے لاکھ کوشش کے باوجود خوشگوار زندگی کبھی نصیب نہیں ہو سکتی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۝ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ۝ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ۝ (طٰہٰ:۱۲۴-۱۲۶)

''اور جو شخص میری یاد سے روگردانی کرے گا وہ دنیا میں یقیناً تنگ حال رہے گا اور روزِ قیامت ہم اسے اندھا کرکے اٹھائیں گے۔ وہ کہے گا: اے میرے رب! تو نے مجھے اندھا کرکے کیوں اٹھایا ہے؟ دنیا میں تو میں خوب دیکھنے والا تھا۔ اللہ کہے گا: اسی طرح تمہارے پاس میری آیتیں آئی تھیں تو تم نے انہیں بھلا دیا تھا اور اسی طرح آج تم بھی بھلا دیے جاؤ گے۔''

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے خبردار کیا ہے کہ جو شخص میرے دین سے منہ موڑے گا اور میرے احکامات کی پرواہ نہیں کرے گا، میں دنیا میں اس کی زندگی تنگ حال بنادوں گا اور خوشحال زندگی سے محروم کردوں گا۔ اس کے علاوہ قیامت کے دن میں اسے اندھا کرکے اٹھاؤں گا۔ وہ مجھ سے اس کی وجہ پوچھے گا تو میں کہوں گا: جیسا تم نے کیا ویسا ہی بدلہ آج تمہیں دیا جارہا ہے۔ تمہارے پاس میرے احکام آئے، اہلِ علم نے تمہیں میری آیتیں پڑھ پڑھ کر سنائیں اور میرے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی صحیح احادیث کو تمہارے سامنے رکھا لیکن تم نے ان سب کو پس پشت ڈال کر من مانی کی اور جو تمہارے جی میں آیا تم نے وہی کیا۔ اسی طرح آج مجھے بھی تمہاری کوئی پرواہ نہیں۔ قارئین محترم! اگر ہم واقعتاً یہ چاہتے ہیں کہ دنیا میں ہمیں ایک باوقار اور خوشحال زندگی نصیب ہو تو ہمیں دینِ الٰہی کو مضبوطی سے تھامنا ہوگا اور من مانی کرنے کی بجائے اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل کرنا ہوگا اور اللہ کا سب سے بڑا حکم یہ ہے کہ ہم صرف اسی کی عبادت کریں اور اس میں کسی کو شریک نہ بنائیں، صرف اسی کو پکاریں، صرف اسی کو نفع و نقصان کا مالک سمجھیں، صرف اسی کو داتا، مددگار، حاجت روا، مشکل کشا اور غوث اعظم تصور کریں۔ اگر ہم خالصتاً اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں گے تو وہ یقیناً ہمیں پاکیزہ اور خوشگوار زندگی نصیب کرے گا، ورنہ وہ لوگ جو اللہ کو چھوڑ کر غیر اللہ کے در پر جبینِ نیاز جھکاتے ہیں اور غیر اللہ کیلئے نذر و نیاز پیش کرتے ہیں اور غیر اللہ کو داتا، حاجت روا اور مشکل کشا سمجھتے ہیں اور انہی کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہیں، انہیں در در کی ٹھوکریں ہی نصیب ہوتی ہیں اور ذلت و خواری کے سوا اور کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ۝ (الحج:۳۱)

''اور جو شخص اللہ کے ساتھ کسی کو شریک بناتا ہے وہ ایسے ہے جیسے آسمان سے گرا ہو، پھر پرندے اسے فضا میں ہی اچک لیں یا تیز ہوا اسے کسی دور دراز جگہ پر پھینک دے۔''

یعنی مشرک کا انجام سوائے تباہی و بربادی کے اور کچھ نہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا دوسرا بڑا حکم یہ ہے کہ ہم اس کے محبوب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کریں اور آپ کی نافرمانی سے بچیں۔ اگر ہم ایسا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ہم سے راضی ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو اپنی اطاعت قرار دیا ہے اور جب اللہ تعالیٰ راضی ہوگا تو یقیناً وہ ہمیں خوشحال اور باوقار زندگی (بقیہ ص 49)

ruhanidarsgah.blogspot.com

اعصابی کمزوری کی وجوہات اور اس کا علاج

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (فاضل مطب العلاج)

اعصابی کمزوری ایک ایسی خطرناک بیماری ہے کہ جس میں انسان کا اعصابی نظام متاثر ہونے کی وجہ سے اپنا کام چھوڑ دیتا ہے۔اس کی سب سے بڑی نشانی یہ ہے کہ انسان کے تمام اعضاء یا کچھ اعضاء یا یوں کہہ لیجئے کہ بعض اعضاء اپنا کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں یا اپنا کام ٹھیک طریقے سے کرنہیں پاتے یا پھر یہ کہ کبھی کرتے ہیں اور کبھی نہیں کرتے یا پھر جیسے کرنا چاہیے تھا ایسے نہیں کرتے۔اس کی دیگر اور بھی کئی علامات ہیں (۱) کسی عضو کا کانپنا۔ (۲) کسی عضو کا لاغر ہو جانا۔ (۳) کسی عضو کا کمزور ہونا شروع ہو جانا۔ (۴) عضو کا حرکت نہ کرنا۔ (۵) عضو کا آگے پیچھے یا اوپر نیچے نہ ہونا۔ (۶) اس عضو سے کام کرتے ہوئے دشواری کا ہونا۔ (۷) یا پھر اس عضو کا عین وقت پر جواب دے جانا۔ (۸) کسی خاص عضو میں اکڑاؤ آجانا۔ (۹) کسی خاص عضو کا سُن ہونا شروع ہو جانا وغیرہ۔اعصابی کمزوری میں مبتلا افراد کو ان وجوہات کی بنیاد پر سونے میں، جاگنے میں، اپنے روزمرہ کے دیگر کام کاج میں، چلنے پھرنے، اٹھنے بیٹھنے میں، جذباتی مسائل کا سامنا بھی کرنا پڑسکتا ہے۔احساس محرومی اور وقتی شرمندگی کا بھی سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ اس میں سب سے پہلے ہمیں اپنی خوراک کی طرف توجہ دینا ہوگی۔اپنی خوراک کو بہتر بنانا ہوگا۔اور ایسی تمام چیزوں اور تمام اشیاء اور تمام کاموں کو چھوڑنا ہوگا کہ جن کی وجہ سے ہمیں اعصابی کمزوری جیسی لعنت اور خطرناک بیماری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔دوسرے نمبر پر ہمیں اپنی مصروفیات کو بھی دیکھنا ہوگا۔اپنے رہن سہن، اپنے اٹھنے بیٹھنے، اپنے سونے جاگنے، اپنے چلنے پھرنے تمام کاموں میں اصلاح کرنا ہوگی۔اس کے ساتھ ساتھ واک کرنا، ورزش کرنا، پیدل چلنا، ہلکا پھلکا جسمانی محنت والا کام کرنا بہت ہی ضروری ہے۔یاد رکھیں اعصاب ہمارے جسم کا ایک انتہائی اہم اور لازمی حصہ ہیں۔ اعصاب کی کمزوری کی ایک بڑی وجہ معاشی تفکرات بھی ہیں۔ہم نے اپنے کام کی فکر کو اپنے اوپر سوار کیا ہوا ہے۔کام، کام اور بس کام کے ساتھ ساتھ ہمیں آرام کی بھی ضرورت ہے۔بس اصول بنالیں کہ کام کے وقت کام اور آرام کے وقت آرام۔جب ہم ہر وقت روپے پیسے کی فکر میں رہیں گے۔ روپے پیسے کی جوڑ توڑ میں لگے رہیں گے۔پیسے اکٹھے کرنے کی فکر میں گھلتے رہیں گے تو ہم اعصابی کمزوری کا شکار ہو جائیں گے۔ہمیشہ ایک بات یاد رکھیں اسباب سے زیادہ مسبب الاسباب، رزق سے زیادہ رزاق، دکان، کاروبار، روزگار، ملازمت، جاب، نوکری کو وقت اور ٹائم دینا ضروری ہے۔ لیکن اس سے اہم ضروری یہ سب چیزیں دینے والے کو وقت دینا بہت ہی اہم اور ضروری ہے۔جب ہم اللہ پاک کو اپنا سب کچھ سمجھیں گے، اس کی عبادات میں اپنا وقت لگائیں گے اور اس کے احکامات کو مانیں گے تو ان ساری چیزوں کا فکر، ان کا غم، ان کی ٹینشن بھی ختم ہو جائے گی۔ان سب کاموں میں برکت اور بہتری بھی آجائے گی اور ہماری اعصابی کمزوری بھی بغیر کسی دوا کے خود بخود ہی ختم ہو جائے گی۔ہر انسان کی روزی، اس کا رزق اللہ پاک نے ہی دینا ہے۔اللہ پاک نے ہی بڑھانا ہے۔تو پھر ہمیں اس اصل مالک کی ناراضگی سے بچنا چاہیے۔اس کو راضی اور خوش رکھنا چاہیے کہ ہمارے رزق، روزی، روزگار کے تمام معاملات ہر وقت بہتر سے بہتر، اچھے سے اچھے رہیں۔تمام قارئین آج سے اس بات پر عمل شروع کردیں۔ان شاء اللہ ہر قسم کی اعصابی کمزوریاں، اعصابی بیماریاں، اعصابی بوجھ سب کچھ ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گا۔اعصابی کمزوری سے پورا بدن کمزوری کا شکار ہو جاتا ہے۔اعصاب کے تناؤ کی وجہ سے پورا جسمانی نظام درہم برہم ہو کر رہ جاتا ہے۔اعصابی ٹینشن پورے جسم کو ٹینشن میں مبتلا کردیتی ہے۔ اعصابی نظام کی کارکردگی میں خرابی تمام اعضاء، پورے جسم اور روزمرہ کے تمام کاموں میں خرابی واقع کردیتی ہے۔اعصابی کمزوری سے جسمانی کمزوری نمایاں ہونا شروع ہو جاتی ہے۔اعصابی کمزوری سے پورا جسم کاہلی اور سستی کا شکار ہونا شروع ہو جاتا ہے۔اعصابی کمزوری سے چہرہ بے رونق

ruhaniwazaif.blogspot.com

ہے۔ اعصابی کمزوری سے چہرے پر افسردگی چھائی رہتی ہے۔ اعصابی کمزوری سے پورے جسم میں درد رہونا شروع ہوجاتی ہے۔ اعصابی کمزوری سے سر، کندھوں، کمر اور ٹانگوں میں درد اور نقاہت پیدا ہوجاتی ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے بھوک ختم ہوجاتی ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے انسان نفسیاتی مریض بننا شروع ہوجاتا ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے پورا بدن نحیف وضعیف ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے کوئی کام کرنے کو اور کسی کام کے کرنے میں دل نہیں لگتا۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے ہر وقت طبیعت میں اداسی رہتی ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے ہر وقت بے چینی کی سی کیفیت رہتی ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے مریض مایوسی اور ناامیدی کی کیفیات میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے مریض مختلف وسوسوں کا شکار ہونے لگتا ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے مریض وہم اور شک کی بیماری میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے رہنا شروع ہوجاتے ہیں۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے ہر وقت دل پر بوجھ، دل پر انجانا خوف طاری رہتا ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے ٹھنڈے پسینے بکثرت آتے ہیں۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے اعضائے رئیسہ کمزور ہونا شروع ہوجاتے ہیں۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے دماغی کمزوری واقع ہوجاتی ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے خون کی کمی، بلڈ پریشر لو ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ اعصابی کمزوری سے انسان نشہ آور ادویات اور غذاؤں کی طرف راغب ہو جاتا ہے۔ اعصابی کمزوری سے شوگر کا مرض لاحق ہوجاتا ہے۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے مردانہ کمزوری اور عورتوں میں خاوند کی طرف عدم دلچسپی کا مرض پیدا ہوجاتا ہے۔ قارئین اعصابی کمزوری ایک بہت بڑا روگ ہے اور یہ روگ ہم نے خود پالا ہوا ہے۔ بہرحال اعصابی کمزوری کا علاج کثرت سے پھل، تازہ سبزیاں، گوشت، انڈے، ڈرائی فروٹ، دودھ، دہی، کھجور، بادام، اخروٹ، چلغوزہ وغیرہ کھائیں اور سردیوں میں بالخصوص مطب العارف کا لبوب کبیر، دماغی ٹانک، جام صحت نمبر 37 اور اعصابی کورس استعمال کریں۔

علاج الہریض

حضرت مولانا حکیم امان اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کھانسی اور دمہ کا علاج

مصری	5 تولہ
سونف	5 تولہ
ملٹھی	5 تولہ
املتاس	5 تولہ
پھٹکڑی	2½ تولہ
ٹکی پودینہ	1 تولہ
الائچی خورد	1 تولہ
مرچ سیاہ	1 تولہ

ان تمام ادویات کو باریک کرکے شہد کی مدد سے بیر برابر گولیاں بنائیں۔ رات کو ایک گولی پانی سے لیں اور دن کو چوسیں۔

دردِ سر

دردِ سر اور جملہ تکالیف کے لئے اطریفل کشنیز استعمال کریں۔

دردِ سر کیلئے اکسیری پڑیا

کیفین سائٹراس	۳ گرین
اینٹی فیبرین	۲ گرین
سوڈا سلی اسلاس	۵ گرین
سوڈا بائیکارب	۷ گرین

چاروں دواؤں کو ملا کر ایک پڑیا بنالیں۔ بوقت ضرورت دودھ سے، چائے سے، تازہ پانی سے نوش کریں۔"

ہر قسم کے درد کے لئے جادو کی پڑیا ہے۔ ایک دن میں تین خوراک سے زیادہ نہ دیں۔ کوڈوپائیرین گولی یا نوالجین گولی استعمال کریں۔"

Darulamal Chishtia, Lahore Pakistan
Whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazine/Rumani

آسان گھریلو علاج

مرسلہ مولانا عبدالرحمٰن (قطر)

ٹوٹکے دردسر کا علاج

اگر آپ کو دردسر کی شکایت ہے تو سر کو بھاپ دیجئے اور پھر اسے سرد پانی میں بھیگے ہوئے تولیے سے صاف کر دیجئے۔ دردسر دور ہو جائے گا۔ ذرا سا نمک کھایئے اور پھر اس کے دس منٹ بعد ٹھنڈا پانی پی لیجئے، بہت جلد شفاء نصیب ہو گی۔ پیاز کاٹ لیجئے اور اسے سونگھئے، وہ چائے جس میں زیادہ پتی پڑی ہو لیجئے اور اس میں آدھا لیموں نچوڑ لیجئے اور پھر اس میں چاہیں تو چینی یا ذرا سا نمک ملا لیجئے۔ دردسر کو فوری آرام ملے گا۔ روئی کو لیموں کے عرق میں ڈبو کر پھر اسے پیشانی پر ملیے اور دردسر ختم ہو جائے گا۔

نظر تیز کرنا

چار بادام، چٹکی بھر سونف اور ذرا سی مصری لے کر رات کو سوتے وقت کھا لیجئے اور اسے کھانے کے بعد ہرگز پانی نہ پیجئے۔ نگاہ دن بدن تیز ہوتی جائے گی۔ سرسوں کے تیل کے چند قطرے آنکھوں پر لگا کر ہر روز رات کو سوتے وقت مالش کیجئے۔ اس طرح نہ تو کبھی نظر کمزور ہو گی اور نہ کبھی آنکھوں کی بیماریاں لاحق ہوں گی۔ گاجروں کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں، اس سے آنکھوں کی بینائی بڑھاپے میں خراب یا کمزور نہیں ہو سکتی۔ غسل کرنے سے پہلے پاؤں کے انگوٹھوں پر سرسوں کا تیل ملیے، کبھی نظر کمزور نہ ہو گی، چاہے سو سال سے تجاوز کر جائے۔

زخم درست کرنا

تل لیں اور اسے شہد میں پیس کر لیپ سا بنا لیں اور پھر اسی لیپ کو مرہم کی مانند محفوظ کر لیں، جب بھی کہیں زخم ہو وہاں یہ لیپ مرہم کی مانند مل دیں، زخم جلد مندمل ہو جائیں گے۔

آنکھوں کے درد کا علاج

آنکھوں پر خالص دودھ کی ملائی کسی کپڑے پر رکھ کر باندھ دیں، اس دوران آنکھیں بند رکھیں، کم از کم پانچ گھنٹے آنکھیں بند ہی رہنے دیں۔ آنکھوں کے ہر مرض سے شفاء اس میں ہے۔ آنکھوں میں درد ہو تو روئی کا پھاہا لیں اور اسے گرم دودھ میں ڈبو دیں اور آنکھوں کے پاس پاس ٹکور دیں۔ آنکھوں کا درد دور ہو جائے گا۔ آنکھوں میں ذرا سا شہد ڈال لیں اور پھر پندرہ بیس منٹ بعد اسے دھو لیں، آنکھوں کا درد دور ہو جائے گا اور بینائی میں اضافہ ہو گا۔

پلکوں کو دراز کرنے کی ترکیب

دودھ لیں اور کسی فلالین کے کپڑے کو اس گرم دودھ میں ڈال کر آنکھوں پر رکھ دیں، جب اس کی گرمائش ہو جائے تو اس عمل کو بار بار کریں مگر پانچ چھ بار سے زیادہ نہیں، اس سے پلکوں کی نشوونما ہو گی اور خوبصورت دکھائی دیں گے۔

چیچک کے داغ دور کرنا

خالص پستہ لیجئے اور اسے پیس کر سفوف بنا لیجے اور پھر رات کو سوتے وقت چیچک کے داغوں پر مسلسل ملیے، چھ ماہ ایسا کرتے رہیں، پہلے داغ مدھم پڑ جائیں گے پھر آہستہ آہستہ ختم ہو جائیں گے۔ اس طریقے سے آپ کو انتظار ضرور کرنا پڑے گا مگر اس انتظار کا نتیجہ خوبصورتی کی شکل میں سامنے آئے گا۔

یادداشت تیز کرنا

چند بادام اور ذرا سی کالی مرچ لیجیے اور اسے پیس کر یکجان کر کے کسی بوتل میں بند کر لیجئے، ہر صبح اٹھنے کے بعد نہار منہ اسے کھایئے، کچھ ہی عرصے بعد آپ کا حافظہ اتنا تیز ہو جائے گا کہ آپ کو بچپن کی باتیں یاد آنے لگیں گی۔

کانٹا نکالنا

جب جسم میں کانٹا چبھ جائے اور اس قدر اندر چلا جائے کہ کوشش کے باوجود نہ نکلتا ہو تو گھبرایئے نہیں، ذرا سا لہسن گڑ لیجے اور پیاز لے کر اسے کاٹ لیجے اور ان دونوں کو ملا کر اس جگہ پر باندھ دیجئے کانٹا خود بخود باہر آ جائے گا۔ درد شکم کیلئے ذرا سا گڑ لیجئے اور چند مرچوں کے بیج نکال لیجئے اور اسے پھر ان کو نگل لیجئے کچھ ہی دیر بعد آپ خود کو مکمل صحت مند پائیں گی۔ ذرا سا نمک کھایئے اور اوپر سے پانی کا ایک گلاس پی لیجئے، درد شکم کو افاقہ ہو گا۔ امراض جگر کیلئے جگر کا کوئی بھی عارضہ ہو تو رات کو ایک مولی لے کر شبنم میں رکھ (بقیہ ص 45)

عوام کیلئے مفت خدمات goo.gl/SYgCpL

ٹھنڈک کورس

امراض گرما کا بہترین علاج مطب العارف کا ٹھنڈک کورس

پہلی خوراک ہی میں بفضل خدا مریض پرسکون ہو جاتا ہے

● اگر آپ کا سر گرم رہتا ہے تو آپ کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کی آنکھوں میں بہت زیادہ جلن ہوتی ہے تو آپ کیلئے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کے جگر میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کے معدہ میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کے مثانہ میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کو پیلا یرقان ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کو کالا یرقان ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کا بلڈ پریشر ہائی رہتا ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کو بوجہ گرمی نکسیر آتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کو پیشاب میں جلن ہوتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کے ہاتھ پاؤں جلتے ہیں تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کو خونی بواسیر ہے تو خون روکنے کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کو پیاس زیادہ لگتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کو دست لگے ہوئے ہیں تو ان کو روکنے کیلئے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ● اگر آپ کو گرمی کی وجہ سے یا گرمیوں میں بخار ہے تو آپ کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے

نوٹ تمام امراض گرما سے محفوظ رہنے کیلئے حفظ ماتقدم کے طور پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

چھوٹی پیکنگ: 550 روپے

بڑی پیکنگ: 1100 روپے

مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

حبوب ذکاوتِ حس

قیمت 450 روپے

جنسی اشتعال، نیٹ کی دنیا، فحاشی وعریانی کی کثرت، گناہوں کے بڑھتے ہوئے ماحول، ہر طرف بے حیائی کے ڈیرے، معاشرے کی بے راہ روی کی وجہ سے نوجوانوں کی جوانی، طاقت، پوت اپنے وقت سے پہلے ہی ختم ہو رہی ہے۔ جریان، احتلام اور سرعت انزال کی بیماری دن بدن بڑھتی جارہی ہے۔ ذرا سا خیال آنے پر تحریک پیدا ہو کر جوہر حیات ضائع اور ہر وقت کپڑوں کی ناپاکی کے مسئلے سے چھٹکارے کا بہترین حل۔ حبوب ذکاوتِ حس گولیاں۔

نوٹ برائے ذکاوتِ حس طلاء خاص الخاص کا استعمال حبوب ذکاوتِ حس کے ساتھ بہت ہی فائدہ مند ہے۔

مطب العارف دارالعمل چشتیہ لاہور۔ 0320-7772772

darulamal.org/matabalaarif, matabalaarif@gmail.com

سفوف شباب آور

قیمت: 850 روپے

● مایوسیوں کو امیدوں میں تبدیل کرتا ہے ● جسم انسانی میں حقیقی شباب کو قائم رکھتا ہے ● حکماء اور طبیبوں کے سینوں کا خاص راز ہے ● رگوں اور پٹھوں میں غضب کا جوش پیدا کرتا ہے ● اعصاب میں زبردست مضبوطی پیدا کرتا ہے ● بوڑھوں کو نوجوان بنانے والا ایک نسخہ کیمیا ہے ● برف کی مانند ٹھنڈوں کو آگ کی سی تپش دیتا ہے ● مرجھائے ہوئے چہروں کو گلاب جیسی رعنائی دیتا ہے ● مرد کو حقیقی مرد اور جسم میں بجلی کی سی تیزی پیدا کرتا ہے ● قدیم اور شاہی حکیموں کی زندگی بھر کا نچوڑ اور خلاصہ ہے ● شوگر کے مریضوں کے لیے بھی ایک نایاب و کامیاب چیز ہے ● انتہائی مقوی، بے حد مغلظ اور بے انتہا محرک ہے ● جوانی کو قائم و دائم اور ہمیشہ فٹ رکھنے والا سفوف ہے ● بڑھاپے کے اثرات اور نشانیوں کو ختم کرتا ہے ● ہر قسم کے نقصان دہ اور صحت کو تباہ کرنے والے مضر اجزاء سے پاک ہے ● تازندگی استعمال کیا جاسکنے والا ایک بے ضرر قیمتی ٹانک ہے ● انتہائی کم خوراک میں بہت زیادہ طاقت پیدا کرتا ہے ● ہر عمر میں استعمال ہونے والا ایک ارزاں دیسی نسخہ ہے ● سفوف شباب آور مطب العارف کا ایک اہم اور کثیر تعداد میں فروخت ہونے والا انتہائی مفید اور قیمتی اجزاء پر مشتمل بیش قیمت مرکب ہے

مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

Whatsapp +923247173869

تربوز کے بے مثال اور بے شمار فوائد

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم مطب العارف)

تربوز موسم گرما کے خاص الخاص لوازمات میں سے ہے۔ تربوز کے موسم میں عوام وخواص اس سے جو لطف اندوز ہوتے ہیں وہ موسم گرما کے کسی بھی پھل اور سبزی سے نہیں ہوتے۔ تربوز اپنی شیرینی، اپنے ذائقے، اپنی مٹھاس، اپنی رنگت میں اپنی مثال آپ ہے۔ تربوز کے غریب وامیر یکساں گرویدہ ہیں۔ بچوں سے لے کر بوڑھوں تک سبھی افراد مساوی طور پر تربوز سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ تربوز کا شمار ٹھنڈک دینے والے پھلوں میں ہوتا ہے۔ تربوز کا تعلق جہاں تک غذائی افادیت سے ہے تو یہ ایک مفید صحت نعمت ہے۔ تربوز کا نرم گودا تری پر مشتمل ایک بھرپور ٹانک ہے جو معدہ میں جا کر ایک طاقتور آب حیات کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ موسم گرما میں دھوپ کی، تمازت وحدت جب اپنے عروج پر ہوتی ہے تو اس کے اثرات انسان کے خون اور انسان کے بدن پر اثر انداز ہونے کی وجہ سے بدن انسانی اور خون انسانی میں بھی حرارت پیدا ہو جاتی ہے اور پورے جسم میں چنگاریاں سی بھڑکتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں تو اس کا بہترین حل اور آسان علاج تربوز کھانا ہے۔ تربوز اپنی تسکین بخشی کا غیر معمولی کردار ادا کرتا ہے اور خون کے ابھرتے جوش کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔ تربوز گرم مزاج افراد کیلئے بے حد مفید چیز ہے۔ تربوز زبردست پیشاب آور ہے۔ تربوز جگر، معدہ، مثانہ کی گرمی کو ختم کرتا ہے۔ تربوز پیشاب کی جلن، ہاتھوں کی تلیوں اور پاؤں کے تلوؤں کی جلن کو ختم کرتا ہے۔ تربوز تمام امراض گرما کیلئے ایک بہترین غذا اور زبردست دوا ہے۔ تربوز گرمی کی وجہ سے ہونے والے سردرد کو فوری ختم کرتا ہے۔ تربوز ہر قسم کی خارش کو ختم کرتا ہے۔ تربوز ہر طرح کے امراض سوداوی صفراوی اور گردہ مثانہ کی پتھری کے لیے انتہائی مفید ہے۔

توری کے بے مثال اور بے شمار فوائد

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم مطب العارف)

توری ایک ایسی سبزی ہے جسے تندرست اور بیمار سبھی کھا سکتے ہیں۔ توری کی سبزی بھی دیگر سبزیوں کی طرح بہت افادیت کی حامل سبزی ہے۔ گاؤں دیہاتوں کے حکیم خاص طور پر مریض کی بھوک درست کرنے کے لیے توری کی سبزی کھانے اور پکانے کا مشورہ دیتے ہیں۔ دیگر بیماریوں کے علاوہ بخار کے مریض کے لیے توری ایک عمدہ غذا اور دوا ہے۔ بخار کی وجہ سے ختم ہو جانے والی بھوک کو بحال کرتی ہے۔ معدہ کی خرابیوں کو دور کر کے کھانے کی طلب پیدا کرتی ہے۔ قدیم حکماء کرام نے اپنی کتابوں میں توری کی خوبیوں کا بھرپور ذکر کیا ہے۔ انہوں نے توری کو میٹھی، سرد اور جراثیم کش لکھا ہے۔ انہوں نے توری کو جلن مٹانے والی، سوزش کو دور کرنے والی اور تیزابیت کو ختم کرنے والی بہترین سبزی بتلایا ہے۔ حکیموں نے توری کو ہوا کی نالیوں کی بیماریوں کے لیے مفید لکھا ہے۔ توری ہلکی، سرد اور پیٹ کو صاف اور نرم کرنے والی سبزی ہے۔ توری خشک مزاج افراد کے لیے بہت ہی فائدہ مند سبزی ہے۔ توری خون کی خرابیوں کو دور کرنے والی ایک بہترین سبزی ہے۔ جگر کے امراض میں بھی توری کھانا بہت ہی فائدہ مند ہے۔ توری تمام اعضاء کو طاقت بخشتی ہے، توری تینوں خلطوں کو کھولتی ہے۔ توری کا مزاج سرد تر ہے۔ توری ورموں کو دور کرنے میں بے مثل ہے۔ توری بدن کی زردی کو دور کرتی ہے۔ توری تمام امراض گرما کیلئے مفید ہے۔ توری کھانے سے بدن کی حد سے زیادہ بڑھی ہوئی حدت کنٹرول میں آجاتی ہے۔ توری کھانے سے خون کا جوش اعتدال پر آجاتا ہے۔ توری کھانے سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔ توری کھانے سے معدے اور آنتوں کی خشکی دور ہوتی ہے۔ توری کھانے سے جلدی امراض کا خاتمہ ہوتا ہے۔ توری کھانے سے معدہ کی گرمی کی وجہ سے منہ یا چہرے پر نکلنے والے دانے ختم ہوتے ہیں۔

روحانی درسگاہ کے طالب علموں کیلئے مفت خدمات goo.gl/laZQhb

کینسر کے خطرات کم کرنے والی غذائیں

نیویارک: کینسر یا سرطان اب ماضی کی طرح لاعلاج مرض تو نہیں رہا مگر اس کا علاج بہت تکلیف دہ اور طویل ثابت ہوتا ہے، تاہم کچھ غذائیں اس جنگ کے خلاف اہم ترین ہتھیار کا کام کرتی ہیں۔

کسی غذا کا رنگ اس کی صحت بخش فوائد کا بہترین ذریعہ ثابت ہوتا ہے اور مختلف رنگوں کے پھل و سبزیاں مخصوص اقسام کے کینسر کے خلاف جنگ میں آپ کے بہترین اتحادی ثابت ہوتے ہیں۔

سرخ غذائیں

اس رنگ کے پھل و سبزیاں لبلبے اور مادر رحم کے کینسر کے خلاف جنگ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اگر خواتین ہفتے میں چار یا اس سے زائد بار آدھا کپ ٹماٹروں کا استعمال کریں تو ان میں مادر رحم کے کینسر کا خطرہ پچاس فیصد تک کم ہوجاتا ہے۔

اس کے علاوہ امریکہ کے سرکاری ادارے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمسٹریشن کی ایک تحقیق کے مطابق ٹماٹروں کے استعمال سے لبلبے کے کینسر کا خطرہ کم ہوتا ہے، جس کی وجہ اس سبزی میں پایا جانا والا اینٹی آکسائیڈنٹ لائیکوپین کا موجود ہونا ہے۔

یہ جز ٹماٹروں کے علاوہ سرخ مرچ اور سرخ بیریوں میں بھی پایا جاتا ہے، دن بھر میں ان اشیاء کا ایک بار استعمال اس جان لیوا کینسر بچانے کے لیے مددگار ثابت ہوتا ہے۔

اورنج یا نارنجی غذائیں

اس رنگ کے پھل یا سبزیاں معدے اور مادر رحم کے سرطان سے بچاتے ہیں، کدو، گاجر اور شکرقندی وغیرہ معدے کے سرطان سے بچانے کے لیے کینسر خلیات کو تباہ کرنے کی صلاحیت سے بھرپور ہوتے ہیں۔

گاجروں اور شکرقندی میں ایک زرد کیفیک ایسڈ موجود ہوتا ہے جو بریسٹ کینسر کے پھیلاؤ کو سست کردیتا ہے بلکہ کئی مواقعوں پر کینسر خلیات کو ختم بھی کرتا ہے، ان اشیاء کا ہفتے میں تین بار استعمال اس حوالے سے فائدہ مند ہوتا ہے۔

زرد یا پیلی غذائیں

اس رنگ کی غذائیں معدے اور غذائی نالی کے کینسر سے بچانے کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتی ہیں، ترش پھل جیسے گریپ فروٹ، لیموں، پپیتا اور نارنگی وٹامن سی سے بھرپور ہوتی ہیں، جو ایسا طاقتور اینٹی آکسائیڈنٹ ہوتا ہے جو لگ بھگ ہر قسم کے کینسر کے خلاف تحفظ فراہم کرتا ہے، خاص طور پر منہ، گلے اور معدے کے سرطان کے لیے تو یہ بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔

یہ پھل فلیوونائڈز سے بھی بھرپور ہوتے ہیں جو رسولی کا سبب بننے والے خلیات کو پھیلنے سے روکتے ہیں، ان پھلوں کو ہفتے میں کم از کم دو بار استعمال کرنا فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

سبز غذائیں

اس رنگ کی سبزیاں اور پھل پھیپھڑے، سینے اور مادر رحم کے کینسر کے خلاف موثر ثابت ہوتی ہیں، ایسے شواہد ملے ہیں کہ اس رنگ کی سبزیوں خاص طور پر پتوں والی کے استعمال سے پھیپھڑے، معدے، بریسٹ، مادر رحم اور قولون کینسر کا شکار ہونے کا خطرہ کم ہوجاتا ہے۔

یہ سبزیاں ایسے اجزاء سے بھرپور ہوتی ہیں جو کینسر کے پھیلاؤ سے تحفظ فراہم کرتے ہیں، اس کے علاوہ ان میں وٹامن ''کے'' بھی پایا جاتا ہے جو ذیابیطس کی روک تھام کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے جو لبلبے کے کینسر کا خطرہ کم کردیتا ہے۔

ہفتے میں کم از کم ایک بار ان سبزیوں کا استعمال کینسر سے بچاؤ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

قدرتی رنگ کی غذائیں

یہ مادر رحم، معدے اور آنتوں کے کینسر سے تحفظ فراہم (بقیہ ص 17)

علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کیلئے مفت خدمات goo.gl/nCW8XB

آپ کی بیماریوں کا ہومیو علاج

ہومیو ڈاکٹر مولانا علی آفاق

گرم پانی سے جلنے کا ہومیو علاج

سوال ڈاکٹر صاحب میں باورچی خانے میں کام کر رہی تھی، ابلتا ہوا پانی ہاتھ اور پاؤں پر گر گیا، بعض مرتبہ چائے گر جاتی ہے، شدید جلن اور اگر پانی ڈال لیں تو آبلے پڑ جاتے ہیں۔ اس کا کوئی ایسا ہومیو علاج بتا دیں کہ جس کو فوری طور پر ایمرجنسی میں استعمال کیا جا سکے۔ آبلے پڑنے کی نوبت نہ آئے۔

(نادیہ لاہور)

جواب اس کے لئے ہومیو میں مشہور زمانہ دوائی کینتھرس 30 ہے۔ اس کے چند قطرے 2 گھونٹ پانی میں ڈال کر پی لیں۔ فوری سکون وافاقہ ہوگا۔ بطور ایمرجنسی دوائی اس کو اپنے باورچی خانے کے پاس رکھیں، بہت مفید، زود اثر دوائی ہے۔

منی کے قطرے اور قبض سمیت کمزور جسم

سوال ڈاکٹر صاحب مجھے پیشاب سے پہلے اور بعد قبض کے خاتمے کے لئے زور لگانے سے منی کے قطرے آتے ہیں۔ جن کی وجہ سے جسم مزید کمزور ہے۔ نفسیاتی مسائل پیدا ہو رہے ہیں، چڑچڑا پن، غصہ، بے زاری، لڑائی کا دل چاہے، اس کے حل کے لئے ہربل ادویات اور بے شمار علاج معالجے کر چکا ہوں مگر کوئی فائدہ نہ ہو۔ (ارشد علی فیصل آباد)

جواب آپ کی جسمانی اور ذہنی علامات دیکھنے کے بعد ''سلینیم 30 کی 3 خوراکیں روزانہ اور ''سلیکس نائیگرا Q'' 15 قطرے 3 مرتبہ روزانہ 15 دن استعمال کریں۔ قطرے، قبض اور نفسیاتی مسائل حل ہوں گے۔

پیشاب میں جلن اور رکاوٹ

سوال ڈاکٹر صاحب میں پانی تو مناسب مقدار میں پی لیتا ہوں مگر کبھی کبھی گرمیوں اور اکثر سردیوں میں پیشاب میں رکاوٹ کے ساتھ جلن اور قطرہ قطرہ پیشاب آتا ہے جس کی وجہ سے شدید تکلیف محسوس ہوتی ہے۔ اس کا ہومیو علاج ارشاد فرما دیں۔ (منصور خان)

جواب اس کا علاج ایک تو مکمل اور محفوظ اور لمبا ہے جو قدرتی ہے۔ پانی کثرت سے پئیں اور ساتھ ہی ٹھنڈی چیزیں مثلاً سبزیاں، سلاد وغیرہ استعمال کریں، گرم اشیاء کے کھانے سے پرہیز ضروری ہے۔ ان سب چیزوں کے ساتھ کینتھرس 30 کی 3 خوراکیں روزانہ ایک ہفتہ استعمال کر کے اطلاع کریں، بہت جلد شفاء ہوگی اور آپ ادارے کو دعاؤں میں یاد رکھنے پر مجبور ہوں گے۔

وزن اٹھانے پر کمر درد

سوال ڈاکٹر صاحب میں نے پچھلے دنوں اپنی گنجائش سے زیادہ وزن اٹھا لیا تھا جس کی وجہ سے پورے آٹھ دن ہو گئے ہیں کمر میں درد ہے۔ چلنے پھرنے سے بہتر ہے اور آرام سے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے کوئی ہومیو پیتھک دوائی دے دیں۔ (نقاش لاہور)

جواب اس کے لئے آپ کو ہومیو میڈیسن ''رسٹاکس 1M'' کی ایک خوراک ابھی اور ایک مزید گھنٹہ کے بعد لیں۔ سب بہتر ہو جائے گا۔

جسم پر موجود موہے ختم

سوال ڈاکٹر صاحب میرے چہرے پر موہے ہیں جن کی وجہ سے مجھے کافی عجیب سا محسوس ہوتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ یہ ختم ہو جائیں، اس کے لئے مجھے ایک ہومیو پیتھک دوائی تجویز کر دیں جس کے استعمال سے میں اس چہرے کی بدنمائی سے نجات پا سکوں؟ یہ میرا صرف مسئلہ نہیں ہے۔ میرے والدین کو بھی مسئلہ تھا۔ خدارا ہمارے اس موروثی مسئلہ کو ختم فرمائیں اور ہماری دعاؤں میں شریک ہوں۔ (عامر لاہور)

جواب بھائی آپ کی بتائی ہوئی ہسٹری سے مسئلہ کا جڑ سے ختم ہونا آسان ہو گیا ہے۔ آپ تھوجاون ایم کی ایک خوراک 2 قطرے فی خوراک زبان پر ڈالیں۔ یہ عمل ہر 15 دن کے بعد دھرائیں۔ بہت جلد آپ کے موہے ختم ہو جائیں گے۔ ایک بات یاد رکھیں گے ہرگز 15 دن سے پہلے دوائی خوراک مت دھرائیں۔

غریب اور مفلس افراد کیلئے مفت خدمات goo.gl/GE0EQP

علی مرتضیٰ طاہر

آدابِ زندگی.....بچوں کیلئے

والدین سے گذارش ہے کہ ان آداب کو خود بھی پڑھیں، بچوں کو بھی پڑھوائیں۔ خود بھی عمل کریں اور بچوں کو بھی عمل کروائیں۔

قرآن مجید کے آداب

قرآن کیا ہے؟

جواب قرآن اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول حضرت محمد ﷺ کے قلب مبارک پر نازل فرمایا تا کہ قرآن کے ذریعے لوگوں کی ہدایت اور راہنمائی کا کام ہو سکے۔

قرآن پڑھتے ہوئے کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

جواب ❶ تلاوت قرآن سے پہلے اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھنی چاہیے۔ ❷ اس کی زیادہ سے زیادہ تلاوت کریں۔

قرآن مجید کے ہم پر کیا حقوق ہیں؟

❶ اس پر سچے دل سے ایمان لائیں یعنی یہ مان لیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی سچی کتاب ہے۔ اس کو اپنے لیے نعمت مانیں اور اس کی ایک ایک بات کو سچ مانیں۔

❷ اس کی زیادہ سے زیادہ تلاوت کریں۔

❸ اس کو سمجھیں یعنی اس کے معنی کو جانیں۔

❹ اس کی آیات میں غور و فکر کریں۔

❺ اس پر عمل کریں۔

❻ اس کے پیغام دوسروں تک پہنچائیں۔

قرآن مجید کا ایک حرف پڑھنے سے کتنی نیکیاں ملتی ہیں؟

جواب قرآن مجید کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔

لباس کے آداب

1 ہمیں صاف ستھرے کپڑے پہننے چاہئیں۔

2 کپڑوں کی صفائی کا خیال رکھنا چاہیے۔

3 لڑکوں کو شلوار یا پینٹ ٹخنوں سے نیچے نہیں لٹکانی چاہیے۔

4 لڑکیوں کو تنگ، باریک اور مختصر کپڑے نہیں پہننے چاہئیں۔

5 لڑکوں کو لڑکیوں جیسے اور لڑکیوں کو لڑکوں جیسے کپڑے نہیں پہننے چاہئیں۔

6 ہمیں غیر مسلم قوموں جیسا لباس نہیں پہننا چاہیے۔

7 کپڑے دائیں طرف سے پہننے چاہئیں۔

8 نئے کپڑے پہنتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہئے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا (الثَّوْبَ) وَ رَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ۔

9 لباس اُتارتے وقت بائیں طرف سے شروع کریں۔

10 لباس اتارتے وقت "بسم اللہ" کہیں۔

مسجد کے آداب

سوال 1 مسجد میں داخل ہوتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

جواب ❶ مسجد میں داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں پہلے اندر رکھیں۔

❷ یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

سوال 2 مسجد میں کون سے کام نہیں کرنے چاہئیں؟

جواب ❶ مسجد میں شور و غل نہیں کرنا چاہیے۔

❷ مسجد میں تھوکنا نہیں چاہیے۔

❸ مسجد میں فضول اور غیر ضروری باتیں نہیں کرنی چاہئیں۔

❹ نماز پڑھنے والے کے آگے سے نہیں گزرنا چاہیے۔

سوال 3 مسجد میں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

جواب ❶ مسجد کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔

❷ لہسن، پیاز اور بدبودار چیز کھا کر مسجد میں نہیں جانا چاہیے۔

سوال 4 مسجد سے نکلتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

جواب ❶ مسجد سے باہر نکلتے وقت بایاں پاؤں پہلے باہر رکھیں۔

❷ یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ! اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ۔

دینی مدارس کے طلباء اور طالبات کیلئے مفت خدمات goo.gl/gwAbNs

مولانا مفتی شکیل احمد نقشبندی (طفرال)

عورت

برصغیر کی عورتیں

برصغیر پاک و ہند کی عورتیں حوریں ہیں حسن و جمال میں نہیں بلکہ اخلاق میں۔

باکردار عورت

ہر عظیم انسان کے پیچھے کسی باکردار عورت کا ہاتھ ہونا چاہیے، وہ عورت کسی بھی روپ میں ہو۔

بدکار اور نیک عورت

جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بدکار عورت کی بدکاری ہزار بدکار مردوں کے برابر ہے اور نیک عورت کی نیک کاری ستر اولیاء اللہ کی عبادت کے برابر ہے۔''

گھر کا کام

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''عورت کا اپنے گھر میں گھر کا کام کرنا جہاد کے رتبہ کو پہنچتا ہے۔''

کنواری عورت

فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ کنواری عورت ایک نماز پڑھے تو ایک ہی نماز کا ثواب ملے گا لیکن شادی کے بعد ہر نماز کی ادائیگی پر اکیس (۲۱) نمازوں کا ثواب ملے گا۔

غلام آزاد کرنے کا ثواب

حدیث میں ہے (بچے کی پیدائش کے موقع پر) ہر دفعہ عورت کو جو دردزہ محسوس ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اسے ایک عربی النسل کا غلام آزاد کرنے کا ثواب عطا فرماتے ہیں۔

شہداء کی قطار

بچہ کی پیدائش کے دوران اگر عورت فوت ہوگئی ہو تو روز محشر شہداء کی قطار میں کھڑی کی جائے گی۔

عورت اور خوشبو

حدیث میں آیا ہے کہ ''جو عورت خوشبو لگا کر غیر مردوں کے پاس سے گزرے وہ زانیہ ہے۔''

عورت کے حالات کا اثر

عورت کے حالات کا پورے گھر پر اثر پڑتا ہے۔ اگر عورت دیندار ہے تو دوسری عورتوں کو بھی دیندار بنا دے گی۔ اگر عورت آزاد بے پردہ ہے تو ایک کے آنے سے پورا ماحول گندہ ہو جائے گا۔

بددین عورت

جب عورت بددین ہوتی ہے تو شوہر کو بھی بددین بنا دیتی ہے۔

عورت کی اصلاح

معاشرے کی اصلاح کے لیے عورت کی اصلاح نہایت ناگریز ہے۔

مستند دینی کتب

خواتین بزرگان دین کی مستند دینی کتب کا مطالعہ کر کے اپنی زندگی کو باکمال بنا سکتی ہیں۔

عورت کا دل

عورت کا دل جہاں موم سے بھی زیادہ نرم ہوتا ہے وہاں کسی انتقامی مرحلہ پر فولاد سے بھی زیادہ سخت ہوتا ہے۔

تعلیم یافتہ

ایک مرد کو تعلیم دے کر آپ ایک فرد کو تعلیم دیتے ہیں لیکن ایک عورت کو تعلیم دے کر آپ ایک کنبہ کو تعلیم یافتہ بناتے ہیں۔

Darulamal Chishtia Lahori Pakistan
ماہنامہ خزینۂ روحانیات
Whatsapp
+92-322-4773786
darulamal.org/magazine/khazina

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے مفت میں عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تا کہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جا سکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جا سکے۔ بغیر کسی فیس کے درج ذیل اعمال کے آپ عامل بن سکتے ہیں۔

چاند گرھن آغاز 5 جون رات 22:45۔ اختتام 6 جون رات 02:04۔

سورج گرھن آغاز 21 جون صبح 08:45۔ اختتام 21 جون دوپہر 14:34۔

عوام کے لیے اعمال

آیت الکرسی (بنیادی): جادو، جنات، شیاطین و ہر قسم کی آفات سے حفاظت اور تمام قسم بداثرات وکئی بیماریوں کا علاج۔

بنیادی حصار: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

معوذتین (بنیادی): ہر قسم بداثرات ومختلف بیماریوں کا علاج وحفاظت۔

نظر بد ختم کرنے کا عمل (بنیادی): انسانی نظر بد کو ختم کرنے کا مجرب ترین عمل۔ ہر گھر کی ضرورت۔ خصوصاً خواتین کے لیے انتہائی مفید۔

سورۃ فاتحہ (بنیادی): ہر قسم کی بیماری کا علاج اور حاجت کے لیے۔

عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ": جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔ خصوصاً خواتین کے لیے تا کہ وہ خاص ایام میں بھی پڑھ سکیں۔

درود ابراہیمی: حصول برکت اور حاجات کے پورا ہونے میں مفید۔

درود تنجینا: مشکلات و پریشانیوں سے نجات میں مجرب۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم: ہر جائز مقصد کے حصول میں مفید۔

سلم قولا من رب رحیم: حب وتسخیر اور ہر جائز مقصد کے لیے۔

لاعلاج امراض سے شفا کا خاص قرآنی عمل: لاعلاج اور مہلک امراض کے علاج کا خاص اور مجرب قرآنی عمل۔

خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے اعمال

آیات شفا: ہر قسم کی چھوٹی اور بڑی بیماری کا علاج۔

حصار کا خاص عمل: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

حزب البحر: ہر جائز مقصد کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

حزب النصر: دشمنوں کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

لاحول ولاقوۃ الا باللہ: ہر جائز مقصد اور شیاطین سے حفاظت کا خاص عمل۔

آیت کریمہ: سخت سے سخت مشکل کے حل اور حصول حاجات کے لیے مجرب۔

علمائے کرام کے لیے اعمال

عمل تہیدی نامہ مبارک: جنات کے علاج کا مجرب ترین عمل۔

جادو اور جنات کے علاج اور حفاظت کا خاص عمل: ہر قسم کے جنات، جادو کو ختم کرنے اور حفاظت کے لیے مجرب عمل۔

خواتین کے لیے اعمال

زبان بندی کا عمل: خلاف بولنے والے کی زبان بندی۔ خاص کر سسرال میں ساس، نند، جٹھانی، دیورانی یا شوہر کی زبان بندی کے لیے۔

محبت کا عمل: شوہر، سسرالی رشتے، اولاد کی محبت کے لیے۔

روحانی درسگاہ کے شاگردوں کے لیے اعمال

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا خاص عمل: ہر قسم کی بندش، چاہے وہ جادو، جنات یا نظر بد کی وجہ سے ہو، کا مجرب ترین توڑ۔

دشمن کے لئے عظیم دعا کا عمل: دشمن سے نجات اور اس کو سبق سکھانے کا مجرب عمل۔

سورۃ مزمل کا خاص عمل: ہر جائز مقصد، تسخیر، سحر و آسیب کا علاج۔

نوٹ: ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے اعمال ہیں جو گرھن کے اوقات میں بغیر کسی فیس کے کروائے جاتے ہیں۔ ان کی تفصیلات کے لیے ویب سائٹ وزٹ کریں: http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/suraj_girhan.htm
http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/chand_girhan.htm

روحانی درسگاہ دار العمل الاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

جادو جنات کورس

جادو اور جنات کے سخت اثرات سے نجات کا یہ کورس دار العمل چشتیہ کے روحانی علاج گاہ کے ماہر روحانی معالجین کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے۔ بہت سی چیزوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس کورس میں مختلف قسم کے ہائی پاور علاج شامل کیے گئے ہیں۔ تاکہ جس مریض کو دیا جائے، اس کو جلد اور دیر پا فائدہ حاصل ہو۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس کی جگہ سے بھی ہر طرح کے اثرات نکل جائیں یا ختم ہو جائیں اور اس گھر میں رہنے والے افراد بھی ہر طرح کے بداثرات سے نجات پائیں۔

یہ کورس جادو اور جنات سے متاثرہ مریضوں کے لیے ہے جن پر ایک عرصہ سے یہ بداثرات ہوں، بہت علاج معالجہ کروالیا ہو مگر کسی طرح بھی اثرات سے مکمل جان نہ چھوٹ رہی ہو۔ ان اثرات کی وجہ سے پیدا شدہ بیماریاں، معاشی مشکلات، تعلقات کی خرابیاں اور دیگر پریشانیوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہو یا کوئی پریشانی اگر کم ہو رہی ہوتی ہے تو کوئی بڑھ رہی ہوتی ہے۔ زندگی سے سکون ختم ہو جائے، خوشی ختم ہو جائے، برکت ختم ہو جائے وغیرہ۔

ذیل میں چند علامات درج کی جا رہی ہیں۔ یہ علامات سحر و جنات سے متاثرہ معمولی اثرات کے مریض سے لے کر سخت سے سخت سحری و جناتی اثرات کے مریضوں میں پائی جاتی ہیں۔ معمولی اثرات میں ان کی شدت کم ہوتی ہے جب کہ سخت اثرات میں شدت زیادہ ہوتی ہے۔

جسمانی علامات

● پورے جسم یا کسی خاص حصے خاص کر سر، کندھے، کمر، ٹانگوں اور گردوں میں درد ہونا ● جسم کا کوئی خاص حصہ گرم رہنا ● جسم میں آگ کی تپش محسوس ہونا ● جسمانی رنگت کا تبدیل ہو جانا، خصوصاً چہرے کا رنگ سیاہ پڑ جائے ● ہر وقت بخار کی کیفیت رہنا ● کسی سبب کے بغیر سر درد ہونا یا کنپٹیوں پر بوجھ رہنا ● آنکھیں لال رہنا یا آنکھوں کا انگاروں کی طرح سرخ ہو جانا ● ناک اور منہ سے گرم ہوا یا خون نکلنا ● کندھوں پر بوجھ رہنا ● دل کی دھڑکن کا تیز یا کم ہو جانا ● گھبراہٹ محسوس کرنا ● سانس مشکل سے آنا اور سینے میں درد ہونا ● عورتوں کی ماہواری میں بے قاعدگی ● ہمبستری کے وقت عورت کا انتہائی گھٹن محسوس کرنا ● شوہر یا بیوی میں ہمبستری کی خواہش کا ختم ہو جانا وغیرہ

گھر کی علامات

● زمین، دیوار یا چیزوں پر خون، تیل، پانی، رنگدار پانی کے چھینٹیں آنا ● چیزوں کا اِدھر اُدھر ہونا (یعنی اپنی جگہ نہ ملنا بلکہ کہیں اور رکھے ہوئے ملنا) ● زہریلے جانوروں کا نکلنا مثلاً سانپ، بچھو، کنکھجورے وغیرہ ● چھت پر، گھر میں یا گھر کے باہر دال/ چاول/ انڈے وغیرہ پڑے ملنا ● تعویز/ سوئیاں/ بال/ دھاگہ/ مٹی/ ریت/ راکھ وغیرہ پڑے ملنا ● چھت پر، گھر میں یا گھر کے باہر جانور کا سر/ کچا گوشت/ ہڈیاں/ پتھر/ کنکر پڑے ملنا ● الماری/ بند بکس میں، باہر رکھے ہوئے یا پہنے ہوئے کپڑوں کا کٹنا ● چارپائی، بستر، دروازوں، کھڑکیوں، برتنوں وغیرہ کا ہلنا یا کھڑکنا ● چھت پر چلنے یا دوڑنے کی آوازیں آنا (خصوصاً رات کو) ● بتی (لائٹ) کا خود بخود جلنا بجھنا ● گھر میں کسی کے چلنے پھرنے کی آوازیں آنا۔

اگر درج بالا حالات کسی کے ساتھ ہوں تو یہ کورس ایسے ہی فرد کے لیے پیغامِ شفاء ہے۔ اس کورس میں روحانی دکان کی بہت سی مجرب تیار شدہ اشیاء کو بھی شامل کیا گیا ہے جس سے اس کورس کی افادیت میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ اس کورس میں روحانی اگربتی، روحانی آبِ شفاء، روحانی پھکی، روحانی عرق گلاب، روحانی شہد، روحانی تیل، روحانی نمک، روحانی چینی، روحانی صابن اور بہت سی چیزیں بھی اس میں مریض کو استعمال کروائی جاتی ہیں۔

اس سارے علاج کے بعد سالہا سال کی اذیت ناک صورتحال سے گزرنے کے بعد جب اللہ تعالیٰ آپ کو شفاء سے ہمکنار فرما دیں تو ساتھ ہی آئندہ ہمیشہ کے لئے روحانی حصار و حفاظت کو ضروری سمجھیں۔ آئندہ کوئی دشمن/ جادوگر حملہ آور نہ ہو سکے تو اس کے لئے اوراد کے تجویز کردہ اعمال (چہل کاف) سمیت دیگر اعمال کا حصول و ریاضت یقینی بنائیں ورنہ روحانی شفاء اور مکمل حفاظت ناممکن ہے۔

ھدیہ فی کورس (40 یوم)

ابتدائی (4500) درمیانہ (6500) انتہائی (8500)

ھدیہ فی کورس (21 یوم)

ابتدائی (2300) درمیانہ (3300) انتہائی (4300)

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

مراقبہ رُوحانی پرواز یعنی جسمِ لطیف کی عالمِ بالا کی سیر

اس کورس کی عملی تربیت انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پیرانارمل سائنسز، اسلام نگر حویلی لکھا میں پیر صوفی غلام سرور شباب کی زیر نگرانی دی جاتی ہے۔ یہ کورس ایک مراقبہ پر مشتمل ہے۔ اس مراقبہ میں رُوحانی طالب علم کو عملی تربیت دی جاتی ہے کہ وہ کیسے اپنے پیکرِ رُوحانی (جسمِ لطیف) کو اپنے مادی جسم سے عالمِ بالا کی طرف بھیج کر دیگر رُوحانی جہانوں کی سیر کر سکتا ہے۔ یہ کورس تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ میں کورس کی تفصیل اور تھیوری دی گئی ہے۔ جب کہ حصہ دوم میں۔

رُوحانی گائیڈ (ملک خضر ائیل) اور (یوشاہ ملک) اور (شاعون خاتون) اُس کی کس طرح رہنمائی کرتے ہیں۔ روضۂ رسول ﷺ پر حاضر ہو کر کس طرح رُوحانی فیض حاصل کیا جا سکتا ہے۔ بغداد شریف میں جناب غوث الاعظم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر کیسے فیض حاصل کیا جا سکتا ہے۔ رُوحانی مخلوق سے ملاقات کر کے کس طرح اُن سے قدیم ترین علوم کے بارے میں معلومات حاصل کی جا سکتی ہے۔ یہ کورس اُن کے لیے بھی مفید ہے جو کسی خاص قسم کے مسائل کا شکار ہوں یا کسی ایسی بیماری میں گھرے ہوں جس کی تشخیص نہ ہو پا رہی ہو۔ یا علاج سمجھ میں نہ آ رہا ہو۔ مثلاً عورتوں کے چہرے کی خوب صورتی، چہرے پر بال وغیرہ سیلز مین اور مارکیٹنگ سے متعلقہ افراد اپنی شخصیت کو پرکشش اور بارعب بنانا چاہتے ہوں۔ ڈاکٹر اور حکیم شفا بخشی کی قوتوں میں اضافہ کرنا چاہتے ہوں۔ طالب علم جو کند ذہنی و نسیان سے چھٹکارا پانا چاہتے ہوں۔ اور اپنی یادداشت میں خاطر خواہ اضافے کے طالب ہوں۔ رُوحانی طالب علم کو اس کی عملی تربیت دی جاتی ہے۔ چند گھنٹوں کے اس مراقبہ میں رُوحانی طالب نئے جہانوں سے آگاہی حاصل کر سکتا ہے۔

جب کہ حصہ سوم میں ”کوہ کاف میں ملکِ جنات اور پرستان کی سیر“۔ جنات کے بادشاہ (دَمَر یاط اَلصَنِدِید) کی بارگاہ میں شرف یابی“۔ ”سات سو بادشاہوں کی ملکۃ الجمال کی بارگاہ میں شرفِ زیارت“ مشرقی، مغربی، سمندری اور خشکی کے جنات کے بادشاہ ملک طارش کی بارگاہ میں حاضری کا مراقبہ شامل ہے۔

کورس کی فیس: 10,000 روپے

سیکھنے والے فرد کا ادارہ میں حاضر ہونا ضروری ہے

خیر اندیش
علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب
0300-4967412, 0333-6974734

Darulalal Online Library
Whatsapp
+92-322-4773786
Darulalal.org/magazines/khazina

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/FCnqkA

لنگر برائے ترقی روحانیت

روحانی درسگاہ کے طلباء وطالبات کے لیے

● روحانی اعمال کی مضبوطی کے لئے ● روحانی اعمال کی طاقت کے لئے ● روحانی اعمال میں ترقی کے لئے ● روحانی اعمال میں تیزی کے لئے ● روحانی اعمال کو مؤثر ترین بنانے کے لئے ہر نوچندی اتوار کو دارالعمل میں خاص لنگر کا عرصہ دراز سے اہتمام کیا جارہا ہے۔ روحانی درسگاہ کے پرانے طلباء وطالبات کے پُرزور اصرار پر اور نئے طلباء وطالبات کی خواہش کی تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس شوریٰ کی مشاورت کے بعد تمام طلباء وطالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ آپ بھی اب اس خاص لنگر میں شامل ہوسکتے ہیں۔

نصف حصہ: 500 روپے | مکمل حصہ: 1000 روپے

ruhaniilajgah 0342-7772772 042-35410586

روحانی علاج گاہ دارالعمل حشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

ruhaniilajgah96 0324-7772772

حرزِ دافع البلیات

ھدیہ: 200 روپے مکمل کاپی (100 تعویذات)

ہمہ قسم کے امراض کے خاتمے، جادو سے نجات، بندش کے توڑ، گھر اور کاروبار میں کشادگی، اعمال سفلیہ کے رَد، جنات کی شرارتوں سے حفاظت، رشتوں کی بندش دور کرنے کیلئے مجرب ترین نقش ہے۔ دفع نحوستِ سیارگان اور نظرات مخالف کواکب کے لیے مخصوص رنگ کے کاغذ پر مخصوص سیاہی سے تیار کیا گیا ہے۔ عاملین اس حرز کو ہانڈی اور کڑاہی والے اعمال میں بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

حرز دافع البلیات استعمال کرنے کی مختلف تراکیب نقش کے ساتھ موجود ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس نقش کے استعمال کے بعد جملہ تمام مسائل کے لیے عاملین حضرات کو کسی اور نقش یا عمل کی حاجت نہیں رہے گی۔

0346-4312272, 042-35410586

روحانی دکان دارالعمل حشتیہ

ruhanishop

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

تاریخ _____ جون 2020ء

نام _____ والد _____

والدہ _____ مکمل پتہ _____

_____

موبائل نمبر _____

Email (اگر ہو) _____

مطلوبہ اعمال _____

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

042-35410586 | 0333-7772775

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

تاریخ _____ جون 2020ء

نام _____ والد _____

والدہ _____ مکمل پتہ _____

_____

موبائل نمبر _____

Email (اگر ہو) _____

مطلوبہ تعویذات _____

نوٹ علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ کوپن کے بغیر تعویذات بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

042-35410586 | 0324-7772772

Whatsapp +92-322-4773786
darulamal.org/magazines/ruhani

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تا کہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جا سکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جا سکے۔ آپ بغیر نقصان اور رجعت کے کئی اعمال کے عامل بن سکتے ہیں۔

چاند گرہن آغاز 5 جون رات 22:45۔ اختتام 6 جون رات 02:04۔

سورج گرہن آغاز 21 جون صبح 08:45۔ اختتام 21 جون دوپہر 14:34۔

نورانی اعمال

- حصارِ خاص
- حصارِ قرآنی کبیر
- دعائے حیدری
- سات سلام
- آیت شفاء
- منزل کا عمل
- سورۃ اخلاص
- سورۃ جن
- سورۃ قریش
- اَفَحَسِبْتُمْ کے عمل کے عامل بنیں

علوی نورانی اعمال

- عمل باندھ جادو
- عمل عصائے کلیم اللہ
- مندرہ شاہ علی
- مندرہ کبیر
- نورانی مندرہ

خاص خاص اعمال

- بکرے والا عمل
- سری والا عمل
- تھیلی والا عمل
- اونٹ کی ہڈی والا عمل

علوی اعمال

- چہل کاف 2
- چہل کاف 3
- چہل کاف 4
- قصیدہ غوثیہ
- عمل حب خاص 1
- عمل حب خاص 2
- عمل واپسی سحر 1
- عمل واپسی سحر 2

باموکل اعمال

باموکل اعمال کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان میں سخت پرہیز کے ساتھ چلہ کشی کرنا اور پھر تھوڑی سی غلطی پر رجعت اور نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ باموکل اعمال کرنے کے لیے گرہن کا وقت ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ بغیر کسی نقصان و رجعت کے عمل کریں۔

- آیت الکرسی باموکل
- آیت قطب باموکل
- چہل کاف باموکل
- سورۃ اخلاص باموکل 1
- سورۃ اخلاص باموکل 2
- سورۃ مزمل باموکل
- سورۃ یٰسین باموکل
- سورۃ فیل باموکل
- سورۃ جن باموکل
- سورۃ کوثر باموکل
- سلام قولا من رب رحیم باموکل
- حسبنا اللہ و نعم الوکیل باموکل
- بسم اللہ باموکل
- اللہ الصمد باموکل
- آیت کریمہ باموکل

نوٹ ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے باموکل اور خاص خاص اعمال ہیں جو عاملین حضرات کر سکتے ہیں۔

Darsgah Ruhani Whatsapp +92 333 7772775 darulamal.org/ruhanidarsgah

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
روحانی درسگاہ دار العمل حشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

Monthly
Khazina-e-Ruhaniyaat CPL # 288

ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور

عنقریب آپ ہمارے آن لائن
سٹور سے گھر بیٹھے خریداری کر
سکیں گے۔ان شاءاللہ

Aarfi Perfumes
عارفی پرفیومز
LAHORE - PAKISTAN

العارفی پرفیومز

عطورات

پرفیومز

بخورات

بخوردان

اگربتیاں

ایئرفریشنرز

باڈی سپرے